بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# بکھرے موتی (جلدِ اوّل)

## ① اسلام کی محنت

اسلام حق ہے اس کی محنت کے لئے چار ماہ مانگتے ہیں اس کے لئے چار لائن کی محنت ہے۔

❶...... سننے کی محنت: تعلیم ❷...... بولنے کی محنت: دعوت

❸...... سوچنے کی محنت: ذکر ❹...... مانگنے کی محنت: دُعاء

ایمان مجاہدہ سے پکے گا...... دعوت دینے سے بنے گا...... ہجرتِ سفر سے پھیلے گا...... حقوق العباد کی ادائیگی سے بچے گا۔ (مولانا احمد لاٹ صاحب اجتماع بھوپال)

## ② داعی اپنی اجتماعی فکروں کے ساتھ انفرادی نیکیاں بھی کرتا رہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے آج روزہ کس نے رکھا ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم میں سے آج کس نے کسی بیمار کی عیادت کی ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میں نے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم میں سے آج کون جنازہ میں شریک ہوا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ میں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا آج کس نے کسی مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میں نے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو آدمی ایک دن میں یہ سارے کام کرے گا وہ جنت میں ضرور جائے گا۔ (حیاۃ الصحابہ: جلد۲ صفحہ ۶۲۸)

## ③ امر بالمعروف، نہی عن المنکر کی عجیب فضیلتیں

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے لوگ نہ بتلاؤں جو نہ نبی ہوں گے اور نہ شہید، لیکن ان کو اللہ کے وہاں اتنا اونچا مقام ملے گا کہ قیامت کے دن نبی اور شہید بھی اُنہیں دیکھ کر خوش ہوں گے اور وہ نور کے خاص منبروں پر ہوں گے، اور پہچانے جائیں گے، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پوچھا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کون لوگ ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے بندوں کو اللہ کا محبوب بناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو اس کے بندوں کا محبوب بناتے ہیں اور لوگوں کے خیر خواہ بن کر زمین پر پھرتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا یہ بات تو سمجھ میں آتی

ہے کہ وہ اللہ کو اس کے بندوں کا محبوب بنائیں، لیکن یہ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ وہ اللہ کے بندوں کو اللہ کا محبوب کیسے بنائیں گے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لوگ اللہ کے بندوں کو ان کاموں کا حکم دیں گے جو کام اللہ کو محبوب اور پسند ہیں اور ان کاموں سے روکیں گے جو اللہ کو پسند نہیں ہیں۔ وہ بندے جب ان کی بات مان کر اللہ کے پسندیدہ کام کرنے لگ جائیں تو یہ بندے اللہ کے محبوب بن جائیں گے۔ (حیاۃ الصحابہ: جلد۲ صفحہ ۸۰۵)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ! امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نیک لوگوں کے اعمال کے سردار ہیں ان دونوں کو کب چھوڑ دیا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا جب تم میں وہ خرابیاں پیدا ہو جائیں گی جو بنی اسرائیل میں پیدا ہوئی تھیں۔

میں نے پوچھا یا رسول اللہ! بنی اسرائیل میں کیا خرابیاں پیدا ہوگئی تھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا جب تمہارے نیک لوگ دُنیا کی وجہ سے فاجر لوگوں کے سامنے دینی معاملات میں نرمی برتنے لگیں، اور دینی علم بدترین لوگوں میں آ جائے اور بادشاہت چھوٹوں کے ہاتھ لگ جائے تو پھر اس وقت تم زبردست فتنہ میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ تم فتنوں کی طرف چلو گے اور فتنے بار بار تمہاری طرف آئیں گے۔ (حیاۃ الصحابہ: جلد۲ صفحہ ۸۰۶)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تم اپنے رب کی طرف سے ایک واضح راستہ پر رہو گے جب تک تم میں دو نشے ظاہر نہ ہو جائیں۔ ایک جہالت کا نشہ ——— دوسرا زندگی کی محبت کا نشہ۔

اور تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو گے اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرتے رہو گے لیکن جب دُنیا کی محبت تم میں ظاہر ہو جائے گی تو پھر تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہیں کر سکو گے، اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد نہ کر سکو گے، اس زمانے میں قرآن اور حدیث کو بیان کرنے والے ان مہاجرین اور انصار کی طرح ہوں گے جو شروع میں اسلام لائے تھے۔ (حیاۃ الصحابہ: جلد۲ صفحہ ۸۰۵)

## ④ نظرِ بد دور کرنے کا وظیفہ

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نظر بد دور کرنے کا ایک خاص وظیفہ حضور اکرم ﷺ کو سکھایا اور فرمایا کہ حضرت حسن و حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر پڑھ کر دم کیا کرو۔

ابن عساکر میں ہے کہ جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس تشریف لائے آپ ﷺ اس وقت غمزدہ تھے۔ سبب پوچھا تو فرمایا حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو نظر لگ گئی ہے۔ فرمایا یہ سچائی کے قابل چیز ہے نظر واقعی لگتی ہے۔ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور ﷺ نے پوچھا وہ کلمات کیا ہے؟ فرمایا: یوں کہو:

"اَللّٰهُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِيْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِيْمِ ذَا الْوَجْهِ الْكَرِيْمِ وَلِيَّ الْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْيُنِ الْاِنْسِ."

حضور ﷺ نے یہ دُعا پڑھی، وہیں دونوں بچے اُٹھ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگو! اپنی جانوں کو، اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اسی پناہ کے ساتھ پناہ دیا کرو، اس جیسی اور کوئی پناہ

کی دُعاء نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر: جلد ۵ صفحہ ۴۱۶)

## ۵ اللہ کے راستے میں قرآن پڑھنے کی ایک خاص فضیلت

مسند احمد میں ہے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک ہزار آیتیں پڑھیں وہ ان شاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالحوں کے ساتھ لکھا جائے گا۔ (تفسیر ابن کثیر: جلد ا صفحہ ۵۹۷)

اگر ہم اللہ تعالیٰ کے راستے میں ایک چلہ میں سورۃ یٰسین کی روزانہ تلاوت کریں تو ان شاء اللہ یہ فضیلت ہمیں بھی حاصل ہو جائے گی۔

## ۶ تہجد کے وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے نداء

میں نور کے تڑکے میں جس وقت اٹھا سو کر!
اللہ کی رحمت کے دروازے کھلے پائے!
آتی تھی صدا پیہم جو مانگنے والا ہو!
ہاتھ اپنی عقیدت سے آگے میرے پھیلائے!
جو رزق کا طالب ہو میں رزق اُسے دوں گا!
جو طالب جنت ہو جنت کی طلب لائے!
جس جس کو گناہوں سے بخشش کی تمنا ہو!
وہ اپنے گناہوں کی کثرت سے نہ گھبرائے!
وہ مائلِ توبہ ہو میں مائلِ بخشش ہوں!
میں رحم سے بخشوں گا وہ شرم سے پچھتائے!
یہ سن کے ہوئے جاری آنکھوں سے میری آنسوں!
قسمت ہے محبت میں رونا جسے آجائے!
آقائے گدا پرور! سائل ہوں تیرے در پر!
میں اور تو کیا مانگوں تو ہی مجھے مل جائے!

## ۷ ایمان اور اسلام کی اللہ کے یہاں قدر ہے، ہر دس سال پر مؤمنِ کامل کا بھاؤ اور قیمت بڑھتی ہے، اور مؤمن کا درجہ اللہ کے یہاں بڑھتا رہتا ہے

مسندِ احمد اور مسندِ ابویعلی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بچہ جب تک بالغ نہیں ہوتا اس کے نیک عمل اس کے والد یا والدین کے حساب میں لکھے جاتے ہیں اور جو کوئی برا عمل کرے تو وہ نہ اس کے حساب میں لکھا جاتا ہے نہ والدین کے۔

پھر جب وہ بالغ ہو جاتا ہے تو قلم حساب اس کے لئے جاری ہو جاتا ہے اور دو فرشتے جو اس کے ساتھ رہنے والے ہیں

ان کو حکم دے دیا جاتا ہے کہ اس کی حفاظت کریں اور قوت بہم پہنچائیں، جب حالتِ اسلام میں چالیس سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو (تین قسم کی بیماریوں سے) محفوظ کر دیتے ہیں: جنون، جذام اور برص سے۔

جب پچاس سال کی عمر کو پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب ہلکا کر دیتے ہیں، جب ساٹھ سال کو پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنی طرف رجوع کی توفیق دیتے ہیں، جب ستر سال کو پہنچتا ہے تو سب آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں، اور جب اسی سال کو پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حسنات کو لکھتے ہیں اور سیئات کو معاف فرما دیتے ہیں۔

پھر جب نوے سال کی عمر ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے سب اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دیتے ہیں۔ اور اس کو اپنے گھر والوں کے معاملے میں شفاعت کرنے کا حق دیتے ہیں اور اس کی شفاعت قبول فرماتے ہیں اور اس کا لقب "اَمِیْنُ اللّٰه" اور "اَسِیْرُ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ" (یعنی اللہ کا معتمد اور زمین میں اللہ کا قیدی) ہو جاتا ہے۔

کیونکہ اس عمر میں پہنچ کر عموماً انسان کی قوت ختم ہو جاتی ہے، کسی چیز میں لذت نہیں رہتی، قیدی کی طرح عمر گزارتا ہے اور جب ارذلِ عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اس کے تمام وہ نیک عمل نامۂ اعمال میں برابر لکھے جاتے ہیں جو اپنی صحت وقوت کے زمانے میں کیا کرتا تھا اور اگر اس سے کوئی گناہ ہو جاتا ہے تو وہ لکھا نہیں جاتا (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۴۰۹، ۴۱۰، معارف القرآن جلد ۱ صفحہ ۲۳۰)

## ⑧ خدا کی قدرت

ابن ابی حاتم کی مرفوع حدیث میں ہے کہ مجھے اجازت دی گئی ہے کہ میں تمہیں عرش کے اُٹھانے والے فرشتوں میں سے ایک فرشتے کی نسبت خبر دوں کہ اُس کی گردن اور کان کے نیچے تک کی لو کے درمیان اتنا فاصلہ ہے کہ اُڑنے والا پرندہ سات سو سال تک اُڑتا چلا جائے، اس کی اسناد بہت عمدہ ہے اور اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۵ صفحہ ۴۲۰)

## ⑨ حضور اکرم ﷺ کا اپنے ساتھیوں کے ساتھ معاملہ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضور ﷺ ایک گھر میں تھے جو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھرا ہوا تھا حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازے پر کھڑے ہوئے اُنہیں دیکھ کر حضور ﷺ نے دائیں بائیں جانب دیکھا آپ کو بیٹھنے کی جگہ نظر نہ آئی، حضور ﷺ نے اپنی چادر اُٹھائی اور اُسے لپیٹ کر حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پھینک دیا اور فرمایا اس پر بیٹھ جاؤ۔

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چادر لے کر اپنے سینے سے لگا لی اور اُسے چوم کر حضور ﷺ کی خدمت میں واپس کر دیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ آپ کا ایسے اکرام فرمائے جیسے آپ نے میرا اکرام فرمایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا جب تمہارے پاس کسی قوم کا قابلِ احترام آدمی آئے تو تم اُس کا اکرام کرو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۵۶۳)

## ⑩ مخصوص اعمال جو مخصوص مصیبتوں سے نجات دلاتے ہیں

ابوعبداللہ حکیم ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب نوادر الاصول میں یہ بات ذکر کی ہے کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جماعت کے پاس آکر حضور ﷺ نے مدینہ کی مسجد میں فرمایا کہ گزشتہ رات میں نے عجیب باتیں دیکھیں۔

دیکھا کہ میرے ایک امتی کو عذابِ قبر نے گھیر رکھا ہے آخر اُس کے وضو نے آکر اسے چھڑا لیا ـــــ میں نے ایک

امتی کو دیکھا کہ شیطان اُسے وحشی بنائے ہوئے ہیں لیکن ذکر اللہ نے آ کر اسے خلاصی دلوائی ـــــ ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب کے فرشتوں نے اسے گھیر رکھا ہے، اس کی نماز نے آ کر اسے بچا لیا ـــــ ایک امتی کو دیکھا کہ پیاس کے مارے ہلاک ہو رہا ہے، جب حوض پر جاتا ہے دھکے لگتے ہیں اس کا روزہ آیا اور اُس نے اُسے پانی پلا دیا اور آسودہ کر دیا ـــــ آپ ﷺ نے ایک امتی کو دیکھا کہ انبیاء حلقے باندھ باندھ کر بیٹھے ہیں۔ یہ جس حلقے میں بیٹھنا چاہتا ہے وہاں والے اسے اٹھا دیتے ہیں اسی وقت اس کا غسلِ جنابت آیا؛ وراس کا ہاتھ پکڑ کر میرے پاس بٹھایا ـــــ ایک امتی کو دیکھا کہ چاروں طرف سے اُسے اندھیرا گھیرے ہوئے ہے اور اوپر نیچے سے بھی وہ اسی میں گھرا ہوا ہے کہ اس کا حج اور عمرہ آیا اور اسے اس اندھیرے میں سے نکال کر نور میں پہنچا دیا ـــــ ایک امتی کو دیکھا کہ وہ مؤمنوں سے کلام کرنا چاہتا ہے لیکن وہ اس سے بولتے نہیں اسی وقت صلہ رحمی آئی اور اعلان کیا کہ اس سے بات چیت کرو۔ چنانچہ وہ بات چیت کرنے لگے ـــــ ایک اور امتی کو دیکھا کہ وہ اپنے منہ پر سے آگ کے شعلے ہٹانے کو ہاتھ بڑھا رہا ہے، اتنے میں اس کی خیرات آئی اور اس کے منہ پر پردہ اور اوٹ ہوگئی اور اس کے سر پر سایہ بن گئی۔

اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب کے فرشتوں نے اُسے ہر طرف سے قید کر لیا ہے لیکن اس کا نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنا آیا اور ان کے ہاتھوں سے اسے چھڑا کر رحمت کے فرشتوں سے ملا دیا ـــــ اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ گھٹنوں کے بل گرا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے درمیان حجاب ہے اس کے اچھے اخلاق آئے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچا آئے ـــــ اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ اس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں طرف سے آ رہا ہے لیکن اس کے خوفِ خدا نے آ کر اُسے اس کے سامنے کر دیا ـــــ اپنے ایک امتی کو میں نے جہنم کے کنارے کھڑا دیکھا، اسی وقت اس کا اللہ سے کپکپانا آیا اور اسے جہنم سے بچا لے گیا۔

میں نے اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ اسے اوندھا کر دیا گیا ہے تا کہ جہنم میں ڈال دیا جائے لیکن اسی وقت خوفِ خدا سے اس کا رونا آیا اور ان آنسوؤں نے اسے بچا لیا ـــــ میں نے ایک امتی کو دیکھا کہ پل صراط پر لڑھکنیاں کھا رہا ہے کہ اس کا مجھ پر درود پڑھنا آیا اور ہاتھ تھام کر سیدھا کر دیا اور وہ پار اتر گیا ـــــ ایک کو دیکھا کہ جنت کے دروازے پر پہنچا، لیکن دروازہ بند ہو گیا اسی وقت لا الٰہ الا اللہ کی شہادت پہنچی، دروازے کھلوا دیئے اور اسے جنت میں پہنچا دیا۔

قرطبی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی اس حدیث کو ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بہت بڑی ہے اس میں ان مخصوص اعمال کا ذکر ہے جو مخصوص مصیبتوں سے نجات دلوانے والے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۷۱، ۷۲)

## ⓫ قرآن کریم کی ایک خاص آیت عزت دلانے والی

امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے مسند میں نیز طبرانی نے عمدہ سند کے ساتھ حضرت معاذ جہنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول ﷺ فرما رہے تھے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿﴾﴾ (سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت)

تَرْجَمَۃ: ''تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کیلئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں

شریک ہے، اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے، اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے“ (بیان القرآن)
یہ آیت، آیتِ عزت ہے۔ (تفسیر مظہری جلد ۷ صفحہ ٦٦)

## ⑫ کون سی مخلوق کون سے دن پیدا کی گئی

صحیح مسلم اور نسائی میں حدیث ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: مٹی کو اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن پیدا کیا، اور پہاڑوں کو اتوار کے دن، اور درختوں کو پیر کے دن، اور برائیوں کو منگل کے دن، اور نور کو بدھ کے دن، اور جانوروں کو جمعرات کے دن، اور آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن، عصر کے بعد جمعہ کی آخری ساعت میں عصر کے بعد سے رات تک کے وقت میں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ا صفحہ ١٠٦)

## ⑬ اللہ تعالیٰ کے لئے ایک درہم خرچ کرو اور اللہ کے خزانے سے دس درہم لو

حضرت عبید اللہ بن محمد بن عائشہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ ایک سائل امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آکر کھڑا ہوا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ اپنی والدہ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ میں نے آپ کے پاس چھ درہم رکھوائے تھے اُن میں سے ایک درہم دے دو، وہ گئے اور انہوں نے واپس کر کہا امی جان کہہ رہی ہیں وہ چھ درہم تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آٹے کے لئے رکھوائے تھے۔
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کسی بھی بندے کا ایمان اس وقت تک سچا ثابت نہیں ہوسکتا جب تک کہ اس کو جو چیز اس کے پاس ہے اس سے زیادہ اعتماد اس چیز پر نہ ہو جائے جو اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں ہے۔ اپنی والدہ سے کہو کہ چھ درہم بھیج دیں، چنانچہ انہوں نے چھ درہم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھجوا دیئے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سائل کو دے دیئے۔

راوی کہتے ہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی نشست بھی نہیں بدلی تھی کہ اتنے میں ایک آدمی ان کے پاس سے ایک اونٹ لئے گزرا جسے وہ بیچنا چاہتا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اونٹ کتنے میں دو گے؟ اس نے کہا ایک سو چالیس درہم میں۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اسے یہاں باندھ دو البتہ اس کی قیمت کچھ عرصے بعد دیں گے۔
وہ آدمی اونٹ وہاں باندھ کر چلا گیا۔ تھوڑی دیر میں ایک آدمی آیا اور اس نے کہا یہ اونٹ کس کا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میرا۔ اس آدمی نے کہا، کیا آپ اسے بیچیں گے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہاں، اس آدمی نے کہا، کتنے میں؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا دو سو درہم میں، اس نے کہا میں نے اس قیمت میں یہ اونٹ خرید لیا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دو سو درہم دے کر وہ اونٹ لے گیا۔
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس آدمی سے اونٹ اُدھار خریدا تھا اسے ایک سو چالیس درہم دیئے اور باقی ساٹھ درہم لا کر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دیئے انہوں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا یہ وہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ہم سے وعدہ کیا ہے۔

﴿مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا﴾ (سورہ انعام: آیت ١٦٠)
ترجمہ: ”جو شخص نیک کام کرے گا اس کو اس کے دس حصے ملیں گے۔“ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۳۰۲)

## ⑭ غمگین کے کان میں اذان دینا

جو شخص کسی رنج وغم میں مبتلاء ہو اس کے کان میں اذان دینے سے اس کا رنج وغم دور ہوتا ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے غمگین دیکھ کر فرمایا: ابن ابی طالب! میں تمہیں غمگین دیکھ رہا ہوں؟ میں نے کہا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا کہ:

"فَمُرْ بَعْضَ اَهْلِكَ يُؤَذِّنْ فِيْ اُذُنِكَ فَاِنَّهٗ دَوَاءٌ لِلْهَمِّ"

ترجمہ: "تم اپنے گھر والوں میں سے کسی سے کہو کہ وہ تمہارے کان میں اذان دے کیونکہ یہ غم کا علاج ہے۔"

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ عمل کیا تو میرا غم دُور ہوگیا، اسی طرح اس حدیث کے تمام راویوں نے اس کو آزما کر دیکھا تو سب نے اس کو مجرب پایا۔ (کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۶۵۸)

## ⑮ بداخلاق کے کان میں اذان دینا

جس کی عادت خراب ہو جائے، خواہ انسان ہو یا جانور اس کے کان میں بھی اذان دی جائے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

"مَنْ سَآءَ خُلُقُهٗ مِنْ اِنْسَانٍ اَوْ دَابَّةٍ فَاَذِّنُوْا فِيْ اُذُنِهٖ." (رواہ الدیلمی، مرقات شرح مشکوٰۃ جلد ۲ صفحہ ۱۴۹)

ترجمہ: "جو بداخلاق ہو جائے، خواہ انسان ہو یا چوپایہ اس کے کان میں اذان دو۔"

## ⑯ شیطان کے پریشان کرنے اور ڈرانے کے وقت اذان کہنا

جب شیطان کسی کو پریشان کرے اور ڈرائے اس وقت بلند آواز سے اذان کہنی چاہئے، کیونکہ شیطان اذان سے بھاگتا ہے، حضرت سہیل بن ابی صالح کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بنو حارثہ کے پاس بھیجا، اور میرے ہمراہ ایک بچہ یا ساتھی تھا۔ دیوار کی طرف سے کسی پکارنے والے نے اس کا نام لے کر آواز دی، اور اس شخص نے جو میرے ہمراہ تھا دیوار کی طرف دیکھا تو اس کو کوئی چیز نظر نہیں آئی، پھر میں نے اپنے والد صاحب سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: اگر مجھے پتہ ہوتا کہ تمہیں یہ بات پیش آئے گی تو میں تم کو نہ بھیجتا:

"وَلٰكِنْ اِذَا سَمِعْتَ صَوْتًا فَنَادِ بِالصَّلٰوةِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلٰوةِ وَلّٰى وَلَهٗ حُصَاصٌ." (مسلم شریف جلد ۱ صفحہ ۱۶۷)

ترجمہ: "لیکن (یہ بات یاد رکھو کہ) جب تم کوئی آواز سنو تو بلند آواز سے اذان کہو، کیونکہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور اکرم ﷺ کی یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ جب اذان کہی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے۔"

## ⑰ غولِ بیابانی (بھوتوں) کو دیکھ کر اذان کہنا

اگر کوئی شخص بھوت پریت دیکھے تو اس کو بلند آواز سے اذان کہنی چاہئے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

"اِذَا تَغَوَّلَتْ لَكُمُ الْغِيْلَانُ فَأَذِّنُوْا." (مصنف عبدالرزاق جلد۵ صفحہ۱۶۳)

ترجمہ: "جب تمہارے سامنے بھوت پریت مختلف شکلوں میں نمودار ہوں تو اذان کہو۔"

## (۱۸) اذان کے چند اور مواقع

مذکورہ مواقع کے علاوہ اذان کے درجِ ذیل مواقع بھی بزرگوں نے ذکر کیے ہیں:

❶ آگ لگنے کے وقت۔
❷ کفار سے جنگ کرنے کے وقت۔
❸ غصہ کے وقت۔
❹ جب مسافر راستہ بھول جائے۔
❺ اور جب کسی کو مرگی کا دورہ پڑے۔

لہٰذا علاج اور عمل کے طور پر ان مواقع میں اذان کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ امداد الفتاویٰ میں ہے۔ ان مواقع میں اذان سنت ہے۔

❶ فرض نماز (کے لئے)
❷ بچہ کے کان میں وقتِ ولادت
❸ آگ لگنے کے وقت
❹ جنگِ کفار کے وقت
❺ مسافر کے پیچھے جب شیاطین ظاہر ہو کر ڈرائیں
❻ غم کے وقت
❼ غضب کے وقت
❽ جب مسافر راہ بھول جائے
❾ جب کسی کو مرگی آوے
❿ جب کسی آدمی یا جانور کی بدخلقی ظاہر ہو۔

اس کو صاحبِ ردالمختار نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ (امداد الفتاویٰ جلد۱ صفحہ۱۶۵)

## (۱۹) ہر انسان کے ساتھ چوبیس گھنٹوں میں بیس فرشتے رہتے ہیں

تفسیر ابن جریر میں وارد ہوا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ فرمایئے! بندے کے ساتھ کتنے فرشتے ہوتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک تو دائیں جانب نیکیوں کا لکھنے والا جو بائیں جانب والے پر امیر ہے، جب تو کوئی نیکی کرتا ہے وہ ایک کے بجائے دس لکھتا ہے۔

جب تو کوئی برائی کرے تو بائیں والا دائیں والے سے اس کے لکھنے کی اجازت طلب کرتا ہے وہ کہتا ہے ذرا ٹھہر جاؤ، شاید توبہ واستغفار کرے۔ تین مرتبہ وہ اجازت مانگتا ہے تب بھی اگر اس نے توبہ نہ کی تو یہ نیکی کا فرشتہ اس سے کہتا ہے اب لکھ لے۔ (اللہ ہمیں اس سے چھڑائے) یہ تو بڑا برا ساتھی ہے، اسے اللہ کا لحاظ نہیں یہ اس سے نہیں شرماتا۔

اللہ کا فرمان ہے کہ انسان جو بات زبان پر لاتا ہے اس پر نگہبان متعین اور مہیا ہے اور دو فرشتے تیرے آگے پیچھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ﴾ (سورۃ الرعد: آیت۱۱)

ترجمہ: "ہر شخص (کی حفاظت) کے لئے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے، کچھ اس کے آگے کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خداوندی اس کی حفاظت کرتے ہیں۔" (بیان القرآن)

اور ایک فرشتہ تیرے ماتھے کے بال تھامے ہوئے ہے جب تو اللہ کے لئے تواضع اور فروتنی کرتا ہے وہ تجھے بلند درجہ کر دیتا ہے اور جب تو اس کے سامنے سرکشی اور تکبر کرتا ہے وہ تجھے پست اور عاجز کر دیتا ہے، اور دو فرشتے تیرے ہونٹوں پر ہیں۔ جو درود تو مجھ پر پڑھتا ہے اس کی وہ حفاظت کرتے ہیں۔ ایک فرشتہ تیرے منہ پر کھڑا ہے کہ کوئی سانپ وغیرہ جیسی چیز تیرے حلق میں نہ چلی جائے، اور دو فرشتے تیری آنکھوں پر ہیں۔ یہ دس فرشتے ہر بنی آدم کے ساتھ ہیں۔ پھر دن کے الگ ہیں اور رات کے الگ ہیں، یوں ہر شخص کے ساتھ بیس (۲۰) فرشتے من جانب اللہ مؤکل ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۲)

## (۲۰) معمولی اکرامِ مسلم پر سارے گناہ معاف

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھ کر انہوں نے وہ تکیہ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے رکھ دیا حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا! اے ابوعبداللہ! اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمان ذرا ہمیں بھی سنائیں! حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ایک مرتبہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تکیہ میرے لئے رکھ دیا۔ پھر مجھ سے فرمایا: اے سلمان! جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے پاس جاتا ہے اور وہ میزبان اس کے اکرام کے لئے تکیہ رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت ضرور فرما دیتے ہیں۔

(حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۵۶۱)

## (۲۱) بری موت سے بچنے کا ایک نبوی نسخہ

حضرت عثمان رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بینائی جا چکی تھی انہوں نے اپنی نماز کی جگہ سے لے کر اپنے کمرے کے دروازے تک ایک ایسی رسی باندھ رکھی تھی جب دروازے پر کوئی مسکین آتا تو اپنے ٹوکرے میں سے کچھ لیتے اور رسی کو پکڑ کر دروازے تک جاتے اور خود اپنے ہاتھ سے اس مسکین کو دیتے۔ گھر والے ان سے کہتے آپ کی جگہ ہم جا کر مسکین کو دے آتے ہیں، وہ فرماتے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسکین کو اپنے ہاتھ سے دینا بری موت سے بچاتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۲۳۴)

## (۲۲) متکبر کی طرف اللہ تعالیٰ نظرِ رحمت سے نہیں دیکھتے

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: میں نے ایک مرتبہ اپنی نئی قمیص پہنی، میں اسے دیکھ کر خوش ہونے لگی وہ مجھے بہت اچھی لگ رہی تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا دیکھ رہی ہو؟ اس وقت اللہ تمہیں (نظرِ رحمت سے) نہیں دیکھ رہے ہیں، میں نے کہا یہ کیوں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ جب دنیا کی زینت کی وجہ سے بندہ میں عجب (خود کو اچھا سمجھنا) پیدا ہو جاتا ہے تو جب تک وہ بندہ زینت چھوڑ نہیں دیتا اس وقت تک اس کا رب اس سے ناراض رہتا ہے۔

حضرت عائشہ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا فرماتی ہیں: میں نے وہ قمیض اتار کر اسی وقت صدقہ کر دی تو حضرت ابوبکر رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ نے فرمایا شاید یہ صدقہ تمہارے اس عجب کے گناہ کا کفارہ ہو جائے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۲۹۹)

## (۲۳) بیوی کے منہ میں لقمہ دینے پر صدقہ کا ثواب

حضرت سعد بن ابی وقاص رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ فرماتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع والے سال میں بہت زیادہ بیمار ہو گیا تھا، جب حضور اقدس صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ میری عیادت کے لئے تشریف لائے تو میں نے کہا میری بیماری زیادہ ہو گئی ہے اور میں مالدار آدمی ہوں اور میرا اور کوئی وارث نہیں ہے صرف ایک بیٹی ہے تو کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کر دوں؟

حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا نہیں، میں نے کہا آدھا مال صدقہ کر دوں؟ حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: نہیں، میں نے کہا کہ تہائی مال صدقہ کر دوں، آپ نے فرمایا: ہاں تہائی مال صدقہ کر دو اور تہائی بھی بہت ہے، تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑ کر جاؤ یہ اس سے بہتر ہے کہ تم ان کو فقیر چھوڑ کر جاؤ، اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں، اور تم جو بھی خرچہ اللہ کی رضا کے لئے کرو گے اس پر تمہیں اللہ کی طرف سے اجر ضرور ملے گا حتیٰ کہ تم جو لقمہ اپنی بیوی کے منہ میں ڈالو گے اس پر بھی اجر ملے گا۔

میں نے کہا یا رسول اللہ! مجھے تو ایسا لگ رہا ہے کہ اور مہاجرین تو آپ کے ساتھ مکہ سے واپس چلے جائیں گے، میں یہاں ہی مکہ میں رہ جاؤں گا اور میرا انتقال یہاں مکہ میں ہو جائے گا، اور چونکہ میں مکہ سے ہجرت کر کے گیا تھا تو میں اب یہ نہیں چاہتا کہ میرا یہاں انتقال ہو۔ حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: نہیں تمہاری زندگی لمبی ہوگی (اور تمہارا اس مرض میں یہاں انتقال نہ ہوگا) اور تم جو بھی نیک عمل کرو گے اس سے تمہارا درجہ بھی بلند ہوگا اور تمہاری عزت میں بھی اضافہ ہوگا اور تمہارے ذریعے سے اسلام کا اور مسلمانوں کا بہت فائدہ ہوگا اور دوسروں کا بہت نقصان ہوگا (چنانچہ عراق کے فتح ہونے کا یہ ذریعہ بنے)۔

اے اللہ! میرے صحابہ کرام رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ کی ہجرت کو آخر تک پہنچا (درمیان میں مکہ میں فوت ہونے سے ٹوٹنے نہ پائے) اور (مکہ میں موت دے کر) انہیں ایڑیوں کے بل واپس نہ کر۔ ہاں قابلِ رحم سعد بن خولہ ہے (کہ وہ مکہ سے ہجرت کر کے گئے تھے اور اب یہاں فوت ہو گئے ہیں ان کے مکہ میں فوت ہونے کی وجہ سے حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو ان پر ترس آ رہا تھا)۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۶۲۵)

## (۲۴) سلفِ صالحین کی اپنے دوستوں کو تین نصیحتیں

❶ "مَنْ عَمِلَ لِآخِرَتِهِ كَفَاهُ اللّٰهُ اَمْرَ دُنْيَاهُ"

تَرْجَمَۃ: "جو آدمی آخرت کے کاموں میں لگ جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دنیا کے کاموں کی ذمہ داری لے لیتے ہیں۔"

❷ "وَمَنْ اَصْلَحَ سَرِيْرَتَهٗ اَصْلَحَ اللّٰهُ عَلَانِيَتَهٗ."

تَرْجَمَۃ: "جو شخص اپنے باطن کو صحیح کر لے اللہ اس کے ظاہر کو صحیح فرما دیتے ہیں۔"

❸ "وَمَنْ اَصْلَحَ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ اَصْلَحَ اللّٰهُ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّاسِ."

تَرْجَمَۃ: "جو اللہ سے اپنا معاملہ صحیح کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور مخلوق کے درمیان کے معاملات کو صحیح کر

دیتے ہیں۔'' (معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۶۷۹)

## (۲۵) حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا تقویٰ

حضرت ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ) سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ بازار سے گزرے، ان کے ہاتھ میں کوڑا بھی تھا، انہوں نے آہستہ سے وہ کوڑا مجھے مارا جو میرے کپڑے کے کنارے کو لگ گیا اور فرمایا، راستہ سے ہٹ جاؤ۔ جب اگلا سال آیا تو آپ کی مجھ سے ملاقات ہوئی، مجھ سے کہا اے سلمہ! کیا تمہارا حج کا ارادہ ہے، میں نے کہا جی ہاں۔

پھر حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لے گئے اور مجھے چھ سو درہم دیئے اور کہا: انہیں اپنے سفرِ حج میں کام میں لے آنا، اور یہ اس ہلکے سے کوڑے کے بدلہ میں ہیں جو میں نے تم کو مارا تھا، میں نے کہا اے امیر المؤمنین! مجھے تو وہ کوڑا یاد بھی نہیں رہا، فرمایا لیکن میں تو اسے نہیں بھولا۔ یعنی میں نے مار تو دیا لیکن سارا سال کھٹکتا رہا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۱۴۵)

## (۲۶) ظالم کے ظلم سے حفاظت کا نبوی نسخہ

حضرت ابورافع رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے (مجبور ہو کر) حجاج بن یوسف سے اپنی بیٹی کی شادی کی، اور بیٹی سے کہا: جب وہ تمہارے پاس اندر آئے تو تم یہ دعا پڑھنا:

''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.''

تَرجَمَہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو حلیم اور کریم ہے، اللہ پاک ہے جو عظیم عرش کا رب ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔''

حضرت عبداللہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے کہا جب حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو کوئی سخت امر پیش آتا تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یہ دعا پڑھتے۔ راوی کہتے ہیں: حضرت عبداللہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بیٹی نے یہ دعا پڑھی جس کی وجہ سے حجاج اس کے قریب نہ آسکا۔

(حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۴۱۲)

## (۲۷) حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو مٹھی بھر کھجوریں دیں اور حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ستائیس سال تک کھاتے کھلاتے رہے، یہ دین کی برکت تھی

حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: اسلام میں مجھ پر تین ایسی بڑی مصیبتیں آئی ہیں کہ ویسی کبھی بھی مجھ پر نہیں آئیں۔ ایک تو حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے وصال کا حادثہ کیونکہ میں آپ کا ہمیشہ ساتھ رہنے والا معمولی سا ساتھی تھا۔ دوسرے حضرت عثمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی شہادت کا حادثہ۔ تیسرے توشہ دان کا حادثہ، لوگوں نے پوچھا اے ابوہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ! توشہ دان کے حادثے کا کیا مطلب؟ فرمایا ہم ایک سفر میں حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ساتھ تھے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اے ابوہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ! تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے کہا توشہ دان میں کچھ کھجوریں ہیں۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: لے آؤ، میں نے کھجوریں نکال کر آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کر دیں۔ آپ

ﷺ نے ان پر ہاتھ پھیرا اور برکت کے لئے دعا فرمائی، پھر فرمایا دس آدمیوں کو بلاؤ، میں دس آدمیوں کو بلا لایا، انہوں نے پیٹ بھر کر کھجوریں کھائیں۔ پھر اسی طرح دس دس آدمی آ کر کھاتے رہے، یہاں تک کہ سارے لشکر نے کھا لیا اور توشہ دان میں پھر بھی کھجوریں بچ رہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوہریرہ! جب تم اس توشہ دان میں سے کھجوریں نکالنا چاہو تو اس میں ہاتھ ڈال کر نکالنا اور اسے الٹانا نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں حضور ﷺ کی ساری زندگی میں اس سے میں سے نکال کر کھاتا رہا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ساری زندگی میں اس میں سے کھاتا رہا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ساری زندگی میں اس میں سے کھاتا رہا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ساری زندگی میں اس میں سے کھاتا رہا پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہو گئے تو میرا سامان بھی لٹ گیا۔ اور وہ توشہ دان بھی لٹ گیا۔ کیا میں آپ لوگوں کو بتا نہ دوں کہ میں نے اس میں کتنی کھجوریں کھائی ہیں؟ میں نے اس میں سے دو سو وسق یعنی ایک ہزار پچاس من سے بھی زیادہ کھجوریں کھائی ہیں۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۳ صفحہ ۱۱۷)

## (۲۸) عمل مختصر اور ثواب و فائدہ زیادہ

امام بغوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سند کے ساتھ اس جگہ ایک حدیث نقل فرمائی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور آل عمران کی دو آیتیں ایک آیت: ﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ﴾ (آیت: ۱۸) آخر تک اور دوسری یہ آیت: ﴿قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ﴾ سے ﴿بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾ (آیت: ۲۶،۲۷) تک پڑھا کرے تو میں اس کا ٹھکانا جنت میں بنا دوں گا اور اس کو اپنے حظیرۃ القدس میں جگہ دوں گا اور ہر روز اس کی طرف ستر مرتبہ نظرِ رحمت کروں گا اور اس کی ستر حاجتیں پوری کروں گا اور ہر حاسد اور دشمن سے پناہ دوں گا، اور ان پر اس کو غالب رکھوں گا۔ (معارف القرآن جلد۲ صفحہ ۴۷)

## (۲۹) حضور ﷺ کے اخلاق

حضور ﷺ ایک بار راستے میں تشریف لے جا رہے تھے، ایک صحابی سے حضور ﷺ کی ملاقات ہوئی تو اس صحابی نے آپ ﷺ کی خدمت میں دو مسواکیں پیش کیں حضور ﷺ نے ان کو بخوشی قبول کیا، ان دو مسواکوں میں سے ایک بالکل سیدھی اور ایک ٹیڑھی تھی،۔۔۔۔ حضور ﷺ کے اخلاق دیکھئے کہ جو سیدھی تھی وہ اپنے ساتھی کو دی اور جو ٹیڑھی تھی وہ آپ ﷺ نے اپنے پاس رکھی۔ (احیاء علوم الدین، غزالی)

## (۳۰) دُعاء

تیری عظمتوں سے ہوں بے خبر — یہ میری نظر کا قصور ہے
تیری رہ گزر میں قدم قدم — کہیں عرش ہے کہیں طور ہے
یہ بجا ہے مالکِ بندگی — میری بندگی میں قصور ہے
یہ خطا ہے میری خطا مگر — تیرا نام بھی تو غفور ہے

یہ بتا کہ تجھ سے ملوں کہاں ۔ مجھے تجھ سے ملنا ضرور ہے
کہیں دِل کی شرط نہ ڈالنا ۔ ابھی دِل نگاہوں سے دور ہے

## (۳۱) حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا اپنے انتقال کے وقت وصیت کرنا

حضرت یحییٰ بن ابی راشد نصری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی وفات کا وقت قریب آیا تو اپنے بیٹے سے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب مجھے موت آنے لگے تو میرے جسم کو (دائیں پہلو کی طرف) موڑ دینا اور اپنے دونوں گھٹنے میری کمر کے ساتھ لگا دینا اور اپنا دایاں ہاتھ میری پیشانی پر اور بایاں ہاتھ میری ٹھوڑی پر رکھ دینا۔ اور جب میری روح نکل جائے تو میری آنکھیں بند کر دینا اور مجھے درمیانی قسم کا کفن پہنانا کیونکہ اگر مجھے اللہ کے ہاں خیر ملی تو پھر اللہ تعالیٰ مجھے اس سے بہتر کفن دے دیں گے۔ اور اگر میرے ساتھ کچھ اور ہوا تو اللہ تعالیٰ اس کفن کو مجھ سے جلدی چھین لیں گے، اور میری قبر درمیانی قسم کی بنانا کیونکہ اگر مجھے اللہ کے ہاں خیر ملی تو پھر قبر کو تا حدِ نگاہ کشادہ کر دیا جائے گا اور اگر معاملہ اس کے خلاف ہوا تو پھر قبر میرے لئے اتنی تنگ کر دی جائے گی کہ میری پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جائیں گی۔

میرے جنازے کے ساتھ کوئی عورت نہ جائے اور جو خوبی مجھ میں نہیں ہے اسے مت بیان کرنا کیونکہ اللہ تعالیٰ مجھے تم لوگوں سے زیادہ جانتے ہیں، اور جب تم میرے جنازے کو لے کر چلو تو تیز چلنا کیونکہ اگر مجھے اللہ کے ہاں سے خیر ملنے والی ہے تو تم مجھے اس خیر کی طرف لے جا رہے ہو۔ (اس لئے جلدی کرو) اور اگر معاملہ اس کے خلاف ہے تو تم ایک شر کو اٹھا کر لے جا رہے ہو اسے اپنی گردن سے جلد اتار دو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۳ صفحہ ۵۲،۵۳)

## (۳۲) حضرت جبرئیل عَلَیْہِ السَّلَام نے حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو پانچ کلمات سکھائے، پھر حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے یہی پانچ کلمات حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کو سکھائے، پھر حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے واسطے سے پوری امت کو ملے

حضرت سوید بن غفلہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کہتے ہیں کہ حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ پر ایک مرتبہ فاقہ آیا تو انہوں نے حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے کہا کہ اگر تم حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں جا کر کچھ مانگ لو تو اچھا ہے۔ چنانچہ حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے پاس گئیں اس وقت حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے پاس حضرت اُمّ ایمن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا موجود تھیں۔ حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے دروازہ کھٹکھٹایا تو حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے حضرت اُمّ ایمن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے فرمایا یہ کھٹکھٹاہٹ تو فاطمہ کی ہے۔ آج اس وقت آئی ہے پہلے تو کبھی اس وقت نہیں آیا کرتی تھی۔ پھر حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا (اندر آگئیں اور انہوں) نے عرض کیا یا رسول اللہ! ان فرشتوں کا کھانا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا ہے ہمارا کھانا کیا ہے؟

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق دے کر بھیجا ہے محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے گھرانے کے کسی گھر میں تیس (۳۰) دن سے آگ نہیں جلی ہمارے پاس چند بکریاں آئی ہیں اگر تم چاہو تو پانچ بکریاں تمہیں دے دوں اور اگر چاہو تو

تمہیں وہ پانچ کلمات سکھا دوں جو حضرت جبرئیل عَلَیْہِ السَّلَام نے مجھے سکھائے ہیں۔

حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے عرض کیا نہیں بلکہ مجھے تو وہی پانچ کلمات سکھا دیں جو آپ کو حضرت جبرئیل عَلَیْہِ السَّلَام نے سکھائے ہیں حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا تم یہ کہا کرو۔

"یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا آخِرَ الْآخِرِیْنَ وَیَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنَ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ."

پھر حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا واپس چلی گئیں۔ جب حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے پاس پہنچیں تو حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے پوچھا کیا ہوا؟ حضرت فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے کہا میں آپ کے پاس دُنیا لینے گئی تھی لیکن وہاں سے آخرت لے کر آئی ہوں، حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے کہا پھر تو یہ دن تمہارا سب سے بہترین دن ہے (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۵۶)

## (۳۳) حضرت علی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے دین کو دنیا پر مقدم کر دیا اور پانچ کلمات حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے سیکھے

حضرت علی بن ابی طالب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے مجھ سے فرمایا: میں تمہیں پانچ ہزار بکریاں دے دوں یا ایسے پانچ کلمات سکھا دوں جن سے تمہارا دین اور دنیا دونوں ٹھیک ہو جائیں، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ پانچ ہزار بکریاں تو بہت زیادہ ہیں۔لیکن آپ مجھے وہ کلمات ہی سکھا دیں۔حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ کہو۔

"اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ وَطَیِّبْ لِیْ کَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا تُذْھِبْ قَلْبِیْ اِلٰی شَیْءٍ صَرَفْتَہٗ عَنِّیْ."

تَرْجَمَۃ: "اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما اور میرا اخلاق وسیع فرما اور میری کمائی کو پاک فرما اور جو روزی تو نے مجھے عطا فرمائی اس پر مجھے قناعت نصیب فرما اور جو چیز تو مجھ سے ہٹا لے اس کی طلب مجھ میں باقی نہ رہنے دے۔" (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۲۰۸)

نوٹ: آج کا مسلمان ہوتا تو کہتا کہ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پانچ ہزار بکریاں بھی دیجئے اور پانچ کلمات بھی سکھائیے۔

## (۳۴) وہ خوش نصیب صحابی جنہیں سجدہ کرنے کے لئے عرش اور کرسی سے بھی افضل جگہ ملی

حضرت ابوخزیمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک خواب میں یہ دیکھا کہ وہ آنحضرت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیشانی پر سجدہ کر رہے ہیں —— یہ خواب ابوخزیمہ نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے ذکر کیا، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم لیٹ گئے اور فرمایا: لو اپنا خواب پورا کر لو، انہوں نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیشانی مبارک کے اوپر سجدہ کر لیا۔ (ترجمان السنۃ جلد ۲ صفحہ ۳۵۸، مشکوۃ صفحہ ۳۹۶)

## (۳۵) دو بیویوں میں انصاف کا عجیب قصہ

حضرت یحیٰی بن سعید رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی دو بیویاں تھیں، ان میں سے جس کی باری کا دن ہوتا اس دن دوسری کے گھر سے وضو نہ کرتے پھر دونوں بیویاں حضرت معاذ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے ساتھ ملک شام گئیں اور وہاں دونوں اکٹھی بیمار ہوئیں۔ اور اللہ کی شان دونوں کا ایک ہی دن میں انتقال ہوا —— لوگ اس دن

بہت مشغول تھے اس لئے دونوں کو ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا۔ حضرت معاذ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے دونوں میں قرعہ ڈالا کہ کس کو قبر میں پہلے رکھا جائے۔

حضرت یحییٰ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی دو بیویاں تھیں جب ایک کے پاس ہوتے تو دوسری کے ہاں سے پانی بھی نہ پیتے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۷۶۹)

## (۳۶) حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی احتیاط

حضرت طاؤس رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو لَبَّیْک پڑھتے ہوئے سنا۔ اس وقت ہم لوگ عرفات میں کھڑے تھے، ایک آدمی نے ان سے پوچھا کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرفات سے کب کوچ فرمایا؟ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا مجھے معلوم نہیں (یہ انہوں نے احتیاط کی وجہ سے فرمایا) لوگ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی اس احتیاط سے بہت حیران ہوئے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۷۶۹)

## (۳۷) مسلمان پر بہتان باندھنے کا عذاب

حضرت علی مرتضیٰ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ جو شخص کسی مؤمن مرد یا عورت کو اس کے فقر و فاقہ کی وجہ سے ذلیل وحقیر سمجھتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کو اولین و آخرین کے مجمع میں رسوا اور ذلیل کریں گے۔ اور جو شخص کسی مسلمان مرد یا عورت پر بہتان باندھتا ہے، اور کوئی ایسا عیب اس کی طرف منسوب کرتا ہے جو اس میں نہیں ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کو آگ کے ایک اونچے ٹیلے پر کھڑا کریں گے جب تک وہ خود اپنی تکذیب نہ کرے۔

(معارف القرآن جلد ۱ صفحہ ۵۰۱)

## (۳۸) خطوط میں بسم اللہ لکھنا جائز ہے یا ناجائز

خط نویسی کی اصل سنت تو یہی ہے کہ ہر خط کے شروع میں بسم اللہ لکھی جائے لیکن قرآن وسنت کے نصوص و اشارات سے حضرات فقہا نے یہ کلیہ قاعدہ لکھا ہے کہ جس جگہ بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھا جائے اگر اس جگہ اس کاغذ کی بے ادبی سے محفوظ رکھنے کا کوئی اہتمام نہیں بلکہ وہ پڑھ کر ڈال دیا جاتا ہے تو ایسے خطوط اور ایسی چیز میں بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھنا جائز نہیں کہ وہ اس طرح اس بے ادبی کے گناہ کا شریک ہو جائے گا۔

آج کل عموماً ایک دوسرے کو جو خط لکھے جاتے ہیں ان کا حال سب جانتے ہیں کہ نالیوں اور گندگیوں میں پڑے نظر آتے ہیں اس لئے مناسب یہ ہے کہ ادائے سنت کیلئے زبان سے بسم اللہ کہہ لے، تحریر میں نہ لکھے۔ (معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۵۶۷)

## (۳۹) قرآن کی دو آیتیں جس کو تمام مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے خود رحمٰن نے لکھ دیا تھا

حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دو ہزار

جنت کے خزائن میں سے نازل فرمائی ہیں، جس کو تمام مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے خود رحمٰن نے اپنے ہاتھ سے لکھ دیا تھا۔ جو شخص ان کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لے تو وہ اس کے لئے قیام اللیل یعنی تہجد کے قائم مقام ہو جاتی ہیں۔

اور مستدرکِ حاکم اور بیہقی کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کو ان دو آیتوں پر ختم فرمایا ہے جو مجھے اس خزانۂ خاص سے عطا فرمائی ہیں جو عرش کے نیچے ہیں اس لئے تم خاص طور پر ان آیتوں کو سیکھو، اور اپنی عورتوں اور بچوں کو سکھاؤ۔

اسی لئے حضرت فاروقِ اعظم اور علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ہمارا خیال یہ ہے کہ کوئی آدمی جس کو کچھ بھی عقل ہو وہ سورۂ بقر کی ان دونوں آیتوں کو پڑھے بغیر نہ سوئے گا ـــــ وہ دو آیتیں سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں ہیں۔

(معارف القرآن جلد ۱ صفحہ ۶۹۴)

## (۴۰) حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رمضان کے مہینے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر نہانے لگے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پردہ کیا۔ (غسل کے بعد) برتن میں کچھ پانی بچ گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم چاہو تو اسی سے غسل کر لو اور چاہو تو اس میں اور پانی ملا لو میں نے کہا یا رسول اللہ! آپ کا بچا ہوا یہ پانی مجھے اور پانی سے زیادہ محبوب ہے۔

چنانچہ میں نے اسی سے غسل کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے پردہ کرنے لگے تو میں نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے پردہ نہ کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جس طرح تم نے میرے لئے پردہ کیا اسی طرح میں بھی تمہارے لئے ضرور پردہ کروں گا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۸۶۷)

## (۴۱) دُعا کی قبولیت کے لئے مجرب عمل

مشائخ وعلماء نے ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾ پڑھنے کے فوائد میں لکھا ہے کہ اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ جذبۂ ایمان وانقیاد کے ساتھ پڑھا جائے اور دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتے، ہجومِ افکار ومصائب کے وقت ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾ کا پڑھنا مجرب ہے۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۲۴۴)

## (۴۲) امتِ محمدیہ پر تین باتوں کا خوف

ایک حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر تین باتوں کا خوف ہے:

1. اوّل یہ کہ مال بہت مل جائے جس کی وجہ سے باہمی حسد میں مبتلا ہو جائیں اور کشت وخون کرنے لگیں۔
2. دوسری یہ کہ کتاب اللہ سامنے کھل جائے (یعنی ترجمہ کے ذریعہ ہر عامی اور جاہل بھی اس کے سمجھنے کا مدعی ہو جائے) اور اس میں جو باتیں سمجھنے کی نہیں ہیں یعنی متشابہات ان کے معنی سمجھنے کی کوشش کرنے لگیں، حالانکہ ان کا مطلب اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔
3. تیسری یہ کہ ان کا علم بڑھ جائے تو اسے ضائع کر دیں اور علم کو بڑھانے کی جستجو چھوڑ دیں۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۲۱)

## (۴۳) ہر بلا سے حفاظت

مسندِ بزار میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو

شخص شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۂ مؤمن (کی پہلی تین آیتیں حٰمٓ سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک) پڑھ لے گا وہ اس دن ہر برائی سے اور تکلیف سے محفوظ رہے گا، اس کو ترمذی نے بھی روایت کیا ہے جس کی سند میں ایک راوی متکلم فیہ ہے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۶۹، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۱)

## (۴۴) دُشمن سے حفاظت

ابوداؤد اور ترمذی میں باسناد صحیح حضرت مہلب بن ابی صفرۃ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے خود رسول اللہ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سے سنا ہے کہ آپ (کسی جہاد کے موقع پر رات میں حفاظت کے لئے) فرما رہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپہ مارا جائے تو تم "حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ" پڑھ لینا۔ جس کا حاصل لفظ حٰمٓ کے ساتھ یہ دعا کرنا ہے کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو ـــــ اور بعض روایات میں "حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْا" بغیر نون کے آیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حٰمٓ کہو گے تو دشمن کامیاب نہ ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ حٰمٓ دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ابن کثیر، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۲)

## (۴۵) ایک عجیب واقعہ

حضرت ثابت بنانی رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فرماتے ہیں کہ میں حضرت مصعب بن زبیر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ کے ساتھ کوفے کے علاقے میں تھا، ایک باغ کے اندر چلا گیا کہ دو رکعت پڑھ لوں۔ میں نے نماز سے پہلے حٰمٓ الْمُؤْمِن کی آیتیں اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک پڑھیں، اچانک دیکھا کہ ایک شخص میرے پیچھے ایک سفید خچر پر سوار کھڑا ہے۔ جس کے بدن پر یمنی کپڑے ہیں۔ اس شخص نے مجھ سے کہا کہ جب تم غَافِرِ الذَّنْبِ کہو تو اس کے ساتھ یہ دعا کرو: "یَا غَافِرَ الذَّنْبِ اغْفِرْلِیْ" یعنی اے گناہوں کے معاف کرنے والے مجھے معاف کر دے، اور جب تم پڑھو: "قَابِلِ التَّوْبِ" تو یہ دعا کرو: "یَا قَابِلَ التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتِیْ" یعنی اے توبہ قبول کرنے والے میری توبہ قبول فرما۔ پھر جب پڑھو: "شَدِیْدَ الْعِقَابِ" تو یہ دعا کرو: "یَاشَدِیْدَ الْعِقَابِ لَا تُعَاقِبْنِیْ" یعنی اے سخت عقاب والے مجھے عذاب نہ دیجئے۔ اور جب "ذِی الطَّوْلِ" پڑھو تو یہ دعا کرو: "یَا ذَالطَّوْلِ طُلْ عَلَیَّ بِخَیْرٍ" یعنی اے انعام واحسان کرنے والے مجھ پر انعام فرما۔

ثابت بنانی رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی کہتے ہیں یہ نصیحت اس سے سننے کے بعد جو ادھر دیکھا تو وہاں کوئی نہ تھا۔ میں اس کی تلاش میں باغ کے دروازے پر آیا۔ لوگوں سے پوچھا کہ ایک ایسا شخص یمنی لباس میں یہاں سے گزرا ہے؟ سب نے کہا کہ ہم نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا۔

ثابت بنانی رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ الیاس عَلَیْهِ السَّلَامُ تھے، دوسری روایت میں اس کا ذکر نہیں۔ (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۲)

## (۴۶) رزق میں برکت کے لئے ایک مجرب عمل

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے آیت

مندرجہ ذیل ہے۔

﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝﴾

(سورۃ الشوریٰ: آیت ۱۹) (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۷)

## (۴۷) بے دین کو دیندار بنانے کا ایک عجیب فاروقی نسخہ

ابن کثیر نے ابن ابی حاتم کی سند سے نقل کیا ہے کہ اہلِ شام میں سے ایک بڑا بارعب قوی آدمی تھا اور فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے پاس آیا کرتا تھا، کچھ عرصہ تک وہ نہ آیا تو فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے لوگوں سے اس کا حال پوچھا۔ لوگوں نے کہا کہ امیر المؤمنین اس کا حال نہ پوچھئے وہ تو شراب میں مست رہنے لگا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اپنے منشی کو بلایا اور کہا یہ خط لکھو:

”مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ. سَلَامٌ عَلَيْكَ فَاِنِّيْ اَحْمَدُ اِلَيْكَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ.“

تَرْجَمَہ: ”منجانب عمر بن خطاب بنام فلاں بن فلاں سلام علیک اس کے بعد میں تمہارے لئے اُس اللہ کی حمد پیش کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، گناہوں کو معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، سخت عذاب والا، بڑی قدرت والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔“

پھر حاضرینِ مجلس سے کہا کہ سب مل کر اس کے لئے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو پھیر دے، اور اس کی توبہ قبول فرمائے، فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے جس قاصد کے ہاتھ یہ خط بھیجا تھا اس کو ہدایت کر دی تھی کہ یہ خط اس کو اس وقت تک نہ دے جب تک وہ نشہ سے ہوش میں نہ آئے اور کسی دوسرے کے حوالے نہ کرے۔

جب اس کے پاس حضرت فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا یہ خط پہنچا اور اس نے پڑھا تو بار بار ان کلمات کو پڑھتا اور غور کرتا رہا کہ اس میں مجھے سزا سے ڈرایا بھی گیا ہے اور معاف کرنے کا وعدہ بھی کیا ہے، پھر رونے لگا اور شراب نوشی سے باز آ گیا اور ایسی توبہ کی کہ پھر اس کے پاس نہ گیا۔

حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو جب اس اثر کی خبر ملی تو لوگوں سے فرمایا کہ ایسے معاملات میں تم سب کو ایسا ہی کرنا چاہئے کہ جب کوئی بھائی کسی لغزش میں مبتلا ہو جائے تو اس کو درستی پر لانے کی فکر کرو۔ اور اس کو اللہ کی رحمت کا بھروسہ دلاؤ اور اللہ سے اس کے لئے دعا کرو کہ وہ توبہ کر لے، اور تم اس کے مقابلے پر شیطان کے مددگار نہ بنو یعنی اس کو برا بھلا کہہ کر یا غصہ دلا کر دین سے دور کر دو گے تو یہ شیطان کی مدد ہوگی۔ (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۲)

## (۴۸) غزوۂ بدر میں بے سروسامانی

۱۲ رمضان المبارک کو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تین سو تیرہ یا چودہ یا پندرہ آدمی آپ کے ہمراہ تھے، بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ اتنی جماعت میں صرف دو گھوڑے اور ستر اونٹ تھے۔ ایک گھوڑا حضرت زبیر بن عوام کا اور ایک حضرت مقداد کا تھا اور ایک ایک اونٹ دو دو اور تین تین آدمیوں میں مشترک تھا۔ عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ بدر میں جاتے وقت ایک اونٹ تین تین آدمیوں میں مشترک تھا نوبت بنوبت سوار ہوتے تھے۔

ابولبابہ اور علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے شریک تھے جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پیادے چلنے کی نوبت آتی تو ابولبابہ اور علی المرتضیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا عرض کرتے یا رسول اللہ! آپ سوار ہو جایئے ہم آپ کے بدلہ میں پیادہ چل لیں گے آپ یہ ارشاد فرماتے: تم چلنے میں مجھ سے زیادہ قوی نہیں، اور میں تم سے زیادہ اللہ کے اجر سے بے نیاز نہیں۔

(سیرت مصطفیٰ جلد ۲ صفحہ ۵۸)

## (۴۹) آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے داماد حضرت ابوالعاص کا درد بھرا قصہ

بدر کے قیدیوں میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے داماد حضرت ابوالعاص بن ربیع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بھی تھے۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی صاحبزادی حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا جو حضرت خدیجۃ الکبریٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے بطن سے تھیں آپ کی زوجیت میں تھیں۔ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا، ابوالعاص کی خالہ تھیں ان کو بمنزلہ اولاد کے سمجھتی تھیں۔ خود حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے کہہ کر بعثت سے قبل زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کا عقد ابوالعاص سے کیا تھا، ابوالعاص مالدار اور امانت دار اور بڑے تاجر تھے۔

بعثت کے بعد حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا اور آپ کی تمام صاحبزادیاں ایمان لائیں مگر ابوالعاص شرک پر قائم رہے، قریش نے ابوالعاص پر بہت زور دیا کہ ابولہب کے بیٹوں کی طرح تم بھی محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کی بیٹی کو طلاق دے دے جہاں چاہو گے وہاں تمہارا نکاح کر دیں گے لیکن ابوالعاص نے صاف انکار کر دیا اور کہہ دیا کہ زینب جیسی شریف عورت کے مقابلے میں دنیا کی کسی عورت کو پسند نہیں کرتا۔

جب قریش جنگِ بدر کے لئے روانہ ہوئے تو ابوالعاص بھی ان کے ہمراہ تھے منجملہ اور لوگوں کے آپ بھی گرفتار ہوئے، اہل مکہ نے جب اپنے اپنے قیدیوں کا فدیہ روانہ کیا تو حضرت زینب نے اپنے شوہر ابوالعاص کے فدیہ میں اپنا وہ ہار بھیجا جو حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے شادی کے وقت ان کو دیا تھا۔

آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اس ہار کو دیکھ کر آبدیدہ ہو گئے اور صحابہ سے فرمایا اگر مناسب سمجھو تو اس ہار کو واپس کر دو اور اس قیدی کو چھوڑ دو، اسی وقت تسلیم اور انقیاد کی گردنیں خم ہو گئیں قیدی بھی رہا کر دیا گیا اور ہار بھی واپس ہو گیا، مگر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ابوالعاص سے یہ وعدہ لے لیا کہ: مکہ پہنچ کر زینب کو مدینہ بھیج دیں، ابوالعاص نے مکہ پہنچ کر زینب کو مدینہ جانے کی اجازت دے دی اور اپنے بھائی کنانہ بن ربیع کے ہمراہ روانہ کیا۔

کنانہ نے عین دو پہر کے وقت حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کو اونٹ پر سوار کرایا اور ہاتھ میں تیر کمان لی اور روانہ ہوئے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی صاحبزادی کا علی الاعلان مکہ سے روانہ ہونا قریش کو شاق معلوم ہوا۔

چنانچہ ابوسفیان وغیرہ نے ذی طویٰ میں آکر اونٹ کو روک لیا اور یہ کہا کہ ہم کو محمد کی بیٹی کو روکنے کی ضرورت نہیں لیکن اس طرح علانیہ طور پر لے جانے میں ہماری ذلت ہے، مناسب یہ ہے کہ اس وقت تو مکہ واپس چلو اور رات کے وقت لے کر روانہ ہو جاؤ۔ کنانہ نے اس کو منظور کیا —— ابوسفیان سے پہلے ہبار بن اسود نے (جو بعد میں چل کر مسلمان ہوئے) جا کر اونٹ روکا اور حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کو ڈرایا۔ خوف سے حمل ساقط ہو گیا اس وقت کنانہ نے تیر کمان سنبھال لی اور یہ کہا کہ جو شخص اونٹ کے قریب بھی آئے گا تیروں سے اس کے جسم کو چھلنی کر دوں گا۔

الغرض کنانہ مکہ واپس آ گئے اور دو تین راتیں گزرنے پر شب کو روانہ ہوئے، ادھر رسول اللہ ﷺ نے زید بن حارثہ اور ایک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حکم دیا کہ تم جا کر مقام بطن یاجج میں ٹھہرو، جب زینب آ جائیں تو ان کو اپنے ہمراہ لے آنا یہ لوگ بطن یاجج پہنچے اور ادھر سے کنانہ بن ربیع آتے ہوئے ملے۔ کنانہ وہیں سے واپس ہو گئے اور زید بن حارثہ مع اپنے رفیق کے صاحبزادی کو لے کر مدینہ روانہ ہوئے، جنگ بدر کے ایک ماہ بعد مدینہ پہنچیں۔

صاحبزادی آپ ﷺ کے پاس رہنے لگیں، اور ابوالعاص مکہ میں مقیم رہے، فتح مکہ سے قبل ابوالعاص بغرض تجارت شام کی طرف روانہ ہوئے چونکہ اہل مکہ کو آپ کی امانت و دیانت پر اعتماد تھا اس لئے اور لوگوں کا سرمایہ بھی شریک تجارت تھا، شام سے واپسی میں مسلمانوں کا ایک دستہ مل گیا اس نے تمام مال و متاع ضبط کر لیا اور ابوالعاص چھپ کر مدینہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آ پہنچے۔

رسول اللہ ﷺ جب صبح کی نماز کے لئے تشریف لائے تو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عورتوں کے چبوترے سے آواز دی، اے لوگو! میں نے ابوالعاص بن ربیع کو پناہ دی ہے، رسول اللہ ﷺ جب نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا:

"أَيُّهَا النَّاسُ! هَلْ سَمِعْتُمْ مَا سَمِعْتُ؟ قَالُوْا نَعَمْ، قَالَ أَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَلِمْتُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ حَتّٰى سَمِعْتُ مَا سَمِعْتُمْ اِنَّهٗ يُجِيْرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَدْنَاهُمْ."

ترجمہ: "اے لوگو! کیا تم نے بھی سنا ہے جو میں نے سنا؟ لوگوں نے کہا، ہاں آپ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے! اُس ذات پاک کی کہ محمد کی جان اُس کے ہاتھ میں ہے مجھ کو اس کا مطلق علم نہیں جو اور جس وقت تم نے سنا وہی میں نے سنا۔ تحقیق خوب سمجھ لو کہ مسلمانوں میں ادنیٰ سے ادنیٰ اور کمتر سے کمتر بھی پناہ دے سکتا ہے۔"

اور یہ فرما کر صاحبزادی کے پاس تشریف لے گئے اور یہ فرمایا: اے بیٹی! اس کا اکرام کرنا مگر خلوت نہ کرنے پائے کیونکہ تو اس کے لئے حلال نہیں یعنی تو مسلمان ہے اور وہ مشرک و کافر۔

اور اہل سریہ سے یہ ارشاد فرمایا کہ تم کو اس شخص (یعنی ابوالعاص) کا تعلق ہم سے معلوم ہے اگر مناسب سمجھو تو ان کا مال واپس کر دو ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم کو عطا فرمایا ہے۔ اور تم ہی اس کے مستحق ہو، یہ سنتے ہی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کل مال واپس کر دیا کوئی ڈول لاتا تھا، اور کوئی رسی، کوئی لوٹا، اور کوئی چمڑے کا ٹکڑا، غرض یہ کل مال ذرہ ذرہ کر کے واپس کر دیا۔

ابوالعاص کل مال لے کر مکہ روانہ ہوئے اور جس جس کا حصہ تھا اس کا حصہ پورا ادا کیا۔ جب شرکاء کے حصے دے چکے تو یہ فرمایا:

"يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! هَلْ بَقِيَ لِاَحَدٍ مِنْكُمْ عِنْدِيْ مَالٌ يَاْخُذُهٗ؟ قَالُوْا: لَا فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ وَجَدْنَاكَ وَافِيًا كَرِيْمًا، قَالَ: فَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، وَاللّٰهِ! مَا مَنَعَنِيْ مِنَ الْاِسْلَامِ عِنْدَهٗ اِلَّا تَخَوُّفُ اَنْ آكُلَ اَمْوَالَكُمْ فَلَمَّا اَدَّاهَا اللّٰهُ اِلَيْكُمْ وَفَرَغْتُ مِنْهَا اَسْلَمْتُ."

ترجمہ: "اے گروہ قریش! کیا کسی کا کچھ مال میرے ذمہ باقی رہ گیا ہے جو اس نے وصول نہ کر لیا ہو؟ قریش

نے کہا نہیں۔ پس اللہ تجھ کو جزائے خیر دے، تحقیق ہم نے تجھ کو وفادار اور شریف پایا، کہا پس میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور بے شک محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں اب تک فقط اس لئے مسلمان نہیں ہوا کہ لوگ یہ گمان نہ کریں کہ میں نے مال کھانے کی خاطر ایسا کیا ہے، جب اللہ نے تمہارا مال تم تک پہنچا دیا اور میں اس ذمہ داری سے سبکدوش ہو گیا تب مسلمان ہوا۔"

بعد ازاں ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ سے مدینہ چلے آئے رسول اللہ ﷺ نے پھر حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ کی زوجیت میں دے دیا۔ (سیرت مصطفیٰ جلد۲ صفحہ ۱۲۴)

## ۵۰ صالح بیوی

ایک حدیث میں رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کہ جو عورت اپنے شوہر کی تابعدار و مطیع ہو اس کے لئے پرندے ہوا میں استغفار کرتے ہیں، اور مچھلیاں دریا میں استغفار کرتی ہیں، اور فرشتے آسمانوں میں استغفار کرتے ہیں، اور درندے جنگلوں میں استغفار کرتے ہیں۔ (معارف القرآن جلد۲ صفحہ ۳۹۹)

## ۵۱ ظلم کی تین قسمیں

ظلم کی ایک قسم وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ ہرگز نہ بخشیں گے ——— دوسری قسم وہ ہے جس کی مغفرت ہو سکے گی ——— اور تیسری قسم وہ ہے کہ جس کا بدلہ اللہ تعالیٰ لئے بغیر نہ چھوڑیں گے۔

پہلی قسم کا ظلم شرک ہے ——— دوسری قسم کا ظلم حقوق اللہ میں کوتاہی ہے ——— اور تیسری قسم کا ظلم حقوق العباد کی خلاف ورزی ہے۔ (معارف القرآن جلد۳ صفحہ ۵۵۰)

## ۵۲ اسلام میں عید الفطر کی پہلی نماز

بدر سے مراجعت کے بعد شوال کی یکم کو آپ ﷺ نے عید کی نماز ادا فرمائی یہ پہلی عید الفطر تھی۔
(زرقانی جلد۱ صفحہ ۴۵۴، سیرت مصطفیٰ جلد۲ صفحہ ۱۳۲)

## ۵۳ وہ صحابی جس نے ایک بھی نماز نہ پڑھی اور وہ جنتی ہیں

عمرو بن ثابت جو اُصَیْرِمُ کے لقب سے مشہور تھے۔ ہمیشہ اسلام سے منحرف رہے جب احد کا دن ہوا تو اسلام دل میں اتر آیا اور تلوار لے کر میدان میں پہنچے اور کافروں سے خوب قتال کیا یہاں تک کہ زخمی ہو کر گر پڑے، لوگوں نے جب دیکھا کہ اُصَیْرِمُ ہیں تو بہت تعجب ہوا اور پوچھا کہ اے عمرو! تیرے لئے اس لڑائی کا کیا داعی ہوا؟ اسلام کی رغبت یا قومی غیرت وحمیت؟ اُصَیْرِمُ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا:

"بَلْ رَغْبَةٌ فِي الْاِسْلَامِ فَآمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاَسْلَمْتُ وَاَخَذْتُ سَيْفِيْ وَقَاتَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصَابَنِيْ مَا اَصَابَنِيْ. اِنَّهٗ لَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ" (رواہ ابن اسحاق واسنادہ حسن)

تَرجَمہ: "بلکہ اسلام کی رغبت داعی ہوئی، میں ایمان لایا اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر اور مسلمان ہوا اور تلوار لے کر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے دشمنوں سے قتال کیا۔ یہاں تک کہ مجھ کو یہ زخم

پہنچے ـــــــ یہ کلام ختم کیا اور خود بھی ختم ہو گئے۔ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔ بلاشبہ وہ اہل جنت سے ہے۔"

حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرمایا کرتے تھے بتلاؤ وہ کون شخص ہے کہ جو جنت میں پہنچ گیا اور ایک نماز بھی نہیں پڑھی؟ وہ یہی صحابی ہیں۔ (اصابہ ترجمہ عمرو بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ، سیرت مصطفیٰ جلد۲ صفحہ۲۳۴)

## (۵۴) ظالم کا ساتھ دینے والا بھی ظالم ہے

تفسیر روح المعانی میں آیت کریمہ ﴿فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ﴾[۱] کے تحت یہ حدیث نقل کی ہے۔ کہ رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: کہ قیامت کے روز آواز دی جائے گی کہ کہاں ہیں ظالم لوگ اور ان کے مددگار؟ یہاں تک کہ وہ لوگ جنہوں نے ظالموں کے دوات، قلم کو درست کیا وہ بھی سب ایک لوہے کے تابوت میں جمع کر کے جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے۔ (معارف القرآن جلد۳ صفحہ۲۵)

## (۵۵) حضرت عمر بن عبدالعزیز رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی ایک اہم نصیحت

حضرت عمر بن عبدالعزیز رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے ایک شخص کو خط میں یہ نصائح لکھیں کہ: میں تجھے تقویٰ کی تاکید کرتا ہوں جس کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوتا، اور اہل تقویٰ کے سوا کسی پر رحم نہیں کیا جاتا، اور اس کے بغیر کسی چیز پر ثواب نہیں ملتا، اس بات کا وعظ کہنے والے تو بہت ہیں مگر عمل کرنے والے بہت کم ہیں۔

اور حضرت علی مرتضیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: کہ تقویٰ کے ساتھ کوئی چھوٹا سا عمل بھی چھوٹا نہیں ہے، اور جو عمل مقبول ہو جائے وہ چھوٹا کیسے کہا جا سکتا ہے۔ (ابن کثیر، معارف القرآن جلد۳ صفحہ۱۱۴)

## (۵۶) جب تک باوضو رہو گے فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے

حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ان سے فرمایا: اے ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ! جب تم وضو کرو تو بسم اللہ والحمد للہ کہہ لیا کرو (اس کا اثر یہ ہوگا کہ) جب تک تمہارا یہ وضو باقی رہے گا اس وقت تک تمہارے محافظ فرشتے (یعنی کتابین اعمال) تمہارے لئے برابر نیکیاں لکھتے رہیں گے۔ (معارف الحدیث جلد۳ صفحہ۵۷)

## (۵۷) چھوٹے گناہ اور بڑے گناہ کی عجیب مثال

مسند احمد میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے حضرت معاویہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو ایک خط میں لکھا: کہ بندہ جب خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے تو اس کے مداح بھی مذمت کرنے لگتے ہیں اور دوست بھی دشمن ہو جاتے ہیں، گناہوں سے بے پرواہی انسان کے لئے دائمی تباہی کا سبب ہے۔

صحیح حدیث میں ہے کہ رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ مؤمن جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگ جاتا ہے، پھر اگر توبہ اور استغفار کر لیا تو یہ نقطہ مٹ جاتا ہے، اور اگر توبہ نہ کی تو یہ نقطہ بڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے پورے دل پر چھا جاتا ہے اور اُس کا نام قرآن میں رَیْن ہے۔

﴿كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾ (سورۃ المطففین: آیت۱۴)

---

[۱] پھر میں کبھی نہ ہوں گا مجرموں کا مددگار (سورۂ قصص: آیت۱۷)

ترجمہ: ''یعنی ان کے دلوں پر زنگ لگا دیا ان کے اعمال بد نے۔''

[illegible] کے آپس میں فرق ضروری ہے، اس فرق کی وجہ کعب قرظی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ گناہوں کو ترک کیا جائے، جو لوگ نماز، تسبیح کے ساتھ گناہوں کو نہیں چھوڑتے ان کی عبادت مقبول نہیں۔

اور حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم جس قدر کسی گناہ کو ہلکا سمجھو گے اتنا ہی وہ اللہ کے نزدیک بڑا جرم ہو جائے گا، اور سلفِ صالحین نے فرمایا کہ ہر گناہ کفر کا قاصد ہے، جو انسان کو کافرانہ اعمال و اخلاق کی طرف دعوت دیتا ہے۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۳۸۴)

## ۵۸ خدا تعالیٰ کا ایگریمنٹ جو خدا تعالیٰ کے پاس محفوظ ہے

كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ: صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا فرمایا تو ایک نوشتہ اپنے ذمہ وعدہ کا تحریر فرمایا جو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے۔ جس کا مضمون یہ ہے:

''اِنَّ رَحْمَتِیْ تَغْلِبُ عَلٰی غَضَبِیْ'' (قرطبی)

ترجمہ: ''یعنی میری رحمت میرے غضب پر غالب رہے گی۔'' (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۲۹۰)

## ۵۹ اعمال اچھے تو حاکم اچھا، اعمال خراب تو حاکم خراب

مشکوٰۃ میں حلیۃ ابی نعیم کی روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں سب بادشاہوں کا مالک اور بادشاہ ہوں، سب بادشاہوں کے قلوب میرے ہاتھ میں ہیں۔ جب میرے بندے میری اطاعت کرتے ہیں تو میں ان کے بادشاہوں اور حکام کے قلوب میں ان کی شفقت اور رحمت ڈال دیتا ہوں، اور جب میرے بندے میری نافرمانی کرتے ہیں تو میں ان کے حکام کے دل ان پر سخت کر دیتا ہوں وہ ان کو ہر طرح کا برا عذاب چکھاتے ہیں، اس لئے حکام اور امرا کو برا کہنے میں اپنے اوقات ضائع نہ کرو، بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع اور اپنے عمل کی اصلاح کی فکر میں لگ جاؤ، تاکہ تمہارے سب کاموں کو درست کر دوں۔

اسی طرح ابوداؤد ونسائی میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی امیر اور حاکم کا بھلا چاہتے ہیں تو اس کو اچھا وزیر اور اچھا نائب دے دیتے ہیں کہ اگر امیر سے کچھ بھول ہو جائے تو وہ اس کو یاد دلا دے، اور جب امیر صحیح کام کرے تو وہ اس کی مدد کرے، اور جب کسی حاکم و امیر کے لئے کوئی برائی مقدر ہوتی ہے تو برے آدمیوں کو اس کے وزراء اور ماتحت بنا دیا جاتا ہے۔ (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۳۵۹)

# ⑥⓪ ایک عالمی آفت کا شرعی حکم

ٹی وی پر میچ دیکھنا جائز نہیں، اس میں کئی گناہ اور خرابیاں ہیں۔ پہلا گناہ کھیلنے والوں کی تصاویر قصداً دیکھنے کا۔ ہے جس کو حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے جواہر الفقہ جلد۳ صفحہ ۳۳۹ پر لکھا ہے۔ اور ٹی وی میں بے شمار لوگوں کی تصاویر ہوتی ہیں۔ اس لئے ہر تصویر کو دیکھنے کا الگ الگ گناہ ہوگا۔

دوسرا گناہ کھیل دیکھنے کے دوران وقتاً فوقتاً ان عورتوں کی تصاویر دیکھنے کا ہے جو کھیل دیکھنے کے لئے اسٹیڈیم میں ہوتی ہیں۔

تیسرا گناہ ٹی وی خریدنے اور گھر میں رکھنے کا ہے اگرچہ اس کو استعمال نہ کیا جائے جیسا کہ فتاویٰ رحیمیہ جلد۶ صفحہ ۲۹۸ پر لکھا ہوا ہے اگر کوئی شخص گانے بجانے کے آلات اور غفلت میں ڈالنے والے سامان اپنے گھر میں رکھے تو یہ رکھنا مکروہ (تحریمی) ہے اور گناہ ہے اگرچہ وہ ان کو استعمال نہ کرے، اس لئے کہ ایسے آلات کو رکھنا عام طور پر دل لگی کے لئے ہوتا ہے۔
(خلاصۃ الفتاویٰ صفحہ ۳۲۸)

چوتھا گناہ جماعت کی نماز کو چھوڑنے کا ہے جیسا کہ عام طور پر اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

پانچویں خرابی اپنے قیمتی وقت کو برباد کرنا ہوتا ہے۔

چھٹی خرابی لایعنی (بے فائدہ کام) میں اپنے کو مشغول رکھنا ہے جب کہ حدیث میں اسلام کی خوبی یہ بتلائی گئی ہے کہ بے کار کاموں کو چھوڑ دے۔

ساتویں خرابی یہ ہے کہ اس سے دین اور دُنیا کے ضروری کاموں سے غفلت پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ مشاہدہ ہے۔

آٹھویں خرابی یہ ہے کہ اس سے ٹی وی سے انسیت پیدا ہوتی ہے پھر اس کے بعد بہت سے گناہ اور خرابیاں وجود میں آتی ہیں۔

نویں خرابی یہ ہے کہ اس سے روزی میں برکت ختم ہو جاتی ہے کیونکہ ہر گناہ کا یہی اثر ہے۔

دسویں خرابی یہ ہے کہ ٹی وی کے پروگراموں سے دلچسپی رکھنے والا بھلائی کے کاموں سے محروم رہتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مرتب: مفتی محمد آدم صاحب بھیلونی | عبدالرحمٰن کالیڑوی عفی عنہ |
| دارالافتاء جامعہ نذیریہ کاکوسی | دارالافتاء دارالعلوم چھاپی |

# ⑥① کومینٹری سے دل چسپی رکھنے کی خرابیاں اور گناہ

پہلا گناہ جماعت کی نماز چھوڑنے کا ہے۔

دوسری خرابی لغو (بے کار کام) میں مشغول ہونا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کامیابی کے لئے ایک شرط یہ بیان فرمائی ہے کہ لغو کاموں سے دور رہے۔ (پارہ ۱۸، رکوع ۱)

تیسری خرابی یہ ہے کہ اس میں وقت کی ناقدری ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ''والعصر'' میں وقت کی قسم کھا کر اس کی اہمیت اور قدردانی کی تعلیم دی ہے۔

چوتھی خرابی یہ ہے کہ اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی یاد اور آخرت کی فکر سے غفلت پیدا ہوتی ہے۔

پانچویں خرابی یہ ہے کہ اس کی وجہ سے دنیا کے ضروری کاموں کا نقصان ہوتا ہے جیسا کہ مشاہدہ ہے۔

مرتب: مفتی محمد آدم صاحب بھیلونی ۔ عبدالرحمٰن کالیڑوی عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ نذیریہ کاکوسی ۔ دارالافتاء دارالعلوم چھاپی

## (۶۲) اللہ اور رسول کی لعنت کے مستحق کون لوگ ہیں

ایک حدیث میں رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ چھ آدمی ایسے ہیں جن پر میں نے لعنت بھیجی ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی اُن پر لعنت کی ہے اور ہر نبی مستجاب الدعوات ہوتا ہے۔ وہ چھ آدمی یہ ہیں۔

1. اللہ کی کتاب میں زیادتی کرنے والا۔
2. اور وہ شخص جو جبر و قہر سے اقتدار حاصل کر کے اس آدمی کو عزت دے جس کو اللہ نے ذلیل کیا ہو اور جس کو اللہ نے عزت عطا کی ہو اس کو ذلیل کرے۔
3. اللہ کی تقدیر کو جھٹلانے والا۔
4. اللہ کی حرام کردہ چیزوں کو حلال سمجھنے والا۔
5. میری اولاد میں وہ آدمی جو محرمات کو حلال کرنے والا ہو۔
6. اور میری سنت کو چھوڑنے والا۔ (مشکوٰۃ صفحہ ۲۲)

ایک اور حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا:

"لَعَنَ اللّٰهُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَيْهِ"

ترجمہ: "یعنی جو کوئی نامحرم پر بری نظر ڈالے اور جس کے اوپر نظر ڈالے۔ دونوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے۔"

بشرطیکہ جس پر بری نظر پڑی ہے اس کے ارادہ اور اختیار کو اس میں دخل ہو۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسے مرد پر لعنت کی ہے جو عورت کا لباس پہنے اور ایسی عورت پر لعنت کی جو مرد کا لباس پہنے۔ (مشکوٰۃ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کسی نے عرض کیا کہ ایک عورت (مردانہ) جوتا پہنتی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ایسی عورت پر لعنت کی ہے جو مردوں کے طور طریق اختیار کرے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی ان مردوں پر جو عورتوں کی طرح شکل و صورت بنا کر ہجڑے بنیں اور لعنت کی ان عورتوں پر جو شکل و صورت میں مردانہ پن اختیار کریں، اور ارشاد فرمایا کہ اُن کو اپنے گھروں سے نکال دو۔

بخاری شریف میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ اللہ کی لعنت ہو گودنے والیوں پر اور گودوانے والیوں پر اور جو ابرو (یعنی بھووں کے بال) چنتی ہیں (تا کہ بھویں باریک ہو جائیں) اور خدا کی لعنت ہو اُن عورتوں پر جو حسن کے لئے دانتوں کے درمیان کشادگی کرتی ہیں جو اللہ کی خلقت کو بدلنے والی ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۳۵)

## ۶۳ نااہل کو کوئی عہدہ سپرد کرنا

ایک حدیث میں رسولِ کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو عام مسلمانوں کی کوئی ذمہ داری سپرد کی گئی ہو پھر اس نے کوئی عہدہ کسی شخص کو محض دوستی و تعلق کی مد میں بغیر اہلیت معلوم کیئے ہوئے دے دیا اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے، نہ اس کا فرض مقبول ہے نہ نفل، یہاں تک کہ وہ جہنم میں داخل ہو جائے۔ (جمع الفوائد صفحہ ۳۷۵)

بعض روایات میں ہے کہ جس شخص نے کوئی عہدہ کسی شخص کے سپرد کیا حالانکہ اس کے علم میں تھا کہ دوسرا آدمی اس عہدہ کے لئے اس سے زیادہ قابل اور اہل ہے تو اس نے اللہ کی خیانت کی اور رسول اللہ ﷺ کی اور سب مسلمانوں کی، آج جہاں نظام حکومت کی ابتری نظر آتی ہے وہ سب اس قرآنی تعلیم کو نظر انداز کر دینے کا نتیجہ ہے کہ تعلقات اور سفارشوں اور رشوتوں سے عہدے تقسیم کئے جاتے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نااہل اور ناقابل لوگ عہدوں پر قابض ہو کر خلقِ خدا کو پریشان کرتے ہیں اور سارا نظامِ حکومت برباد ہو جاتا ہے۔

اسی لئے آنحضرت ﷺ نے ایک حدیث میں ارشاد فرمایا: "اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰی غَیْرِ اَھْلِہٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ" یعنی جب دیکھو کہ کاموں کی ذمہ داری ایسے لوگوں کے سپرد کر دی گئی جو اس کام کے اہل اور قابل نہیں تو اب اس فساد کا کوئی علاج نہیں، قیامت کا انتظار کرو۔ (یہ روایت صحیح بخاری کتاب العلم میں ہے)۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۴۶)

## ۶۴ سورۂ انعام کی ایک خاص فضیلت

بعض روایات میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ یہ سورۃ (یعنی سورۂ انعام) جس مریض پر پڑھی جائے اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیتے ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۵۱۲)

## ۶۵ خدا اور آخرت کے خوف سے نکلا ہوا ایک آنسو جہنم کی بڑی سے بڑی آگ بجھا دے گا

امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے کتاب الزہد میں بروایت حضرت حازم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک مرتبہ جبرئیل امین تشریف لائے تو وہاں کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے خوف سے رو رہا تھا، جبرئیل امین نے فرمایا کہ انسان کے تمام اعمال کا تو وزن ہوگا مگر اللہ و آخرت کے خوف سے رونا ایسا عمل ہے جس کو تولا نہ جائے گا بلکہ ایک آنسو بھی جہنم کی بڑی سے بڑی آگ کو بجھا دے گا۔ (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۵۳۳)

## ۶۶ علماء کے قلم کی روشنائی اور شہیدوں کے خون کا وزن

امام ذہبی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے حضرت عمران بن حصین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے نقل کیا ہے: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن علماء کی روشنائی جس سے انہوں نے علمِ دین اور احکامِ دین لکھے ہیں اور شہیدوں کے خون کو تولا جائے گا تو علماء کی روشنائی کا وزن شہیدوں کے خون کے وزن سے بڑھ جائے گا۔ (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۵۲۳)

## ۶۷ ایمان کے بعد سب سے پہلا فرض ستر پوشی ہے

شریعت اسلام جو انسان کی ہر صلاح و فلاح کی کفیل ہے، اس نے ستر پوشی کا اہتمام اتنا کیا کہ ایمان کے بعد سب سے

پہلا فرض ستر پوشی کو قرار دیا۔ نماز و روزہ وغیرہ سب اس کے بعد ہیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص نیا لباس پہنے تو اس کو چاہئے کہ لباس پہننے کے وقت یہ دُعا پڑھے:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ"

ترجمہ: "یعنی شکر اُس ذات کا جس نے مجھے لباس پہنا دیا جس کے ذریعہ میں اپنے ستر کا پردہ کروں اور زینت حاصل کروں۔"

اور فرمایا کہ جو شخص نیا لباس پہننے کے بعد پرانے لباس کو غرباء و مساکین پر صدقہ کردے تو وہ اپنی موت و حیات کے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری اور پناہ میں آگیا۔ (ابن کثیر عن مسند احمد، معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۵۳۴)

## (۶۸) مایوس ہوکر دعا مانگنا نہ چھوڑو

ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ کی دُعا اس وقت تک قبول ہوتی رہتی ہے جب تک وہ کسی گناہ یا قطعِ رحمی کی دعا نہ کرے اور جلد بازی نہ کرے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے دریافت کیا جلد بازی کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مطلب یہ ہے کہ یوں خیال کر بیٹھے کہ میں اتنے عرصہ سے دعا مانگ رہا ہوں اب تک قبول نہیں ہوئی، یہاں تک کہ مایوس ہوکر دعا چھوڑ دے۔ (مسلم، ترمذی)

ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے جب دعا مانگو تو اس حالت میں مانگو کہ تمہیں اس کے قبول ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔ (معارف القرآن جلد ۳ صفحہ ۵۸۴)

## (۶۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کسی رنگ و نسل پر موقوف نہیں

طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص حبشی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہم سے حسنِ صورت اور حسین رنگ میں بھی ممتاز ہیں اور نبوت و رسالت میں بھی۔ اب اگر میں بھی اس چیز پر ایمان لے آؤں جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایمان رکھتے ہیں اور وہی عمل کروں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے ہیں تو کیا میں بھی جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوسکتا ہوں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں ضرور! (تم اپنی حبشیانہ بدصورتی سے نہ گھبراؤ) قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جنت میں کالے رنگ کے حبشی سفید اور حسین ہوجائیں گے اور ایک ہزار سال کی مسافت سے چمکیں گے۔

اور جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا قائل ہو اس کی فلاح و نجات اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوجاتی ہے، اور جو شخص سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھتا ہے اس کے نامۂ اعمال میں ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

یہ سن کر مجلس میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب اللہ تعالیٰ کے دربار میں حسنات کی اتنی سخاوت ہے تو ہم پھر کیسے ہلاک ہوسکتے ہیں یا عذاب میں کیسے گرفتار ہوسکتے ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (یہ بات نہیں) حقیقت یہ ہے کہ قیامت میں بعض آدمی اتنا عمل اور حسنات لے کر آئیں گے کہ اگر اُن کو پہاڑ پر رکھ دیا جائے تو پہاڑ بھی اُن کے بوجھ کا تحمل نہ کرسکے۔ لیکن اُن کے مقابلہ میں جب اللہ تعالیٰ کی نعمتیں

آئیں گی اور اُن سے موازنہ کیا جائے گا تو انسان کے عمل ان کے مقابلے میں ختم ہو جائیں گے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کو اپنی رحمت سے نوازیں۔

اس حبشی کے سوال و جواب ہی پر سورۃ دہر کی یہ آیت نازل ہوئی: ﴿هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْئًا مَّذْكُوْرًا ۝﴾ (سورۃ الدهر: آیت۱) حبشی نے حیرت سے سوال کیا یارسول اللہ! میری آنکھیں بھی ان نعمتوں کو دیکھیں گی جن کو آپ ﷺ کی مبارک آنکھیں مشاہدہ کریں گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں ضرور! یہ سن کر حبشی نومسلم نے رونا شروع کیا یہاں تک کہ روتے روتے وہیں جان دے دی، اور آنحضرت ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے اس کی تجہیز وتکفین فرمائی۔ (معارف القرآن جلد۲ صفحہ ۶۲۹)

## ⑦ مسجد اور جماعت

﴿اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّكٰوةَ وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ قف فَعَسٰۤی اُولٰٓئِكَ اَنْ یَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ ۝﴾ (سورۂ توبہ: آیت۱۸)

ترجمہ: ''ہاں اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا ان لوگوں کا کام ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لاویں، اور نماز کی پابندی کریں، اور زکوۃ دیں، اور بجز اللہ کے کسی سے نہ ڈریں، سو ایسے لوگوں کی نسبت توقع ہے کہ اپنے مقصود تک پہنچ جائیں گے۔'' (بیان القرآن)

عمارتِ مساجد سے اس جگہ مراد ہے: ہمیشہ عبادت، ذکر الٰہی، علم دین اور قرآن کی تعلیم سے مسجدوں کو آباد رکھنا۔

❶ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی کو دیکھو کہ وہ مسجد کا عادی بن گیا ہے۔ (جب کام سے چھوٹتا ہے مسجد کا رُخ کرتا ہے) تو اس کے مؤمن ہونے کی شہادت دو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ﴾ (سورۂ توبہ: آیت۱۸) (رواہ الترمذی والدارمی والبغوی)

❷ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح یا شام مسجد کو جاتا ہے، جتنی مرتبہ بھی جائے اللہ (ہر مرتبہ جانے کے بدلے میں) اس کے لئے جنت میں ایک مکان تیار کر دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

❸ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس روز اللہ کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا اس روز سات آدمیوں کو اللہ اپنے سایہ میں لے لے گا، اُن سات میں رسول اللہ ﷺ نے اُس آدمی کا شمار کیا کہ جب وہ مسجد سے نکلتا ہے تو واپس مسجد میں آنے تک دل اُس کا مسجد میں ہی اٹکا رہتا ہے۔ (متفق علیہ)

❹ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص گھر میں اچھی طرح وضو کرنے کے بعد مسجد کو جاتا ہے وہ اللہ کی ملاقات کو آنے والا (یعنی اللہ تعالیٰ کا مہمان) ہو جاتا ہے، اور میزبان پر حق ہے کہ وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ (رواہ الطبرانی وعبدالرزاق وابن جریر فی تفسیر یہما والبیہقی فی شعب الایمان)

❺ عمرو بن میمون کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی فرماتے تھے زمین پر مسجدیں اللہ کے گھر ہیں جوان مسجدوں میں اللہ کی ملاقات کو آئے اللہ پر حق ہے کہ وہ اُن کی عزت کرے۔

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان وعبدالرزاق وابن جریر فی تفسیر یہما تفسیر مظہری جلد۵ صفحہ ۱۹۸، ۱۹۹)

۶ حدیث میں ہے کہ مسجدوں کے آباد کرنے والے اللہ والے ہیں۔

۷ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن مسجد والوں پر نظر ڈال کر اپنا عذاب پوری قوم پر سے ہٹالیتا ہے۔

۸ حدیث میں ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے مجھے اپنی عزت کی، اپنے جلال کی قسم کہ میں زمین والوں کو عذاب کرنا چاہتا ہوں لیکن اپنے گھروں کے آباد کرنے والوں اور میرے لئے آپس میں محبت رکھنے والوں اور صبح سحری کے وقت استغفار کرنے والوں پر نظر ڈال کر اپنے عذاب کو ہٹالیتا ہوں۔

۹ ''ابن عساکر'' میں ہے کہ شیطان انسان کا بھیڑیا ہے۔ جیسے بکریوں کا بھیڑیا ہوتا ہے کہ وہ الگ تھلگ پڑی ہوئی اِدھر اُدھر کی بکری کو پکڑ لے جاتا ہے پس تم پھوٹ اور اختلاف سے بچو، جماعت کو اور عوام کو اور مسجدوں کو لازم پکڑے رہو۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۳۳۸)

## ۱۷ اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص صفات الواح موسیٰ میں، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہونے کی خواہش

اَخَذَ الْاَلْوَاحَ کے متعلق حضرت قتادہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا یا رب! میں الواح میں لکھا پاتا ہوں کہ ایک بہترین اُمت ہوگی جو ہمیشہ اچھی باتوں کو سکھاتی رہے گی اور بری باتوں سے روکتی رہے گی۔ اے اللہ! وہ اُمت میری امت ہو، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کہ موسیٰ! وہ تو احمد کی اُمت ہوگی۔

پھر کہا یا رب! ان الواح سے ایک ایسی امت کا پتہ چلتا ہے جو سب سے آخر میں پیدا ہوگی لیکن جنت میں سب سے پہلے داخل ہوگی، اے خدا! وہ میری امت ہو، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ احمد کی امت ہے۔

پھر کہا یا رب! اس اُمت کا قرآن ان کے سینوں میں ہوگا دل میں دیکھ کر پڑھتے ہوں گے حالانکہ ان سے پہلے کے سب ہی لوگ اپنے قرآن پر نظر ڈال کر پڑھتے ہیں دل سے نہیں پڑھتے حتیٰ کہ ان کا قرآن اگر ہٹالیا جائے تو پھر ان کو کچھ بھی یاد نہیں، اور نہ وہ کچھ پہچان سکتے ہیں، اللہ نے ان کو حفظ کی ایسی قوت دی ہے کہ کسی امت کو نہیں دی گئی یا رب! وہ میری امت ہو، کہا اے موسیٰ! وہ تو احمد کی امت ہے۔

پھر کہا یا رب! وہ امت تیری ہر کتاب پر ایمان لائے گی وہ گمراہوں اور کافروں سے قتال کریں گے حتیٰ کہ کانے دجال سے بھی لڑیں گے الٰہی! وہ میری امت ہو، اللہ نے کہا یہ احمد کی امت ہوگی۔

پھر موسیٰ علیہ السلام نے کہا یا رب! الواح میں ایک ایسی اُمت کا ذکر ہے کہ وہ اپنے نذرانے اور صدقات خود آپس کے لوگ ہی کھالیں گے حالانکہ اس اُمت سے پہلے تک کی امتوں کا یہ حال تھا کہ اگر وہ کوئی صدقہ یا نذر پیش کرتے اور وہ قبول ہوتی تو اللہ آگ کو بھیجتے اور آگ اسے کھا جاتی اور اگر قبول نہ ہوتی اور رد ہو جاتی تو پھر بھی وہ اس کو نہ کھاتے بلکہ درندے اور پرندے آکر کھا جاتے، اور اللہ ان کے صدقے ان کے امیروں سے لے کر ان کے غریبوں کو دے گا۔ یا رب! وہ میری امت ہو تو فرمایا یہ احمد کی امت ہوگی۔

پھر کہا یا رب! میں الواح میں پاتا ہوں کہ وہ اگر کوئی نیکی کا ارادہ کرے گی لیکن عمل میں نہ لا سکے گی پھر بھی ایک ثواب کی حقدار ہو جائے گی، اور اگر عمل میں لائے گی تو دس حصے ثواب ملے گا بلکہ سات سو حصے تک، اے خدا! وہ میری امت ہو، تو

... رحمۃ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام نے پھر الواح رکھ دیں اور کہا: "يَا لَيْتَنِيْ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" کاش! میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہوتا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۲۲۳، ۲۲۴)

تفسیر مظہری میں بھی تقریباً یہی روایت موجود ہے۔

## (۷۲) کبھی کافر و فاسق کا خواب بھی سچا ہوتا ہے

اور یہ بات بھی قرآن و حدیث سے ثابت اور تجربات سے معلوم ہے کہ سچے خواب بعض اوقات فاسق فاجر بلکہ کافر کو بھی آ سکتے ہیں۔ سورۂ یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کے جیل کے دو ساتھیوں کے خواب اور ان کا سچا ہونا۔ اسی طرح بادشاہ مصر کا خواب اور اس کا سچا ہونا، قرآن میں مذکور ہے حالانکہ یہ تینوں مسلمان نہ تھے۔ حدیث میں کسریٰ کا خواب مذکور ہے جو اس نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے متعلق دیکھا تھا وہ خواب صحیح ہوا حالانکہ کسری مسلمان نہ تھا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی عاتکہ نے بحالتِ کفر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سچا خواب دیکھا تھا، نیز کافر بادشاہ بخت نصر کے جس خواب کی تعبیر حضرت دانیال علیہ السلام نے دی تھی وہ خواب سچا تھا۔

اس سے معلوم ہوا کہ محض اتنی بات کہ کسی کو کوئی سچا خواب نظر آ جائے اور واقعہ اس کے مطابق ہو جائے اس کے نیک صالح بلکہ مسلمان ہونے کی بھی دلیل نہیں ہو سکتی۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ عام عادۃ اللہ یہی ہے کہ سچے اور نیک لوگوں کے خواب عموماً سچے ہوتے ہیں، فساق و فجار کے عموماً حدیث حدیث النفس، یا تسویل شیطان کی قسم باطل سے ہوا کرتے ہیں مگر کبھی کبھی۔

بہر حال سچے خواب عام امت کے لئے حسب تصریح حدیث ایک بشارت یا تنبیہ سے زائد کوئی مقام نہیں رکھتے نہ خود اس کے لئے کسی معاملہ میں حجت ہے نہ دوسروں کے لئے۔ بعض ناواقف لوگ ایسے خواب دیکھ کر طرح طرح کے وساوس میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ کوئی ان کو اپنی ولایت کی علامت سمجھنے لگتا ہے کوئی ان سے حاصل ہونے والی باتوں کو شرعی احکام کا درجہ دینے لگتا ہے یہ سب چیزیں بے بنیاد ہیں۔ خصوصاً جب کہ یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ سچے خوابوں میں بھی بکثرت نفسانی یا شیطانی یا دونوں قسم کے تصورات کی آمیزش کا احتمال ہے۔ (معارف القرآن جلد ۵ صفحہ ۹)

## (۷۳) چلہ کی فضیلت

ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص چالیس روز اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب سے حکمت کے چشمے جاری فرما دیتے ہیں۔ (روح البیان، معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۵۸)

## (۷۴) وہ خوش نصیب صحابی جن کی شکل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھی

غزوۂ اُحد میں مسلمانوں کے علمبردار، مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب تھے انہوں نے

...ں کا پتا ملا کہ اسلا ، تک کہ شہید ہوئے ان کے بعد آپ ﷺ نے علم (جھنڈا) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد

## ۷۵ ایک اہم نصیحت

❶ ادب سے علم سمجھ میں آتا ہے۔ ❷ علم سے عمل صحیح ہوتا ہے۔
❸ عمل سے حکمت ملتی ہے۔ ❹ حکمت سے زہد قائم ہوتا ہے۔
❺ زہد سے دنیا متروک ہوتی ہے۔ ❻ اور دنیا کے ترک سے آخرت کی رغبت حاصل ہوتی ہے۔
❼ اور آخرت کی رغبت حاصل ہونے سے اللہ کے نزدیک رُتبہ حاصل ہوتا ہے۔

جو یقین کی راہ پر چل پڑے ۔۔۔ انہیں منزلوں نے پناہ دی
جنہیں وسوسوں نے ڈرا دیا ۔۔۔ وہ قدم قدم پر بہک گئے

## ۷۶ انتقال کے وقت ایک صحابی کے رُخسار حضور ﷺ کے قدموں پر

غزوۂ احد میں زیاد ابن سکن کو یہ شرف حاصل ہوا کہ جب زخم کھا کر گرے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کو میرے قریب لاؤ لوگوں نے ان کو آپ کے قریب کر دیا انہوں نے اپنے رخسار آپ کے قدم مبارک پر رکھ دیئے اور اسی حالت میں جان اللہ کے حوالے کی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۸۴، سیرت مصطفیٰ جلد ۲ صفحہ ۲۰۹)

## ۷۷ چند اہم تسبیحات

سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ عَرْشُهٗ. — پاک ہے وہ اللہ جس کا عرش آسمان میں ہے۔
سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِیْ فِی الْاَرْضِ مَوْطِنُهٗ. — پاک ہے وہ اللہ جس کا فرش زمین میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْبَحْرِ سَبِیْلُهٗ. — پاک ہے وہ جس کی راہ سمندر میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْجَنَّةِ رَحْمَتُهٗ. — پاک ہے وہ جس کی رحمت جنت میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی النَّارِ سُلْطَانُهٗ. — پاک ہے وہ جس کی سلطنت دوزخ میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْهَوَآءِ رَحْمَتُهٗ. — پاک ہے وہ جس کی رحمت فضا میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْقُبُوْرِ قَضَآءُهٗ. — پاک ہے وہ جس کا فیصلہ قبروں میں ہے۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمَآءَ. — پاک ہے وہ جس نے آسمان کو بلند کیا۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ وَضَعَ الْاَرْضَ. — پاک ہے وہ جس نے زمین کو بچھایا۔
سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا مَنْجٰی اِلَّا اِلَیْهِ. — پاک ہے وہ جس کے سوا کوئی جائے نجات نہیں۔

ان تسبیحات کو بار بار پڑھیے، اللہ کی پاکی اور عظمت کا اقرار کیجئے، اور اپنا عقیدہ پاک رکھئے، ان شاء اللہ دونوں جہانوں

میں کامیاب رہو گے۔

## ۷۸ شیطان کے منادی

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب ابلیس زمین پر آنے لگا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا اے پروردگار! تو مجھے زمین پر بھیج رہا ہے اور راندۂ درگاہ کر رہا ہے میرے لئے کوئی گھر بھی بنا دے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تیرا گھر حمام ہے۔

اس نے عرض کیا، میرے لئے کوئی بیٹھک (مجلس) بھی بنا دے فرمایا: بازار اور راستے (تیری بیٹھک ہیں) عرض کیا میرے لئے کھانا بھی مقرر فرما دے فرمایا: تیرا کھانا ہر وہ چیز ہے جس پر اللہ کا نام نہ لیا جائے۔

عرض کیا میرے پینے کے لئے بھی کوئی چیز مقرر کر دیجئے۔ فرمایا: ہر نشہ آور چیز (تیرا مشروب ہے) عرض کیا مجھے اپنی طرف بلانے کا کوئی ذریعہ بھی عنایت فرما دے۔ فرمایا: باجے، تاشے، (تیرے منادی ہیں)۔ عرض کیا میرے لئے قرآن (بار بار پڑھی جانے والی چیز) بھی بنا دے۔ فرمایا: (گندے) شعر (تیرا قرآن ہے) عرض کیا کچھ لکھنے کے لئے بھی دے دے۔ فرمایا: جسم میں گودنا (تیری لکھائی ہے) عرض کیا میرے لئے کلام بھی مقرر فرما دے۔ فرمایا: جھوٹ (تیرا کلام) ہے۔ عرض کیا میرے لئے جال بھی بنا دے، فرمایا: عورتیں (تیرا جال ہیں)۔ (ندائے منبر ومحراب جلد ا صفحہ ۲۳۹، جامع الاحادیث جلد ۲ صفحہ ۵۸)

**فائدہ:** اس حدیث کے مطابق میوزک اور غنا شیطان کے منادی اور شیطان کے داعی ہیں آج ہم اپنے گرد و پیش پر نظر ڈالیں تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی حقیقت کھل کر سامنے آ جاتی ہے۔

## ۷۹ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی ایک خاص دعا

سُبْحَانَ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ، — پاکی ہے اس ذات کیلئے جو ہمیشہ سے ہمیشہ تک ہے۔

سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ. — پاکی ہے اس ذات کے لئے جو ایک اور یکتا ہے۔

سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ، — پاکی ہے اس ذات کے لئے جو تنہا اور بے نیاز ہے،

سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَيْرِ عَمَدٍ. — پاکی ہے اس ذات کے لئے جو آسمان کو بغیر ستون کے بلند کرنے والا ہے،

سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰى مَآءٍ جَمَدٍ، — پاکی ہے اس ذات کے لئے جس نے بچھایا زمین کو برف کی طرح جمے ہوئے پانی پر۔

سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا. — پاکی ہے اس ذات پاک کیلئے جس نے پیدا کیا مخلوق کو، پس ضبط کیا اور خوب جان لیا ان کو گن کر۔

سُبْحَانَ مَنْ قَسَّمَ الرِّزْقَ فَلَمْ يَنْسَ اَحَدًا. — پاکی ہے اس ذات پاک کے لئے جس نے روزی تقسیم فرمائی، اور کسی کو نہ بھولا۔

سُبْحَانَ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا. — پاکی ہے اس ذات پاک کے لئے جس نے نہ بیوی اپنائی نہ بچے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ — پاکی ہے اس ذات پاک کے لئے جس نے نہ کسی کو جنا نہ وہ جنا گیا، اور نہیں اس کے جوڑ کا کوئی۔

اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے مندرجہ بالا دعا کا اہتمام کیجئے۔ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اللہ تبارک و تعالیٰ کو سو (۱۰۰) مرتبہ خواب میں دیکھا جب سوویں مرتبہ خواب میں دیکھا تو انہوں نے اللہ سے پوچھا کہ یا اللہ! تیرے بندے تیرا قرب حاصل کرنے کے لئے کیا پڑھیں تو یہ دعا اللہ تعالیٰ نے خواب میں بتلائی۔

(شامی جلد ۱ صفحہ ۱۴۴، مطبوعہ مکتبہ زکریا دیوبند، فتاویٰ رحیمیہ جلد ۷ صفحہ ۱۰۶، ۱۰۷)

نوٹ: صبح و شام یہ دعا سمجھ کر پڑھیں اور مندرجہ بالا دعا میں جن باتوں کی نفی کی گئی ہے ان سے اللہ کو پاک سمجھیں، اور جن باتوں کو ثابت کیا گیا ہے ان کو دل سے مانیں ان شاء اللہ قرب خداوندی حاصل ہوگا ——— اگر کوئی شخص عربی دعا نہ پڑھ سکتا ہو تو اردو ترجمہ پڑھے اور دعا میں اللہ تعالیٰ کی جو صفات بیان کی گئی ہیں ان پر یقین و ایمان رکھے یہی اسلام کی بنیادی تعلیم ہے، اور یہی توحید ہے۔ محمد امین۔

## (۸۰) مناجاتِ عربی

یَا رَبِّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِیْ کَثِیْرَۃً ❶ فَلَقَدْ عَلِمْتُ بِاَنَّ عَفْوَکَ اَعْظَمُ
اِنْ کَانَ لَا یَرْجُوْکَ اِلَّا مُحْسِنٌ ❷ فَمَنِ الَّذِیْ یَدْعُوْ اَوْ یَرْجُوا الْمُجْرِمُ
اَدْعُوْکَ رَبِّیْ کَمَا اَمَرْتَ تَضَرُّعًا ❸ فَاِذَا رَدَدْتَ یَدِیْ فَمَنْ ذَا یَرْحَمُ
مَالِیْ اِلَیْکَ وَسِیْلَۃٌ اِلَّا الرَّجَآءَ ❹ بِجَمِیْلِ عَفْوِکَ ثُمَّ اِنِّیْ مُسْلِمُ

### ترجمہ

❶ اے میرے پروردگار! اگر میرے گناہ بڑھ گئے (تو کیا ہوا)۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کی معافی میرے گناہوں سے بھی بڑھی ہوئی ہے۔

❷ اگر آپ کی رحمت کے امیدوار صرف نیک ہی ہوں۔ تو گنہ گار کسے پکاریں اور کس سے توقع رکھیں؟

❸ اے میرے پروردگار! میں تیرے حکم کے مطابق تجھے زاری و عاجزی سے پکارتا ہوں۔ تو اگر میرا ہاتھ ناکام واپس لوٹا دے گا (یعنی مجھے مایوس کردے گا) تو کون ہے رحم کرنے والا؟!

❹ میرے پاس تو صرف آپ کے بہترین درگزر کی امید کے سوا کوئی سہارا نہیں پھر بات یہ ہے کہ مسلمان بھی ہوں۔

## (۸۱) فضائل رمضان

حضرت ابوسعید خدری رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ رمضان کی رات میں ایک مؤمن بندہ نماز پڑھتا ہے جس نماز کے ہر سجدہ پر اُس کے لئے ڈیڑھ ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور اُس کے لئے جنت میں سرخ یاقوت کا ایک اتنا بڑا گھر بنایا جاتا ہے جس کے ساٹھ ہزار دروازے ہوتے ہیں، اور ہر دروازے پر سونے کا ایک محل ہوتا ہے۔ (یعنی گویا ساٹھ ہزار محل بنائے جاتے ہیں) اور پورے ماہِ رمضان میں کسی بھی وقت خواہ رات ہو خواہ دن اگر سجدہ کرے

تو اس کو ایک اتنا بڑا درخت ملتا ہے جس کے سائے میں سوار پانچ سو سال تک دوڑتا رہے۔ (الترغیب والترہیب جلد۲ صفحہ۹۳)

## (۸۲) عبدالرزاق نامی آدمی کو رزّاق کہہ کر پکارنا گناہ ہے

﴿وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝﴾ (سورۂ اعراف: آیت ۱۸۰)

ترجمہ: ''اور چھوڑ دو اُن کو جو کج راہ چلتے ہیں اس کے ناموں میں، ان لوگوں کو ان کے کیے کی ضرور سزا ملے گی۔''

اسماءِ الٰہیہ میں تحریف یا کجروی کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں وہ سب اس آیت کے مضمون میں داخل ہیں۔ اوّل یہ کہ اللہ تعالیٰ کے لئے وہ نام استعمال کیا جائے جو قرآن وحدیث میں اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت نہیں، علماء حق کا اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام اور صفات میں کسی کو یہ اختیار نہیں کہ جو چاہے نام رکھ دے یا جس صفت کے ساتھ چاہے اس کی حمد وثنا کرے بلکہ صرف وہی الفاظ ہونا ضروری ہیں جو قرآن وسنت میں اللہ تعالیٰ کے لئے بطورِ نام یا صفت کے ذکر کیے گئے ہیں۔[1]

دوسری صورت الحاد فی الاسماء کی یہ ہے کہ اللہ کے جو نام قرآن وسنت، سے ثابت ہیں اُن میں سے کسی نام کو نامناسب سمجھ کر چھوڑ دے اس کا بے ادبی ہونا ظاہر ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مخصوص ناموں کو کسی دوسرے شخص کے لئے استعمال کرے، مگر اس میں یہ تفصیل ہے کہ اسماءِ حسنیٰ میں سے بعض نام ایسے بھی ہیں جن کو خود قرآن وحدیث میں دوسرے لوگوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے، اور بعض وہ ہیں جن کو سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کے لئے استعمال کرنا قرآن وحدیث سے ثابت نہیں۔ اور جن ناموں کا استعمال غیر اللہ کے لئے قرآن وحدیث سے ثابت ہے، وہ نام تو اوروں کے لئے بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ جیسے رحیم، رشید، علی، کریم عزیز وغیرہ۔

اور اسماءِ حسنیٰ میں سے وہ نام جن کا غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا قرآن وحدیث سے ثابت نہیں وہ صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہیں اُن کو غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا الحادِ مذکور میں داخل اور ناجائز وحرام ہے۔ مثلاً رحمٰن، سبحان، رزاق، خالق، غفار، قدوس وغیرہ۔ پھر ان مخصوص ناموں کو غیر اللہ کے لئے استعمال کرنا اگر کسی غلط عقیدہ کی بناء پر ہے کہ اس کو ہی خالق یا رزاق سمجھ کر ان الفاظ سے خطاب کر رہا ہے تب تو ایسا کہنا کفر ہے۔ اور اگر عقیدہ غلط نہیں محض بے فکری یا بے سمجھی سے کسی شخص کو خالق، رزاق، یارحمٰن، سبحان کہہ دیا تو یہ اگرچہ کفر نہیں مگر مشرکانہ الفاظ ہونے کی وجہ سے گناہِ شدید ہے۔

افسوس ہے کہ آج کل عام مسلمان اس غلطی میں مبتلا ہیں، کچھ لوگ تو وہ ہیں جنہوں نے اسلامی نام ہی رکھنا چھوڑ دیئے،

---

[1] شرح عقائد نسفی اور اس کی شرح نبراس میں ہے:

''فَاِنْ قِيْلَ: فَكَيْفَ يَصِحُّ اِطْلَاقُ الْمَوْجُوْدِ وَالْوَاجِبِ وَالْقَدِيْمِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ كَلَفْظِ خُدَا بِالْفَارِسِيَّةِ مِمَّا لَمْ يَرِدْ بِهِ الشَّرْعُ. قُلْنَا: بِالْاِجْمَاعِ، وَهُوَ مِنْ اَدِلَّةِ الشَّرْعِ.'' (شرح عقائد صفحہ۳۱، نبراس صفحہ۱۷۳)

ترجمہ: ''اگر کہا جائے کہ جو نام اور صفات شریعت یعنی قرآن وسنت میں مذکور نہیں مثلاً موجود، واجب، قدیم اور فارسی میں لفظ خدا وغیرہ، ان کا اللہ تعالیٰ پر اطلاق کیونکر جائز ہے؟ ہم جواب دیں گے کہ ان کا جواز اجماع سے ہے، اور اجماع شرعی دلیلوں میں سے ایک دلیل ہے۔'' (محمد امین)

ان کی صورت و سیرت سے تو پہلے بھی مسلمان سمجھنا اُن کا مشکل تھا، نام سے پتہ چل جاتا تھا، اب نئے نام انگریزی طرز کے رکھے جانے لگے، لڑکیوں کے نام خواتینِ اسلام کے طرز کے خلاف خدیجہ، عائشہ، فاطمہ کے بجائے، نسیم، شمیم، شہناز، نجمہ، پروین ہونے لگے۔

اس سے زیادہ افسوس ناک بات یہ ہے کہ جن لوگوں کے اسلامی نام ہیں۔ عبدالرحمٰن، عبدالخالق، عبدالرزاق، عبدالغفار، عبدالقدوس وغیرہ اُن میں تخفیف کا یہ غلط طریقہ اختیار کر لیا گیا کہ صرف آخری لفظ اُن کے نام کی جگہ پکارا جاتا ہے، رحمٰن، خالق، رزاق، غفار کا خطاب انسانوں کو دیا جا رہا ہے۔

اور اس سے زیادہ غضب کی بات یہ ہے کہ قدرۃ اللہ کو اللہ صاحب اور قدرتِ خدا کو خدا صاحب کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہ سب ناجائز و حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔ جتنی مرتبہ یہ لفظ پکارا جاتا ہے، اتنی ہی مرتبہ گناہ کبیرہ کا ارتکاب ہوتا ہے اور سننے والا بھی گناہ سے خالی نہیں رہتا۔ یہ گناہ بے لذت اور بے فائدہ ایسا ہے جس کو ہمارے ہزاروں بھائی اپنے شب و روز کا مشغلہ بنائے ہوئے ہیں اور کوئی فکر نہیں کرتے کہ اس ذرا سی حرکت کا انجام کتنا خطرناک ہے۔ جس کی طرف آیت مذکورہ کے آخری جملہ میں تنبیہ فرمائی گئی ہے۔

﴿سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ (سورہ الاعراف: آیت ۱۸۰)

ترجمہ: ''یعنی اُن کو اپنے کیے کا بدلہ دیا جائے گا۔''

اُس بدلہ کی تعیین نہیں کی گئی، اس ابہام سے عذاب شدید کی طرف اشارہ ہے۔

جن گناہوں میں کوئی دُنیوی فائدہ یا لذت و راحت ہے اُن میں تو کوئی کہنے والا یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ میں اپنی خواہش یا ضرورت سے مجبور ہو گیا، مگر افسوس یہ ہے کہ آج مسلمان ایسے بہت سے فضول گناہوں میں بھی اپنی جہالت یا غفلت سے مبتلا نظر آتے ہیں جن میں نہ دنیا کا کوئی فائدہ ہے، نہ ادنیٰ درجہ کی کوئی راحت و لذت ہے، وجہ یہ ہے کہ حلال و حرام اور جائز و ناجائز کی طرف دھیان ہی نہ رہا۔ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ۔ (معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۱۳۱)

## ۸۳ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام کی بددُعا کا اثر

﴿رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ﴾ (سورۂ یونس: آیت ۸۸)

ترجمہ: ''اے میرے پروردگار! ان کے اموال کی صورت بدل کر مسخ و بے کار کر دے۔''

حضرت قتادہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے کہ اس دُعا کا اثر یہ ظاہر ہوا کہ قومِ فرعون کے تمام زر و جواہرات اور نقدی سکے اور باغوں، کھیتوں کی سب پیداوار پتھروں کی شکل میں تبدیل ہو گئی۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے زمانہ میں ایک تھیلا پایا گیا جس میں فرعون کے زمانے کی چیزیں تھیں اُن میں انڈے اور بادام بھی دیکھے گئے جو بالکل پتھر تھے، ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام پھلوں، ترکاریوں اور غلہ کو پتھر بنا دیا تھا۔ (معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۵۶۲)

## ۸۴ نظر بد کی طرح نظر نیک کا اثر بھی برحق ہے

رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس کی تصدیق فرمائی ہے کہ نظر بد کا اثر حق ہے، ایک حدیث میں ہے کہ نظرِ بد ایک انسان کو

قبر میں اور اونٹ کو ہنڈیا میں داخل کر دیتی ہے، اسی لئے رسولِ کریم ﷺ نے جن چیزوں سے پناہ مانگی، اور امت کو پناہ مانگنے کی تلقین فرمائی ہے ان میں "مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ" بھی مذکور ہے یعنی پناہ مانگتا ہوں نظر بد سے۔ (قرطبی)

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے سہل بن حنیف کا واقعہ معروف ہے، کہ انہوں نے ایک موقع پر غسل کرنے کے لئے کپڑے اتارے تو ان کے سفید رنگ، تندرست بدن پر عامر بن ربیعہ کی نظر پڑ گئی، اور ان کی زبان سے نکلا کہ میں نے تو آج تک اتنا حسین بدن کسی کا نہیں دیکھا۔ یہ کہنا تھا کہ فوراً سہل بن حنیف کو سخت بخار چڑھ گیا، رسول اللہ ﷺ کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے علاج تجویز کیا اور عامر بن ربیعہ کو حکم دیا کہ وہ وضو کریں اور وضو کا پانی کسی برتن میں جمع کریں، یہ پانی سہل بن حنیف کے بدن پر ڈالا جائے، ایسا ہی کیا گیا تو فوراً سہل بن حنیف کا بخار اتر گیا اور وہ بالکل تندرست ہو گئے۔[1]

اس واقعہ میں آپ ﷺ نے عامر بن ربیعہ کو یہ تنبیہ بھی فرمائی کہ کوئی شخص اپنے بھائی کو کیوں قتل کرتا ہے، جب اُن کا بدن تمہیں خوب نظر آیا تو تم نے برکت کی دُعا کیوں نہ کی؟ نظر کا اثر حق ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب کسی شخص کو کسی دوسرے کی جان و مال میں کوئی اچھی بات تعجب انگیز نظر آئے تو اس کو چاہئے کہ اس کے واسطے یہ دُعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا فرما دے، بعض روایات میں ہے کہ: "مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہے اس سے نظر بد کا اثر جاتا رہتا ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی کی نظر بد کسی کو لگ جائے تو نظر لگانے والے کے ہاتھ پاؤں اور چہرہ کا غسالہ اس کے بدن پر ڈالنا نظرِ بد کے اثر کو زائل کر دیتا ہے، قرطبی نے فرمایا کہ تمام علماء اُمت اہلِ سنت والجماعت کا اس پر اتفاق ہے کہ نظرِ بد لگ جانا اور اس سے نقصان پہنچ جانا حق ہے۔

**نوٹ:** جب بری نظر میں تاثیر ہے تو اچھی نظر کی بھی تاثیر ہو سکتی ہے، اولیاء اللہ (اللہ تعالیٰ کے خاص بندے) جب نظر ڈالتے ہیں ہدایت عام ہو جاتی ہے۔ (معارف القرآن جلد ۵ صفحہ ۹۸)

## (۸۵) پاؤں کی تکلیف دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورِ اکرم ﷺ نے ایک جماعت یمن بھیجی اور اُن میں سے ایک صحابی کو اُن کا امیر بنایا جن کی عمر سب سے کم تھی، وہ لوگ کئی دن تک وہاں ہی ٹھہرے اور نہ جا سکے، اس جماعت کے ایک آدمی سے حضور ﷺ کی ملاقات ہوئی حضور ﷺ نے فرمایا: اے فلانے! تمہیں کیا ہوا؟ تم ابھی تک کیوں نہیں گئے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے امیر کے پاؤں میں تکلیف ہے چنانچہ آپ ﷺ اس امیر کے پاس تشریف لے گئے۔ اور "بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا فِیْھَا" سات مرتبہ پڑھ کر اس آدمی پر دم کیا، وہ آدمی (اُسی وقت) ٹھیک ہو گیا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۷۸)

## (۸۶) روزی میں برکت کے لئے نبوی نسخہ

گھر میں داخل ہو کر سلام کرے چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو، پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ (حصنِ حصین)

---

[1] حضرت سہل بن حنیف اور عامر بن ربیعہ دونوں بدری صحابی ہیں، اور یہ روایت مشکوٰۃ شریف میں بھی ہے (صفحہ ۳۹۰) محمد امین

## ⑧۷ پریشانی دور کرنے کے لئے نبوی نسخہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باہر نکلا اس طرح کہ میرا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک ایسے شخص پر ہوا جو بہت شکستہ حال اور پریشان تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تمہارا یہ حال کیسے ہوگیا؟ اُس شخص نے عرض کیا کہ بیماری اور تنگدستی نے میرا یہ حال کر دیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں چند کلمات بتاتا ہوں، وہ پڑھو گے تو تمہاری بیماری اور تنگدستی جاتی رہے گی، وہ کلمات یہ ہیں:

”تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا.“

تَرْجَمَہ: ”میں اس زندہ ہستی پر بھروسہ کرتا ہوں جس پر کبھی موت طاری نہیں ہوگی، تمام خوبیاں اُسی اللہ کے لئے ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے، اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے، اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔“

اس کے کچھ عرصہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرف تشریف لے گئے تو اُس کو اچھے حال میں پایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی کا اظہار فرمایا، اس نے عرض کیا کہ جب سے آپ نے مجھے یہ کلمات بتلائے تھے میں پابندی سے ان کلمات کو پڑھتا ہوں۔ (معارف القرآن جلد۵ صفحہ ۵۳۱)

## ⑧۸ مسلمانوں کے اجتماعی مال میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی احتیاط

❶ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں اللہ کے مال کو (یعنی مسلمانوں کے اجتماعی مال کو جو بیت المال میں ہوتا ہے) اپنے لئے یتیم کے مال کی طرح سمجھتا ہوں اگر مجھے ضرورت نہ ہو تو میں اس کے استعمال سے بچتا ہوں، اور اگر مجھے ضرورت ہو تو ضرورت کے مطابق مناسب مقدار میں اسے لیتا ہوں۔

دوسری روایت میں ہے کہ میں اللہ کے مال کو اپنے لئے یتیم کے مال کی طرح سمجھتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے یتیم کے مال کے بارے میں قرآن مجید میں فرمایا ہے۔

﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ﴾ (سورۃ نساء: آیت ۶)

تَرْجَمَہ: ”جو شخص غنی ہو سو وہ تو اپنے کو بالکل بچائے اور جو شخص حاجت مند ہو تو وہ مناسب مقدار سے کھائے۔“ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ ۳۱۱)

❷ حضرت براء بن معرور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک بیٹے کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ بیمار ہوئے ان کے لئے علاج میں شہد تجویز کیا گیا اور اس وقت بیت المال میں شہد کی ایک کپی موجود تھی۔ (انہوں نے خود اس شہد کو نہ لیا بلکہ) مسجد جا کر منبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا مجھے علاج کے لئے شہد کی ضرورت ہے، اور شہد بیت المال میں موجود ہے، اگر آپ لوگ اجازت دیں تو میں اسے لے لوں، ورنہ وہ میرے لئے حرام ہے، چنانچہ لوگوں نے خوشی سے ان کو اجازت دے دی۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ ۳۱۳)

۳ حضرت اسماعیل بن محمد بن سعد بن ابی وقاص رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے پاس بحرین سے مشک اور عنبر آیا۔ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ مجھے کوئی ایسی عورت مل جائے جو تولنا اچھی طرح جانتی ہو اور وہ مجھے یہ خوشبو تول دے تا کہ میں اُسے مسلمانوں میں تقسیم کرسکوں۔ ان کی بیوی عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے کہا میں تولنے میں بڑی ماہر ہوں لائیے میں تول دیتی ہوں۔ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا نہیں تم سے نہیں تلوانا، انہوں نے کہا کیوں؟ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا مجھے ڈر ہے کہ تو اُسے اپنے ہاتھوں سے ترازو میں رکھے گی (یوں کچھ نہ کچھ خوشبو تیرے ہاتھ کو لگ جائے گی اور کنپٹی اور گردن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) اور یوں تو اپنی کنپٹی اور گردن پر اپنے ہاتھ پھیرے گی اس طرح تجھے مسلمانوں سے کچھ زیادہ خوشبو مل جائے گی۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ ۳۱۵)

۴ حضرت مالک بن اوس بن حدثان رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے پاس روم کے بادشاہ کا قاصد آیا، حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بیوی نے ایک دینار اُدھار لے کر عطر خریدا اور شیشیوں میں ڈال کر وہ عطر اس قاصد کے ہاتھ روم کے بادشاہ کی بیوی کو ہدیہ میں بھیج دیا۔

جب یہ قاصد بادشاہ کی بیوی کے پاس پہنچا اور اُسے وہ عطر دیا تو اس نے وہ شیشیاں خالی کر کے جواہرات سے بھر دیں اور قاصد سے کہا جاؤ، یہ حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بیوی کو دے آؤ۔

جب یہ شیشیاں حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بیوی کے پاس پہنچیں تو انہوں نے شیشیوں سے وہ جواہرات نکال کر بچھونے پر رکھ دیئے۔ اتنے میں حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ گھر آ گئے، اور انہوں نے پوچھا کہ کیا ہے؟ ان کی بیوی نے ان کو سارا قصہ سنایا۔ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے وہ تمام جواہرات لے کر بیچ دیئے، اور ان کی قیمت میں سے صرف ایک دینار اپنی بیوی کو دیا، اور باقی ساری رقم مسلمانوں کے لئے بیت المال میں جمع کرا دی۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ ۳۱۶)

۵ حضرت ابن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے کچھ اونٹ خریدے اور ان کو بیت المال کی چراگاہ میں چھوڑ آیا، جب وہ خوب موٹے ہو گئے تو میں انہیں بیچنے کے لئے بازار لے آیا، اتنے میں حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بھی بازار تشریف لے آئے، اور انہیں موٹے موٹے اونٹ نظر آئے تو انہوں نے پوچھا یہ اونٹ کس کے ہیں؟ لوگوں نے انہیں بتایا کہ یہ حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے ہیں، تو فرمانے لگے اے عبداللہ بن عمر! واہ واہ امیر المؤمنین کے بیٹے کے کیا کہنے! میں دوڑتا ہوا آیا اور میں نے عرض کیا اے امیر المؤمنین! کیا بات ہے؟ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا یہ اونٹ کیسے ہیں؟ میں نے عرض کیا میں نے یہ اونٹ خریدے تھے اور بیت المال کی چراگاہ میں چرنے کے لئے بھیجے تھے۔ (اب میں ان کو بازار لے آیا ہوں) تا کہ میں دوسرے مسلمانوں کی طرح انہیں بیچ کر نفع حاصل کروں۔

حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا ہاں بیت المال کی چراگاہ میں لوگ ایک دوسرے کو کہتے ہوں گے: امیر المؤمنین کے بیٹے کے اونٹوں کو چراؤ، اور امیر المؤمنین کے بیٹے کے اونٹوں کو پانی پلاؤ (میرے بیٹے ہونے کی وجہ سے تمہارے اونٹوں کی زیادہ رعایت کی ہوگی اس لئے) اے عبداللہ بن عمر! ان اونٹوں کو بیچو اور تم نے جتنی رقم میں خریدے تھے وہ تو لے لو، اور باقی زائد رقم مسلمانوں کے بیت المال میں جمع کرا دو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ ۳۱۶)

## ۸۹ جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اس کو یہ دُعا پڑھنے کی توفیق ہوتی ہے

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بریدہ! جس کے ساتھ اللہ پاک خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو مندرجہ ذیل کلمات سکھا دیتے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رِضَائِیْ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَاَغْنِنِیْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ."

آگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اللہ تعالیٰ یہ کلمات سکھاتا ہے پھر وہ مرتے دم تک نہیں بھولتا۔

(احیاء العلوم جلد ۱ صفحہ ۲۷۷)

## ۹۰ قبولیتِ دُعاء

حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مجھے قرآن کریم کی ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اس کو پڑھ کر آدمی جو دُعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

﴿قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْ مَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ﴾ (سورۂ زمر: آیت ۴۶)

ترجمہ: "آپ کہیے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! چھپی اور کھلی باتوں کے جاننے والے! آپ ہی اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرما دیں گے جن میں باہم وہ اختلاف کرتے تھے۔" (قرطبی، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۶)

## ۹۱ مشاجراتِ صحابہ کے متعلق ایک اہم ہدایت

حضرت ربیع بن خثیم سے کسی نے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے ایک آہ بھری اور اس آیت کی تلاوت فرمائی:

﴿قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْ مَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ﴾ (سورۂ زمر: آیت ۴۶)

ترجمہ: "آپ کہیے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! چھپی اور کھلی باتوں کے جاننے والے! آپ ہی اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرما دیں گے جن میں باہم وہ اختلاف کرتے تھے۔" (قرطبی، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۶)

اور فرمایا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے باہمی اختلافات کے متعلق جب تمہارے دل میں کوئی کھٹک پیدا ہو تو یہ آیت پڑھ لیا کرو۔ روح المعانی میں اس کو نقل کر کے فرمایا ہے۔ کہ عظیم الشان تعلیم ادب ہے جس کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔

(معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۶)

## (۹۲) جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ

جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ" پڑھے گا تو حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ گناہ معاف ہوں گے اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوں گے۔[ا]

(رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ صفحہ ۲۲۴)

## (۹۳) وضو کے وقت کی خاص دُعاء

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص وضو کرتے وقت مندرجہ ذیل دُعاء کو پڑھتا ہے اس کے لئے مغفرت کا ایک پرچہ لکھ کر اور پھر اس پر مہر لگا کر رکھ دیا جاتا ہے۔ قیامت کے دن تک اس کی مہر نہ توڑی جائے گی اور وہ مغفرت کا حکم برقرار رہے گا۔

"سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ" (حصن حصین صفحہ ۱۰۰)

## (۹۴) تین بڑی بیماریوں سے بچنے کا نبوی آسان نسخہ

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، حضور ﷺ نے پوچھا کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا میری عمر زیادہ ہوگئی ہے، میری ہڈیاں کمزور ہوگئیں ہیں یعنی میں بوڑھا ہوگیا ہوں میں آپ ﷺ کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوا ہوں تا کہ مجھے آپ وہ چیز سکھائیں جس سے اللہ تعالیٰ مجھے نفع دے۔

حضور ﷺ نے فرمایا تم جس پتھر، درخت اور ڈھیلے کے پاس سے گزرے ہو اس نے تمہارے لئے دعائے مغفرت کی ہے۔ اے قبیصہ! صبح کی نماز کے بعد تین مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ کہو، اس سے تم اندھے پن، کوڑھی پن اور فالج سے محفوظ رہو گے، اے قبیصہ! یہ دعاء بھی پڑھا کرو۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِمَّا عِنْدَكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ."

تَرجَمَۃ: "اے اللہ! میں ان نعمتوں میں سے مانگتا ہوں جو تیرے پاس ہیں، اور اپنے فضل کی مجھ پر بارش کر، اور اپنی رحمت مجھ پر پھیلا دے، اور اپنی برکت مجھ پر نازل کر دے۔" (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۱۷۹)

## (۹۵) شیطان کا پیشاب انسان کے کان میں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک آدمی کا ذکر کیا گیا

---

[ا] بخاری اور مسلم شریف کی روایت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ."

(متفق علیہ، مشکوٰۃ صفحہ ۲۰۰)

تَرجَمَۃ: "جس نے ایک دن میں سو مرتبہ کہا: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، اس کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔" (محمد امین)

کہ وہ صبح تک سوتا ہی رہتا ہے نماز کے لئے بھی نہیں اٹھتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ذَاکَ رَجُلٌ بَالَ الشَّیْطَانُ فِیْ اُذُنِہٖ." (بخاری ومسلم)

ترجمہ: "یہ ایسا آدمی ہے جس کے کانوں میں شیطان پیشاب کر جاتا ہے۔" (تاریخ جنات وشیاطین صفحہ ۳۸۵)

## (۹۶) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبر میں منکر نکیر سے سوال کرنا

ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق دے کر بھیجا ہے مجھے حضرت جبرئیل نے بتایا ہے کہ منکر نکیر قبر میں تمہارے پاس آئیں گے اور تم سے سوال کریں گے۔ مَنْ رَّبُّکَ اے عمر! تیرا رب کون ہے؟ تو تم جواب میں کہو گے میرا رب اللہ ہے! تم بتاؤ تم دونوں کا رب کون ہے؟ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے نبی ہیں۔ تم دونوں کے نبی کون ہیں؟ اور اسلام میرا دین ہے۔ تم دونوں کا دین کیا ہے؟ اس پر وہ دونوں کہیں گے دیکھو کیا عجیب بات ہے ہمیں پتہ نہیں چل رہا ہے کہ ہمیں تمہارے پاس بھیجا گیا ہے یا تمہیں ہمارے پاس بھیجا گیا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۹۹)

## (۹۷) پانچ جملے دُنیا کے لئے، پانچ جملے آخرت کے لئے

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، جس کا مفہوم یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے مندرجہ ذیل دس کلمات کو نمازِ فجر کے وقت (پہلے یا بعد میں) کہا تو وہ شخص ان کلمات کو پڑھتے ہی اللہ تعالیٰ کو اس کے حق میں کافی اور کلمات پڑھنے پر اجر وثواب دیتے ہوئے پائے گا، پہلے پانچ کلمات دُنیا سے متعلق ہیں اور باقی پانچ آخرت سے متعلق ہیں ـــــ دُنیا کے پانچ یہ ہیں۔

❶ "حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، میرے دین کے لئے۔"

❷ "حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَا اَهَمَّنِیْ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، میرے کل فکر کے لئے۔"

❸ "حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، اس شخص کے لئے جو مجھ پر زیادتی کرے۔"

❹ "حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، اس شخص کے لئے جو مجھ پر حسد کرے۔"

❺ "حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْءٍ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، اس شخص کے لئے جو دھوکہ اور فریب دے مجھے برائی کے ساتھ۔"

اور آخرت کے پانچ یہ ہیں:

❶ "حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، موت کے وقت۔"

❷ "حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْاَلَۃِ فِی الْقَبْرِ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، قبر میں سوال کے وقت۔"

❸ "حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَالْمِیْزَانِ" ...... ترجمہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، میزان کے پاس (یعنی اس ترازو

کے پاس جس میں نامۂ اعمال کا وزن ہوگا)۔"

❹ "حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ" ...... تَرْجَمَہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، پل صراط کے پاس۔"

❺ "حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ"

تَرْجَمَہ: "کافی ہے مجھ کو اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر توکل کیا اور میں اسی کی طرف رجوع ہوتا ہوں۔" (درمنثور جلد ۲ صفحہ ۱۰۳)

## (۹۸) قید سے چھٹکارے کا نبوی نسخہ

سیرت ابن اسحاق میں ہے کہ حضرت عوف اشجعی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے لڑکے حضرت سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ جب کافروں کی قید میں تھے تو حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا ان سے کہلوادو کہ بکثرت لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھتے رہیں۔

ایک دن اچانک بیٹھے بیٹھے ان کی قید کھل گئی اور یہ وہاں سے نکل بھاگے اور ان لوگوں کی ایک اونٹنی ہاتھ لگ گئی جس پر سوار ہولئے، راستے میں ان کے اونٹوں کے ریوڑ ملے انہیں اپنے ساتھ ہنکا لائے۔

وہ لوگ پیچھے دوڑے لیکن یہ کسی کے ہاتھ نہ لگے سیدھے اپنے گھر آئے اور دروازے پر کھڑے ہوکر آواز دی باپ نے آواز سن کر فرمایا اللہ کی قسم! یہ تو سالم ہے، ماں نے کہا ہائے وہ کہاں! وہ تو قید و بند کی مصیبتیں جھیل رہا ہوگا۔ اب دونوں ماں باپ اور خادم دروازے کی طرف دوڑے دروازا کھولا، دیکھا تو ان کے لڑکے سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ہیں اور تمام انگنائی اونٹوں سے بھری پڑی ہے، پوچھا کہ یہ اونٹ کیسے ہیں؟ انہوں نے واقعہ بیان کیا تو فرمایا اچھا ٹھہرو میں حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے ان کی بابت مسئلہ دریافت کر آؤں۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا یہ سب تمہارا ہے جو چاہو کرو۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۵ صفحہ ۳۷۶)

## (۹۹) مصائب سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب نسخہ

حدیث میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے عوف بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو مصیبت سے نجات اور حصولِ مقصد کے لئے یہ تلقین فرمائی کہ کثرت کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا کریں۔

حضرت مجدد الف ثانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا کہ دینی اور دُنیاوی ہر قسم کے مصائب اور مضرتوں سے بچنے اور منافع و مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کلمہ کی کثرت بہت مجرب عمل ہے۔ اور اس کثرت کی مقدار حضرت مجدد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے یہ بتلائی ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ یہ کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا کرے، اور سو مرتبہ درود شریف اس کے اوّل اور آخر میں پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دعاء کیا کرے۔ (تفسیر مظہری، معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۴۸۸)

## (۱۰۰) چوتھے آسمان کے فرشتے کو مدد کے لئے حرکت میں لانے والی دعاء

حضرت انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ایک صحابی کی کنیت ابو معلق تھی اور وہ تاجر تھے اپنے اور دوسروں کے مال سے تجارت کیا کرتے تھے اور وہ بہت عبادت گزار اور پرہیزگار تھے۔ ایک مرتبہ وہ سفر میں گئے۔ انہیں راستہ میں ایک ہتھیاروں سے مسلح ڈاکو ملا اس نے کہا اپنا سارا سامان یہاں رکھ دو میں تمہیں قتل کر دوں گا، اُس صحابی نے کہا تمہیں مال لینا ہے وہ لے لو، ڈاکو نے کہا نہیں میں تمہارا خون بہانا چاہتا ہوں، اُس صحابی نے کہا مجھے ذرا مہلت دو میں نماز

پڑھ لو، اُس نے کہا جتنی پڑھنی ہے پڑھ لو۔ چنانچہ اُنہوں نے وضو کر کے نماز پڑھی اور یہ دعاء تین مرتبہ مانگی:

"يَا وَدُوْدُ! يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ! يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ! اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ، يَا مُغِيْثُ! اَغِثْنِيْ!

تو اچانک ایک گھوڑے سوار نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا جسے اٹھا کر وہ اپنے گھوڑے کے کانوں کے درمیان بلند کیا ہوا تھا اس نے اس ڈاکو کو نیزہ مار کر قتل کر دیا، پھر وہ اس تاجر کی طرف متوجہ ہوا۔ تاجر نے پوچھا تم کون ہو؟ اللہ نے تمہارے ذریعہ سے میری مدد فرمائی۔ اس نے کہا میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں، جب آپ نے (پہلی مرتبہ) دُعاء کی تو میں نے آسمان کے دروازوں کی کھڑکھڑاہٹ سنی، جب آپ نے دوبارہ دُعاء کی میں نے آسمان والوں کی چیخ و پکار سنی، پھر آپ نے تیسری مرتبہ دُعاء کی تو کسی نے کہا یہ ایک مصیبت زدہ کی دُعاء ہے۔ میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ اس ڈاکو کو قتل کرنے کا کام میرے ذمہ کر دیں، پھر اس فرشتے نے کہا آپ کو خوشخبری ہو کہ جو آدمی بھی وضو کر کے چار رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دُعاء مانگے تو اس کی دُعاء ضرور قبول ہوگی، چاہے وہ مصیبت زدہ ہو یا نہ ہو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۱۷۶)

## (۱۰۱) تلاوتِ قرآن کے وقت خاموش نہ رہنا کفار کا شیوہ ہے

﴿وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ﴾ (سورۃ حٰم السجدۃ: آیت ۲۶)

تَرْجَمَہ: ''اور کافر یہ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو سنو ہی مت، اوراس کے بیچ میں غل مچا دیا کرو، شاید تم ہی غالب رہو۔''

آیتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ تلاوتِ قرآن میں خلل ڈالنے کی نیت سے شور وغل کرنا کفر کی علامت ہے، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خاموش ہو کر سننا واجب اور ایمان کی علامت ہے۔ آج کل ریڈیو پر تلاوتِ قرآنِ پاک نے ایسی صورت اختیار کر لی ہے کہ ہر ہوٹل اور مجمع کے مواقع میں ریڈیو کھولا جاتا ہے، جس میں قرآن کی تلاوت ہو رہی ہو، اور ہوٹل والے خود اپنے دھندوں میں لگے رہتے ہیں اور کھانے پینے والے اپنے شغل میں، اس کی صورت وہ بن جاتی ہے جو کفار کی علامت تھی۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت فرمائیں کہ یا تو ایسے مواقع میں تلاوتِ قرآن کے لئے ریڈیو نہ کھولیں، اگر کھولنا ہے اور برکت حاصل کرنا ہے تو چند منٹ سب کام بند کر کے خود بھی اس طرف متوجہ ہو کر سنیں اور دوسروں کو بھی اس کا موقع دیں۔

(معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۴۷)

## (۱۰۲) انڈا حلال ہے، اس کی دلیل

حضرت ابو ہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو فرشتے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور شروع میں آنے والوں کے نام یکے بعد دیگرے لکھتے ہیں، اور اوّل وقت دوپہر میں آنے والے کی مثال اُس شخص کی سی ہے جو اللہ تعالیٰ کے حضور میں اونٹ کی قربانی پیش کرتا ہے، پھر اُس کے بعد دوم نمبر پر آنے والے کی مثال اُس شخص کی سی ہے جو گائے پیش کرتا ہے، پھر اُس کے بعد آنے والے کی مثال مینڈھا پیش کرنے والے کی، اُس کے بعد آنے والے کی مثال مرغی پیش کرنے والے کی، اُس کے بعد آنے والے کی مثال انڈا پیش کرنے والے کی۔

پھر جب امام خطبہ کے لئے منبر کی طرف جاتا ہے تو یہ فرشتے اپنے لکھنے کے دفتر لپیٹ لیتے ہیں اور خطبہ سننے میں شریک ہو جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

## (۱۰۳) پرانے ہوں تو ایسے ہوں

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر کھڑے رو رہے تھے، حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا کیوں رو رہے ہو؟ فرمایا میں نے ایک حدیث سنی تھی کہ اللہ پاک ایسے لوگوں کو پسند کرتا ہے جو متقی ہوں اور چھپے ہوئے ہوں ایسے کہ اگر مجلس میں آئیں تو کوئی ان کو نہ پہچانے، اور اگر مجلس میں نہ ہوں تو کوئی نہ ڈھونڈے کہ فلاں صاحب کہاں گئے؟ مجلس میں کیوں نہ آئے؟ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں، ہر فتنہ سے محفوظ رہیں گے —— پرانے ہوں تو ایسے ہوں کام خوب کریں تعلق مع اللہ بہت ہو۔ مگر چھپے ہوئے ہوں، زمین پر زیادہ لوگ نہ پہچانتے ہوں۔ آسمان پر سب جانتے ہوں۔ "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَمَعَهُمْ" (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ۷۸۵)

## (۱۰۴) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان نوک جھونک، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو نبھالیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی فضیلت بیان فرمائی

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خالد ہمیشہ مجھ سے تو تو میں میں کرتے رہتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کچھ نہ کہو اس لئے کہ یہ بدری ہیں، خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمانے لگے کہ حضرت! یہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے بھی کوستے رہتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عوف سے فرمایا کہ خالد کو کچھ نہ کہو اس لئے کہ یہ اللہ کی تلوار ہے۔

**فائدہ:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی تعریف کر دی، دونوں کو نبھا بھی لیا۔ ساتھیوں کی آپس میں تو تو میں میں ہو جائے تو ذمہ دار دونوں کی تعریف کرے اور دونوں کو نبھا لے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ۴۸۴)

## (۱۰۵) پرانے قربانیاں دینے والے ساتھیوں کی اولاد کی رعایت اور اُن کے ساتھ حسنِ سلوک ضروری ہے، ورنہ نہ نفل عبادت قبول ہوگی نہ فرض

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دنیا سے تشریف لے جانے کا وقت قریب آیا تو حضراتِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمیں وصیت فرما دیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہاجرین میں سے جو سابقین اولین ہیں میں تمہیں ان کے ساتھ اور ان کے بعد ان کے اولاد کے ساتھ اچھے سلوک کی وصیت کرتا ہوں اگر تم اس وصیت پر عمل نہیں کرو گے تو تمہارا نہ نفلی عمل قبول ہوگا اور نہ فرض عمل قبول ہوگا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ۴۸۵)

**فائدہ:** دین کا کام کرنے والے ساتھیوں کی اولاد کی رعایت ضروری ہے۔ سب سے اچھا سلوک یہ ہے کہ اُن کو بھی دعوت کے کام میں محبت سے چلایا جائے اور خیر خواہی کا معاملہ کیا جائے۔

## (۱۰۶) حضور اکرم ﷺ نے شلوار استعمال کی ہے اس کی دلیل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے چار درہم میں ایک شلوار خریدی میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! آپ یہ شلوار پہنیں گے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ہاں دن رات سفر وحضر میں پہنوں گا۔ کیونکہ مجھے ستر ڈھانکنے کا حکم دیا گیا ہے اور مجھے اس سے زیادہ ستر ڈھانکنے والی کوئی چیز نہ ملی۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۷۰۷)

## (۱۰۷) وہ خوش نصیب صحابی جن کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا فرشتے ان کے جنازہ کو لے کر تبوک پہنچے، اور آنحضرت ﷺ نے جنازہ کی نماز تبوک میں پڑھی

معاویہ بن معاویہ لیثی انصاری کا انتقال مدینہ میں ہوا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام ستر ہزار فرشتوں کو لے کر مدینہ آئے، ان کے جنازہ کو لے کر تبوک روانہ ہوئے، آپ ﷺ نے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے جنازہ کی نماز تبوک میں پڑھی اور جنازہ واپس مدینہ لایا گیا اور تدفین بقیع میں ہوئی، حضور ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا یہ اعزاز کیوں ملا؟ فرمایا کہ کثرت سے سورۂ اخلاص پڑھا کرتے تھے اس لئے یہ اعزاز ملا ہے۔ (تفسیر رازی فی تفسیر قل ھو اللہ احد)

## (۱۰۸) میت پر رونے والی کو عذاب

نوحہ کرنے والی نے اگر اپنی موت سے پہلے توبہ نہ کرلی، تو اسے قیامت کے دن گندھک کا کرتا اور کھجلی کا دوپٹہ پہنایا جائے گا۔ مسلم شریف میں بھی یہ حدیث ہے۔ اور یہ بھی روایت میں ہے کہ وہ جنت دوزخ کے درمیان کھڑی کی جائے گی، گندھک کا کرتا ہوگا اور منہ پر آگ کھیل رہی ہوگی۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۸۵)

## (۱۰۹) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دُعاء

حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب ارادہ کرتے کہ کسی مردے کو زندہ کریں تو دو رکعت نماز پڑھتے، پہلی رکعت میں "تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ الخ" اور دوسری رکعت میں "الٓمٓ تَنْزِيْلُ" پڑھتے پھر اللہ کی حمد وثناء کرتے۔ پھر یہ سات اسماء باری پڑھتے: "يَا قَدِيْمُ، يَا خَفِيُّ، يَا دَائِمُ، يَا فَرْدُ، يَا وِتْرُ، يَا اَحَدُ، يَا صَمَدُ." اور اگر کوئی سخت پریشانی لاحق ہو جاتی تو یہ سات نام لے کر دعاء کرتے۔

"يَا حَيُّ، يَا قَيُّوْمُ، يَا اَللّٰهُ، يَا رَحْمَانُ، يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، يَا نُوْرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ يَا رَبِّ." یہ زبردست اثر والے نام ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۳۶)

## (۱۱۰) مردوں اور عورتوں کے غصہ اور لڑائی میں فرق

مردوں کے مزاج میں حرارت ہوتی ہے اس واسطے ان کی ناراضگی اور غصہ کا اثر مارنے پیٹنے چلانے وغیرہ کی صورت میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور عورتوں کی فطرت میں حیا و برودت رکھی گئی ہے اس واسطے ناراضگی کا اثر ظاہر نہیں ہوتا ورنہ درحقیقت ناراضگی میں عورتیں مردوں سے کچھ کم نہیں بلکہ زیادہ ہیں۔ پس ان کو ایسے موقع پر بھی غصہ آ جاتا ہے جہاں مردوں کو نہیں آتا

کیونکہ ان کی عقل میں نقصان ہے تو ان کے غصہ کے مواقع بھی زیادہ ہیں۔

اس کے علاوہ چیخنے چلانے کی نسبت میٹھا غصہ دیرپا ہوتا ہے اور چیخنے چلانے والوں کا غصہ اُبال کی طرح سے اُٹھ کر دب جاتا ہے، اور میٹھا غصہ دل کے اندر جمع رہتا ہے، اس کو کینہ کہتے ہیں، کینہ کا منشاء غصہ ہے، سوایک عیب تو وہ غصہ تھا اور دوسرا عیب یہ کینہ ہے تو میٹھے غصے میں دو عیب ہیں، اور کینہ میں ایک عیب اور ہے کہ جب غصہ نکلا نہیں تو اس کا خمار دل میں بھرا رہتا ہے اور بات، بہانہ اور رنجیدگیاں پیدا ہوتی چلی جاتی ہیں تو کینہ صرف ایک گناہ نہیں ہے بلکہ بہت سے گناہوں کی جڑ ہے۔ اور کینہ میٹھے غصہ میں ہوتا ہے اور میٹھا غصہ عورتوں میں زیادہ ہوتا ہے تو عورتوں کا غصہ ہزاروں گناہوں کا سبب ہے مردوں کا غصہ ایسا نہیں ہے مردوں کا غصہ جوشیلا اور عورتوں کا غصہ میٹھا ہے۔ (غوائل الغضب صفحہ ۲۲، تحفہ زوجین صفحہ ۱۷)

## (۱۱۱) عورتیں تین قسم کی ہوتی ہیں

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: عورتیں تین قسم کی ہوتی ہیں:

❶ ایک عورت تو وہ ہے جو پاک دامن، مسلمان، نرم طبیعت، محبت کرنے والی، زیادہ بچے دینے والی ہو، اور زمانہ کے فیشن کے خلاف اپنے گھر والوں کی مدد کرتی ہو (سادہ رہتی ہو) اور گھر والوں کو چھوڑ کر زمانہ کے فیشن پر نہ چلتی ہو لیکن تمہیں ایسی عورتیں کم ملیں گی۔

❷ دوسری وہ عورت ہے جو خاوند سے بہت مطالبہ کرتی ہو اور بچے جننے کے علاوہ اس کا اور کوئی کام نہیں۔

❸ تیسری وہ عورت ہے۔ جو خاوند کے گلے کا طوق ہو اور جوں کی طرح چمٹی ہوئی ہو (یعنی بداخلاق بھی ہو اور اس کا مہر بھی زیادہ ہو جس کی وجہ سے اس کا خاوند اسے چھوڑ نہ سکتا ہو) ایسی عورت کو اللہ تعالیٰ جس کی گردن میں چاہتے ہیں ڈال دیتے ہیں اور جب چاہتے ہیں اس کی گردن سے اتار لیتے ہیں۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۵۶۲)

## (۱۱۲) غریب ساتھی کا صدقہ قبول کرنا

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی ایک گھوڑی لے کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جس کا نام "شبلہ تھا" اور انہیں اپنے مال میں سے کوئی چیز اس گھوڑی سے زیادہ محبوب نہیں تھی اور عرض کیا کہ یہ گھوڑی اللہ کے لئے صدقہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول فرما کر ان کے بیٹے حضرت اُسامہ بن زید کو سواری کے لئے دے دی۔ (حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ اچھا نہ لگا کہ ان کی صدقہ کی ہوئی گھوڑی ان کے ہی بیٹے کو مل گئی، یوں صدقہ کی ہوئی چیز اپنے ہی گھر واپس آگئی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ناگواری کا اثر ان کے چہرے میں محسوس فرمایا تو ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے اس صدقہ کو قبول کر چکے ہیں (لہٰذا اب یہ گھوڑی جسے بھی مل جائے تمہارے اجر میں کوئی کمی نہیں آئے گی)۔

(حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۲۱۲)

حضرت عبداللہ بن زید بن عبد ربہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنہوں نے خواب میں (فرشتے کو) اذان دیتے ہوئے دیکھا تھا وہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میرا یہ باغ صدقہ ہے۔ میں اللہ اور اس کے رسول کو دے رہا ہوں وہ جہاں چاہیں خرچ کر دیں۔

جب اُن کے والدین کو معلوم ہوا تو انہوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارا گزر تو اسی باغ پر ہو رہا تھا ہمارے بیٹے نے اسے صدقہ کر دیا حضور ﷺ نے وہ باغ ان دونوں کو دے دیا پھر جب ان دونوں کا انتقال ہو گیا تو پھر وہ باغ ان کے بیٹے حضرت عبداللہ بن زید رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو وراثت میں مل گیا اور وارث بن کر اس باغ کے مالک ہو گئے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۲۱۵)

## (۱۱۳) دُنیا کے ہر انار میں جنت کا ایک دانہ ہوتا ہے

حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا نے انار کے ایک دانہ کو اٹھایا اور اس کو کھا لیا ان سے کہا گیا آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے یہ کیوں کیا؟ فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ زمین کے ہر انار میں جنت کے دانوں میں سے ایک دانہ ڈالا جاتا ہے شاید کہ یہ وہی ہو۔ (طبرانی بسند صحیح)

**فَائِدَہ:** اس ارشاد کو آنحضرت ﷺ سے مرفوعاً بھی روایت کیا گیا ہے۔

(الطب النبوی، کنز العمال، جنت کے حسین مناظر، مولانا امداد اللہ انور صفحہ ۵۵۸)

## (۱۱۴) نیند اگر نہ آئے تو یہ دعاء پڑھیں

مسند احمد میں ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ ایک دعاء سکھاتے تھے کہ نیند اچاٹ ہو جانے کے مرض کو دور کرنے کے لئے ہم سوتے وقت پڑھا کریں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ."

حضرت ابن عمرو رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا کا دستور تھا کہ اپنی اولاد میں سے جو ہوشیار ہوتے ان کو یہ دعا سکھا دیا کرتے اور جو چھوٹے ناسمجھ ہوتے یاد نہ کر سکتے ان کے گلے میں اس دعاء کو لکھ کر لٹکا دیتے۔[1]

ابوداؤد، ترمذی اور نسائی میں بھی یہ حدیث ہے۔ امام ترمذی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ اسے حسن غریب بتلاتے ہیں۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۴۶۹)

## (۱۱۵) حضور اکرم ﷺ کی حضرت انس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو پانچ نصیحتیں

حضرت انس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی کریم ﷺ نے پانچ باتوں کی وصیت کی ہے۔ فرمایا:

---

[1] "عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا فَزِعَ اَحَدُكُمْ فِي النَّوْمِ فَلْيَقُلْ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ، وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ، فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ.

وَكَانَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهٖ، وَمَنْ لَّمْ يَبْلُغْ مِنْهُمْ، كَتَبَهَا فِيْ صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِهٖ." (رواه ابوداؤد والترمذی، وَهٰذَا لَفْظُهٗ (مشکوۃ شریف صفحہ ۲۱۷، باب الاستعاذۃ، سنن ترمذی جلد ۲ صفحہ ۱۹۱، محمد امین پالن پوری)

۱ اے انس! کامل وضو کرو تمہاری عمر بڑھے گی۔

۲ جو میرا امتی ملے سلام کرو نیکیاں بڑھیں گی۔

۳ گھر میں سلام کر کے جایا کرو گھر کی خیریت بڑھے گی۔

۴ چاشت کی نماز پڑھتے رہو تم سے اگلے لوگ جو اللہ والے بن گئے تھے ان کا یہی طریقہ تھا۔

۵ اے انس! چھوٹوں پر رحم کر، بڑوں کی عزت و توقیر کرو، تو قیامت کے دن میرا ساتھی ہوگا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۵۲۸)

## (۱۱۶) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خط

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خط لکھا اور اس میں درخواست کی کہ آپ مجھے کچھ نصیحت اور وصیت فرمائیں لیکن بات مختصر اور جامع ہو، بہت زیادہ نہ ہو۔ تو حضرت اُمّ المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اُن کو یہ مختصر خط لکھا۔

سلام ہو تم پر۔ اما بعد! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو کوئی اللہ کو راضی کرنا چاہتا ہے، لوگوں کو اپنے سے خفا کر کے، تو اللہ مستغنی کر دے گا اس کو لوگوں کی فکر اور بار برداری سے، اور خود اس کے لئے کافی ہو جائے گا۔ اور جو کوئی بندوں کو راضی کرنا چاہے گا اللہ کو ناراض کر کے تو اللہ اس کو سپرد کر دے گا لوگوں کے۔ والسلام۔

(جامع ترمذی، معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۱۶۲)

## (۱۱۷) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین نصیحتیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو! ابوبکر! تین چیزیں بالکل برحق ہیں۔

۱ جس پر کوئی ظلم کیا جائے اور وہ اس سے چشم پوشی کرے تو ضرور اللہ تعالیٰ اسے عزت دے گا اور اس کی مدد کرے گا۔

۲ جو شخص سلوک اور احسان کا دروازہ کھولے گا اور صلہ رحمی کے ارادے سے لوگوں کو دیتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے برکت دے گا اور زیادہ عطا فرمائے گا۔

۳ اور جو شخص مال بڑھانے کے لئے سوال کا دروازہ کھول لے گا اس سے اُس سے مانگنا پڑے گا، اللہ تعالیٰ اس کے ہاں بے برکتی کر دے گا اور کمی میں ہی اسے مبتلا رکھے گا۔ یہ روایت ابوداؤد میں بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۵ صفحہ ۲۳)

## (۱۱۸) دعاء کی قبولیت کے لئے چند کلمات

حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ مسجد میں آرام کر رہا تھا اچانک غیب سے آواز آئی اے سعید! مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر تو جو دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ قبول کرے گا۔

"اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ، مَاتَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَّكُوْنُ."

فَائِدَہ: حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان جملوں کے بعد میں نے جو دعا مانگی ہے وہ قبول ہوئی ہے۔ (روح المعانی فی تفسیر ملیک مقتدر)

بندہ محمد یونس پالن پوری اپنے لئے مندرجہ ذیل دعا مانگتا ہے۔

"اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَّكُوْنُ فَاَسْعِدْنِيْ فِي الدَّارَيْنِ وَكُنْ لِّيْ وَلَا تَكُنْ عَلَيَّ وَآتِنِيْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنِيْ عَذَابَ النَّارِ."

مذکورہ دعاء اللہ تعالیٰ میرے لئے، بیوی بچوں کے لئے اور پوری اُمت کے لئے قبول فرمائے۔ آمین! "لِاَنَّهٗ هُوَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ"

## ۱۱۹ بدبختی کی چار علامتیں

حدیث شریف میں ہے کہ بدبختی کی چار علامتیں ہیں۔

❶ آنکھوں سے آنسو کا جاری نہ ہونا۔ ❷ دل کی سختی۔

❸ طولِ اَمل یعنی لمبی امیدیں باندھنا۔ ❹ دنیا کی حرص۔ (معارف القرآن جلد ۵ صفحہ ۲۷۹)

## ۱۲۰ تبلیغ والوں کو شبِ جمعہ کی پابندی کرنا

تعلیم و تبلیغ کے لئے کسی دن یا رات کو مخصوص کر لینا بدعت نہیں نہ اس کا التزام بدعت ہے، دینی مدارس میں اسباق کے اوقات مقرر ہیں جن کی پابندی التزام کے ساتھ کی جاتی ہے اس پر کسی کو بدعت کا شبہ نہیں ہوا۔

(آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد ۸ صفحہ ۲۷۵)

## ۱۲۱ حاصلِ تصوف

حضرت تھانوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ تمام سلوک اور تصوف کا حاصل صرف یہ ہے کہ طاعت کے وقت ہمت کر کے طاعت کو بجا لائے، اور معصیت کے تقاضہ کے وقت ہمت کر کے معصیت سے رُک جائے، اس سے تعلق مع اللہ پیدا ہوتا ہے، محفوظ رہتا ہے، ترقی کرتا ہے۔ (کشکول معرفت صفحہ ۵۲۳)

پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ایک مرید کو خلافت دی اور فرمایا کہ فلاں مقام پر جا کر دین کی تبلیغ و اشاعت کرو، چلتے چلتے مرید نے عرض کیا کہ کوئی نصیحت فرما دیجئے، شیخ نے فرمایا کہ دو باتوں کی نصیحت کرتا ہوں:

❶ کبھی خدائی کا دعویٰ مت کرنا۔ ❷ نبوت کا دعویٰ نہ کرنا۔

وہ حیران ہوا کہ میں برسہا برس آپ کی صحبت میں رہا، کیا اب بھی یہ احتمال اور خطرہ تھا کہ میں خدائی اور نبوت کا دعویٰ کروں گا؟ آپ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا کہ خدائی اور نبوت کے دعویٰ کا مطلب سمجھ لو پھر بات کرو۔

خدا کی ذات وہ ہے کہ جو کہہ دے وہ اٹل ہوتا ہے اس سے اختلاف نہیں ہو سکتا، جو انسان اپنی رائے کو اس درجہ میں پیش کرے کہ وہ اٹل ہو۔ اس کے خلاف نہ ہو سکے تو اس کو خدائی کا دعویٰ ہوگا۔

اور نبی وہ ہے جو زبان سے فرمائے وہ سچی بات ہے کبھی جھوٹ نہیں ہو سکتا جو شخص اپنے قول کے بارے میں کہے کہ یہ اتنی سچی بات ہے کہ اس کے خلاف ہو ہی نہیں سکتا وہ در پردہ نبوت کا مدعی ہے کہ میری بات غلط ہو ہی نہیں سکتی حالانکہ یہ اس کی ذاتی رائے ہے۔ (حکایتوں کا گلدستہ مولانا اسلم شیخو پوری صفحہ ۹۲)

## (۱۲۲) اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

"قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ اَخَذَ بِيَدِ امْرَاَتِهٖ يُرَاوِدُهَا اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ خَمْسَ حَسَنَاتٍ فَاِنْ عَانَقَهَا فَعَشْرُ حَسَنَاتٍ، فَاِنْ قَبَّلَهَا عِشْرُوْنَ، فَاِنْ اَتَاهَا كَانَ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، فَاِذَا قَامَ لِيَغْتَسِلَ لَمْ يَمُرَّ الْمَاءُ عَلٰى شَيْءٍ مِنْ جَسَدِهٖ اِلَّا مَحَا عَنْهُ سَيِّئَةً وَرَفَعَ لَهٗ دَرَجَةً وَيُعْطٰى بِغُسْلِهٖ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُبَاهِيْ بِهِ الْمَلَائِكَةَ يَقُوْلُ اُنْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ قَامَ فِيْ لَيْلَةٍ قَرٍّ بَارِدَةٍ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ يَتَيَقَّنُ بِاَنِّيْ رَبُّهٗ اُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ غَفَرْتُ لَهٗ." (البرکۃ صفحہ ۵۶، لابی عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمٰن ۸۲ےھ)

ترجمہ: "حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اپنی بیوی کا ہاتھ پکڑا محبت کے طور پر، اللہ تعالیٰ اس کے لئے پانچ نیکیاں لکھتے ہیں، اگر اس سے معانقہ کیا تو دس نیکیاں، اگر بوسہ لیا تو بیس نیکیاں پھر اگر قربت کرے تو دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ پس جب فارغ ہو کر غسل کرے پس اس وقت بدن کی جس جگہ سے پانی بہے اس سے اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اس کا درجہ بلند ہوتا ہے اور اس کو اس غسل پر دنیا و مافیہا سے زیادہ عطا کیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے فرشتوں پر فخر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھو میرے اس بندے کو ٹھنڈی رات میں اٹھا جنابت سے پاک ہونے کے لئے، اور یقین کرتا ہے کہ میں اس کا رب ہوں اے فرشتو! تم گواہ رہو میں نے اس کو معاف کر دیا۔"

## (۱۲۳) ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر اعتماد

امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ غالباً سورۂ یوسف میں ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں میں نے اپنی تمام عمر میں یہ تجربہ کیا ہے کہ انسان اپنے کسی کام میں جب غیر اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اور اعتماد کرتا ہے تو یہ اس کے لئے محنت و مشقت اور سختی کا سبب بن جاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے اور مخلوق کی طرف نگاہ نہیں کرتا تو یہ کام ضرور بالضرور نہایت حسن اور خوبی کے ساتھ پورا ہو جاتا ہے۔

یہ تجربہ ابتدائے عمر سے لے کر آج تک (جب کہ میری عمر ستاون سال کی ہے) برابر کرتا رہا اور اب میرے دل میں یہ بات راسخ ہے کہ انسان کے لئے بجز اس کے چارہ نہیں ہے کہ اپنے ہر کام میں حق تعالیٰ کے فضل و کرم اور احسان پر نگاہ رکھے اور دوسری چیز پر ہرگز بھروسہ نہ کرے۔ (حیات فخر صفحہ ۳۸)

## (۱۲۴) بیعت کا ثبوت

"وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَةً اَوْ ثَمَانِيَةً، فَقَالَ اَلَا تُبَايِعُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطْنَا اَيْدِيَنَا وَقُلْنَا عَلَامَ نُبَايِعُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ عَلٰى اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ تَعَالٰى وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَتُصَلُّوا الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَتَسْمَعُوْا وَتُطِيْعُوْا وَاَسَرَّ كَلِمَةً خَفِيْفَةً وَقَالَ لَا تَسْئَلُنَّ النَّاسَ شَيْئًا وَلَقَدْ رَاَيْتُ بَعْضَ اُولٰئِكَ النَّفَرِ يَسْقُطُ سَوْطُ اَحَدِهِمْ فَلَا يَسْئَلُ اَحَدًا يُنَاوِلُهٗ اِيَّاهُ." (اخرجہ مسلم ابوداود والنسائی)

ترجمہ: "حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم آٹھ یا نو صحابی نبی ﷺ کی

مجلس میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ سے بیعت نہ کرو گے۔ تو ہم نے اپنے ہاتھ پھیلا دیئے اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ ہم آپ ﷺ سے کس بات پر بیعت کریں؟ فرمایا: اس بات پر کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور پانچوں نمازوں کو ادا کرو اور (اطاعت کے جذبہ سے) سنو اور مانو اور ایک چھوٹی سی بات پست آواز سے فرمائی، فرمایا لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہ کرنا، میں نے بیعت کرنے والوں میں سے بعض کو دیکھا کہ اگر ان میں سے کسی کا کوڑا گر جاتا تو وہ کسی کو اس کے اٹھانے کے لئے نہ کہتے کیونکہ یہ بیعت کر چکے تھے کہ کسی سے کوئی سوال نہ کریں گے۔''

''وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَوْلَهٗ عِصَابَةٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ بَايِعُوْنِيْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ وَلَا تَسْرِقُوْا.'' (متفق علیہ)

ترجمہ: ''حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اردگرد صحابہ کی ایک جماعت سے فرمایا مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور نہ ہی چوری کرو۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسلام جہاد کے علاوہ ترکِ معاصی والتزام طاعت کے لئے بھی بیعت ہوتی تھی اور یہ وہی بیعتِ طریقت ہے جو صوفیاء کرام میں معروف ہے پس اس کا انکار جہالت اور ناواقفی ہے۔ (حقیقۃ التصوف صفحہ ۹)

## ⑫⑤ دعاء کی وجہ سے بچہ کا زندہ ہو جانا

''قَالَ اَنَسٌ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ كُنَّا فِي الصُّفَّةِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ مُهَاجِرَةٌ وَمَعَهَا ابْنٌ لَهَا قَدْ بَلَغَ فَاَضَافَ الْمَرْاَةَ اِلَى النِّسَاءِ وَاَضَافَ ابْنَهَا اِلَيْنَا فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ اَصَابَ وَبَاءُ الْمَدِيْنَةِ فَمَرِضَ اَيَّامًا ثُمَّ قُبِضَ فَغَمَضَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَهٗ بِجَهَازِهٖ فَلَمَّا اَرَدْنَا اَنْ نَّغْسِلَهٗ قَالَ يَا اَنَسُ ائْتِ اُمَّهٗ فَاَعْلِمْهَا فَاَعْلَمْتُهَا قَالَ فَجَاءَتْ حَتّٰى جَلَسَتْ عِنْدَ قَدَمَيْهِ فَاَخَذَتْ بِهِمَا ثُمَّ قَالَتْ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ لَكَ طَوْعًا وَّخَالَفْتُ الْاَوْثَانَ زُهْدًا وَهَاجَرْتُ لَكَ رَغْبَةً فَوَاللّٰهِ مَا انْقَضٰى كَلَامُهَا حَتّٰى حَرَّكَ قَدَمَيْهِ وَاَلْقَى الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهٖ وَعَاشَ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَحَتّٰى هَلَكَتْ اُمُّهٗ.''

(البدایہ والنہایہ جلد ۲ صفحہ ۱۵۴)

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں صفہ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک مہاجرہ عورت اپنے بچہ کو لئے ہوئے آئی جو کہ سن بلوغ کو پہنچ چکا تھا۔ آپ ﷺ نے عورت کو تو (مہمان بنا کر) عورتوں کی طرف بھیج دیا اور اس کے بچے کو ہمارے ساتھ رکھا، کچھ دن ہی گزرے تھے کہ وہ بچہ مدینہ میں وبا کی زد میں آگیا۔ وہ کچھ دن بیمار رہ کر انتقال کر گیا۔ آپ ﷺ نے اس کی آنکھیں بند کیں اور اس کی تجہیز وتکفین کا حکم فرمایا جب ہم نے اس کو غسل دینا چاہا تو آپ ﷺ نے فرمایا: انس! اُن کی ماں کو جا کر خبر کر دو تو میں نے اس کو خبر کر دی۔ وہ فرماتے ہیں کہ وہ آئی اور اس کے قدموں کے پاس بیٹھ گئی اس کا انگوٹھا پکڑا پھر کہنے لگے: اے اللہ! میں تجھ پر خوشی سے اسلام لائی اور میں نے بے رغبتی اختیار کرتے ہوئے بتوں کی (پوجا کی) مخالفت کی اور شوق سے تیری راہ میں ہجرت کی (حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ) اللہ کی قسم! اس کی بات پوری بھی نہ ہوئی تھی کہ اس کے قدموں نے حرکت کی اور اس نے اپنے چہرہ سے کفن ہٹایا۔

اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے رحلت فرمانے اور اس کی ماں کے انتقال کے بعد تک زندہ رہا۔"

## ۱۲۶ مُهُوْرُ الْحُوْرِ الْعِيْنَ (حوروں کی مہریں)

"رَفَعَهُ الثَّعْلَبِيُّ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِأَنَسٍ اَلْمَسَاجِدُ مُهُوْرُ الْحُوْرِ الْعِيْنِ إِخْرَاجُ الْقُمَامَةِ مِنَ الْمَسْجِدِ مُهُوْرُ الْحُوْرِ الْعِيْنِ.

وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُهُوْرُ الْحُوْرِ الْعِيْنِ قَبَضَاتُ التَّمْرِ وَفَلَقُ الْخُبْزِ ذَكَرَهُ الثَّعْلَبِيُّ أَيْضًا.

وَقَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَتَزَوَّجُ أَحَدُكُمْ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ بِالْمَالِ الْكَثِيْرِ وَيَدَعُ الْحُوْرَ الْعِيْنَ بِاللُّقْمَةِ وَالتَّمْرِ وَالْكِسْرَةِ.

يُرْوٰى عَنْ ثَابِتٍ أَنَّهُ قَالَ أَبِيْ مِنَ الْقَوَّامِيْنَ لِلّٰهِ فِيْ سَوَادِ اللَّيْلِ قَالَ رَأَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْ مَنَامِيْ امْرَأَةً لَا تُشْبِهُ النِّسَاءَ فَقُلْتُ لَهَا مِنْ أَنْتِ؟ فَقَالَتْ حَوْرَاءُ أَمَةُ اللّٰهِ فَقُلْتُ لَهَا زَوِّجِيْنِيْ نَفْسَكِ فَقَالَتْ أُخْطُبْنِيْ مِنْ عِنْدِ رَبِّيْ وَأَمْهِرْنِيْ فَقُلْتُ وَمَا مَهْرُكِ؟ فَقَالَتْ طُوْلُ التَّهَجُّدِ وَأَنْشَدَتْ ــــ وَاحِدٌ مِّنْ تِلْكَ الْأَشْعَارِ.

وَقُمْ إِذَا اللَّيْلُ بَدَا وَجْهُهُ وَصُمْ نَهَارًا فَهُوَ مِنْ مَهْرِهَا."

(التذکرۃ للقرطبی جلد۲ صفحہ ۴۷۸)

ترجمہ: "ثعلبی نے اس حدیث کو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے مرفوعاً ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ مساجد حورعین کا مہر ہیں۔ مساجد سے کوڑا کرکٹ نکالنا (صاف کرنا) حورعین کا مہر ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حورعین کا مہر مٹھی بھر کھجور اور روٹی کا ٹکڑا ہے (یعنی صدقہ وخیرات حورعین کا مہر ہے)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی فلاں کی بیٹی فلاں سے کثیر مال پر شادی کرتا ہے اور لقمہ اور کھجور اور روٹی کے ٹکڑے کی وجہ سے حورعین کو چھوڑ بیٹھتا ہے (یعنی ان چیزوں کا صدقہ کرنا حورعین کا مہر ہے)

حضرت ثابت سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میرے والد رات کی تاریکی میں اللہ (کی رضا) کے لئے عبادت کرتے تھے، وہ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے اپنے خواب میں ایک عورت کو دیکھا جو (دوسری) عورتوں سے مختلف تھی۔ میں نے اُس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ تو وہ کہنے لگی: حوراء؛ اللہ کی بندی۔ میں نے اس سے کہا مجھ سے شادی کرلو تو وہ کہنے لگی کہ میرے پروردگار کے پاس میرے لئے پیغام بھیجو اور میرا مہر ادا کردو۔ میں نے پوچھا تمہارا مہر کیا چیز ہے؟ تو وہ کہنے لگی: طویل تہجد اور اس نے کچھ اشعار پڑھے۔ ان اشعار میں سے ایک شعر کا ترجمہ یہ ہے: اور جب رات (کی سیاہی) نمودار ہو تو قیام کر (اٹھ جا)، اور دن کو روزہ رکھ کہ یہ اس کا مہر ہے۔"

## ۱۲۷ مؤمن کے جھوٹے میں شفاء ہے، یہ حدیث نہیں

"سُوْرُ الْمُؤْمِنِ شِفَاءٌ؛ قَالَ النَّجْمُ لَيْسَ بِحَدِيْثٍ، نَعَمْ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ فِي الْأَفْرَادِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِلَفْظِ "مِنَ التَّوَاضُعِ أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ مِنْ سُوْرِ أَخِيْهِ" ــــ أَنَّهُ حَدِيْثٌ كُذِبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰكَذَا رِيْقُ الْمُؤْمِنِ شِفَآءٌ." (کشف الخفاء جلد ا صفحہ ۴۵۸)

ترجمہ: "مؤمن آدمی کے جھوٹے میں شفاء ہے، نجم نے کہا کہ یہ حدیث نہیں، البتہ اس کو دارقطنی نے "افراد" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ "یہ بات تواضع میں سے ہے کہ آدمی اپنے بھائی کا جھوٹا پی لے" اس کو حدیث کہنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ ہے اور اسی طرح مؤمن آدمی کا تھوک شفاء ہے (حدیث نہیں)۔"

"رِيْقُ الْمُؤْمِنِ شِفَآءٌ لَيْسَ بِحَدِيْثٍ وَلٰكِنْ مَعْنَاهُ صَحِيْحٌ فَفِي الصَّحِيْحَيْنِ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَكَى الْإِنْسَانُ الشَّيْءَ إِلَيْهِ أَوْ كَانَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ أَوْ جُرْحٌ قَالَ بِإِصْبَعِهٖ يَعْنِي سَبَّابَةً بِالْأَرْضِ ثُمَّ رَفَعَهَا لَهُمْ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا" (کشف الخفاء جلد ا صفحہ ۴۳۶)

ترجمہ: "مؤمن آدمی کے تھوک میں شفاء ہے یہ حدیث نہیں لیکن معنی کے اعتبار سے یہ صحیح ہے کیونکہ صحیحین میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی شخص کسی (مرض) کی شکایت کرتا یا اُسے پھوڑا یا زخم ہوتا تو آپ اپنی انگلی یعنی انگشتِ شہادت کو زمین سے لگاتے پھر اس کو ان پر لگاتے اور فرماتے: "میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے۔ تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفاء ہو جائے۔"

## (۱۲۸) ناخن کاٹنے کا کوئی خاص طریقہ منقول نہیں

ناخن کاٹنے کا کوئی خاص طریقہ یا کوئی خاص دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے، صاحبِ درمختار جمعہ کے دن خاص طریقہ پر ناخن کاٹنے کی دو روایتیں نقل کر کے لکھتے ہیں:

"قال الحافظ ابنُ حَجَرٍ أَنَّهُ يُسْتَحَبُّ كَيْفَمَا احتاج إليه، ولم يَثْبُتْ في كيفيته شَيْءٌ ولا في تعيينِ يومٍ له عن النبي صلى الله عليه وسلم." (شامی جلد ۵ صفحہ ۲۶۰)

اور بذل المجہود میں ہے: حافظ ابن حجر عسقلانی اور ابن دقیق العید نے فرمایا کہ ناخن تراشنے میں کوئی خاص کیفیت اور کوئی خاص دن بالیقین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے۔ لہٰذا مذکورہ بالا طریقہ کے مستحب ہونے کا اعتقاد جائز نہیں ہے۔ (بذل المجہود جلد ا صفحہ ۳۳)

## (۱۲۹) بعض جانور جنت میں جائیں گے

علامہ سیّد احمد حموی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے شرح الاشباہ والنظائر صفحہ ۳۹۵ میں بحوالہ شرح شرعۃ الاسلام حضرت مقاتل رحمۃ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے کہ دس جانور جنت میں جائیں گے۔

❶ ناقۂ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
❷ ناقۂ صالح علیہ السلام
❸ عجلِ ابراہیم علیہ السلام
❹ کبش اسماعیل علیہ السلام
❺ بقرۂ موسیٰ علیہ السلام
❻ حوتِ یونس علیہ السلام
❼ حمار عزیر علیہ السلام
❽ نملۂ سلیمان علیہ السلام
❾ ہدہد سلیمان علیہ السلام
❿ کلبِ اصحابِ کہف

مشکوٰۃ الانوار میں لکھا ہے کہ ان کا بھی حشر ہوگا۔ (فتاویٰ محمودیہ جلد ۵ صفحہ ۳۷۲)

## ⑬⓪ منت ماننے کی شرائط

قرآن مجید ختم کروانے کی منت لازم نہیں ہوتی، شرعاً منت جائز ہے مگر منت ماننے کی چند شرطیں ہیں۔

❶ اللہ تعالیٰ کے نام کی منت مانی جائے، غیر اللہ کے نام کی منت جائز نہیں بلکہ گناہ ہے۔

❷ منت صرف عبادت کے کام کی صحیح ہے، جو کام عبادت نہیں ہے اس کی منت بھی صحیح نہیں۔

❸ عبادت بھی ایسی ہو کہ اس طرح کی عبادت کبھی فرض یا واجب ہوئی ہے جیسے نماز، روزہ، حج، زکوۃ، قربانی وغیرہ، ایسی عبادت کہ اس کی جنس کبھی فرض واجب نہیں اس کی منت بھی صحیح نہیں چنانچہ قرآن خوانی کی منت مانی ہو تو لازم نہیں ہوتی۔

(آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد ۳ صفحہ ۴۱۹)

## ⑬① کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کی فضیلت

حضرت سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کہتے ہیں کہ:

"قَرأْتُ فِي التَّوْرَاةِ: اِنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهُ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهُ." (رواہ الترمذی وابوداؤد، مشکوۃ شریف صفحہ ۳۶۶)

تَرْجَمَہ: "میں نے تورات میں پڑھا ہے کہ کھانے کی برکت، کھانے کے بعد ہاتھ دھونا ہے، پس یہ بات میں نے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے ذکر کی، تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ کھانے کی برکت کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا ہے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔"

## ⑬② احادیثِ صحیحہ کی تعداد

امام ابوجعفر محمد بن الحسین البغدادی نے کتاب التمیز میں امام سفیان الثوری، امام شعبہ امام یحییٰ، امام عبدالرحمٰن بن مہدی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کا متفقہ فیصلہ نقل کیا ہے۔

"اِنَّ جُمْلَةَ الْاَحَادِيْثِ الْمُسْنَدَةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الصَّحِيْحَةَ بِلَا تَكْرَارٍ اَرْبَعَةُ آلَافٍ وَاَرْبَعُ مِائَةٍ." (توضیح الافکار جلد ۱ صفحہ ۶۳)

تَرْجَمَہ: "مسند احادیث جو نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے صحیح سند کے ساتھ بلا تکرار مروی ہیں وہ کل چار ہزار چار سو ہیں۔"

چنانچہ اربابِ صحاح نے بھی مذکورہ تعداد کے قریب قریب اپنی کتابوں میں احادیث کی تخریج کی ہے۔

(رسالہ دار العلوم صفحہ ۱۰، ماہ اکتوبر ۱۹۸۶ء)

## ⑬③ جمعہ کے دِن ظہر باجماعت پڑھنا

مَسْئَلَہ: اگر چند آدمی سفر میں ہوں تو نمازِ ظہر جمعہ کے روز جماعت کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔ اور ان کو (اگر نماز جمعہ نہ

پڑھیں تو) ظہر با جماعت ہی ادا کرنا چاہئے۔ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند صفحہ ۵۸، قدیم جلد اوّل، مسائل سفر صفحہ ۶۹)

## (۱۳۴) اسٹیل یا لوہے کی چین استعمال کرنا

گھڑی کی گرفت کے لئے چمڑا موجود ہے اور وہ دوسری اشیاء کے مقابلہ میں زیادہ موزوں بھی ہے لہٰذا احتیاط اس میں ہے کہ چمڑے کا پٹہ استعمال کیا جائے۔ (فتاویٰ رحیمیہ جلد ۶ صفحہ ۲۷۹)

## (۱۳۵) الکحل کا ستعمال

سُؤال: یہاں مغربی ممالک میں اکثر دواؤں میں ایک فیصد سے لے کے پچیس فیصد (۲۵٪) تک ''الکحل'' شامل ہوتا ہے۔ اس قسم کی دوائیاں عموماً نزلہ، کھانسی اور گلے کی خراش جیسی معمولی بیماریوں میں استعمال ہوتی ہیں اور تقریباً ۹۰٪ رفیصد دواؤں میں الکحل ضرور شامل ہوتا ہے۔ اب موجودہ دور میں الکحل سے پاک، دواؤں کو تلاش کرنا مشکل، بلکہ ناممکن ہو چکا ہے ان حالات میں ایسی دواؤں کے استعمال کے بارے میں شرعاً کیا حکم ہے؟

جَوَابٌ: الکحل ملی ہوئی دواؤں کا مسئلہ اب صرف مغربی ممالک تک محدود نہیں رہا بلکہ اسلامی ممالک سمیت دُنیا کے تمام ممالک میں آج یہ مسئلہ پیش آ رہا ہے۔

امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک تو اس مسئلہ کا حل آسان ہے اس لئے کہ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک انگور اور کھجور کے علاوہ دوسری اشیاء سے بنائی ہوئی شراب کو بطور دوا کے حصولِ طاقت کے لئے اتنی مقدار میں استعمال کرنا جائز ہے، جس مقدار سے نشہ پیدا نہ ہوتا ہو۔ (فتح القدیر جلد ۸ صفحہ ۱۶)

دوسری طرف دواؤں میں جو الکحل ملایا جاتا ہے اس کی بڑی مقدار انگور اور کھجور کے علاوہ دوسری اشیاء مثلاً چیڑ، گندھک، شہد، شیرہ، دانہ جو وغیرہ سے حاصل کی جاتی ہے۔

لہٰذا دواؤں میں استعمال ہونے والی الکحل اگر انگور اور کھجور کے علاوہ دوسری اشیاء سے حاصل کی گئی ہے تو امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اس دوا کا استعمال جائز ہے بشرطیکہ وہ حد سکر تک نہ پہنچے، اور علاج کی ضرورت کے لئے ان دونوں اماموں کے مسلک پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔

اور اگر الکحل انگور اور کھجور ہی سے حاصل کی گئی ہے تو پھر وہ دوا کا استعمال ناجائز ہے البتہ اگر ماہر ڈاکٹر یہ کہے کہ اس مرض کی اس کے علاوہ کوئی دوا نہیں ہے تو اس صورت میں اس کے استعمال کی گنجائش ہے اس لئے کہ اس حالت میں حنفیہ۔ کے نزدیک تداوی بالمحرم جائز ہے۔ (سلسلۂ فقہی مقالات مولانا تقی عثمانی)

## (۱۳۶) مسواک کے بارے میں عبرت ناک واقعہ

علامہ ابن کثیر نے ابن خلکان رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے حوالے سے اپنی شہرۂ آفاق کتاب (البدایہ والنہایہ جلد ۱۳ صفحہ ۲۰۷) میں ذکر کیا ہے۔ کہ ایک شخص ابوسلامہ نامی جو بصریٰ مقام کا باشندہ اور نہایت بے باک اور بے غیرت تھا اس کے سامنے مسواک کے فضائل و مناقب اور محاسن کا ذکر آیا تو اس نے ازراہِ غیظ وغضب قسم کھا کر کہا کہ میں مسواک کو اپنی سرین میں استعمال کروں گا۔ چنانچہ اس نے اپنی سرین میں مسواک گھما کر اپنی قسم کو پورا کر کے دکھایا۔ اور اس طرح مسواک کے ساتھ

سخت بے حرمتی اور بے ادبی کا معاملہ کیا جس کی پاداش میں قدرتی طور پر ٹھیک نو مہینہ بعد اس کے پیٹ میں تکلیف شروع ہوئی۔ اور پھر ایک (بدشکل) جانور جنگلی چوہے جیسا اس کے پیٹ سے پیدا ہوا جس کے ایک بالشت چار انگلی کی دم، چار پیر، مچھلی جیسا سر اور چار دانت باہر کی جانب نکلے ہوئے تھے، پیدا ہوتے ہی یہ جانور تین بار چلایا جس پر اس کی بچی آگے بڑھی اور سر کچل کر اس نے جانور کو ہلاک کر دیا اور تیسرے دن یہ شخص بھی مر گیا۔

(فضائل مسواک صفحہ ۵۰، مصنف حضرت مولانا اطہر حسین صاحب)

## (۱۳۷) کرسی پر بیٹھ کر بیان کرنے کی دلیل

"قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، قَالَ اَبُوْ رِفَاعَةَ اِنْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! رَجُلٌ غَرِيْبٌ جَآءَ يَسْئَلُ عَنْ دِيْنِهٖ لَا يَدْرِيْ مَا دِيْنُهٗ؟ قَالَ فَاَقْبَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ خُطْبَةً حَتّٰى اِنْتَهٰى اِلَيَّ فَاُتِيَ بِكُرْسِيٍّ حَسِبْتُ قَوَائِمَهٗ حَدِيْدًا، قَالَ فَقَعَدَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يُعَلِّمُنِيْ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ اَتٰى خُطْبَتَهٗ فَاَتَمَّ آخِرَهَا." (اخرجہ مسلم فی صحیحہ فی کتاب الجمعۃ صفحہ ۲۸۷)

ترجمہ: "شیبان بن فروخ روایت کرتے ہیں کہ ابورفاعہ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں پہنچا، آپ ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! پردیسی آدمی ہے اپنے دین کے بارے میں پوچھنے آیا ہے اسے نہیں معلوم کہ دین کیا ہے؟ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ میری طرف متوجہ ہوئے اور اپنا خطبہ چھوڑ دیا یہاں تک کہ مجھ تک پہنچ گئے تو ایک کرسی لائی گئی جس کے پائے میرے خیال سے لوہے کے تھے، فرماتے ہیں کہ اس پر رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور اس علم سے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو سکھایا تھا مجھے سکھانے لگے تعلیم دینے لگے پھر اپنا خطبہ پورا کیا۔"

## (۱۳۸) اُنچاس کروڑ کی روایت

"مَنْ غَزَا بِنَفْسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ: ﴿وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ﴾" (سورۃ البقرہ: آیت ۲۶۱) (ابن ماجہ صفحہ ۲۰۳، حیاۃ الصحابہ جلد ۱ صفحہ ۵۶۱)

ترجمہ: "جو شخص اللہ کے راستہ میں اپنی جان کے ذریعے جہاد کرے تو اسے ہر درہم کے بدلہ میں سات لاکھ کے بقدر اجر ملے گا۔ پھر آپ ﷺ نے اپنی بات کی تائید میں یہ آیت تلاوت فرمائی اور اللہ جس کے لئے چاہتے ہیں اجر کو بڑھا دیتے ہیں۔"

"وَاَخْرَجَ اَبُوْدَاؤُدَ مِنْ حَدِيْثِ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الصَّلَاةَ وَالصِّيَامَ وَالذِّكْرَ يُضَاعَفُ عَلَى النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ."

ترجمہ: "ابوداؤد میں سہل بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ اللہ کے راستہ میں نماز، روزہ اور ذکر اللہ، اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے مقابلہ میں سات سو گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔"

سات لاکھ کو سات سو سے ضرب دینا سے انچاس کروڑ بنتا ہے۔

## ۱۳۹ باوضو مرنے والا بھی شہید ہے

"مَنْ بَاتَ عَلَى الْوُضُوْءِ مَاتَ شَهِيْدًا." (رواہ مسلم)

تَرْجَمَہ: "جو شخص رات کو باوضو سوئے پھر (اس حالت میں) اس کو موت آ جائے تو وہ شہید مرا۔"

"مَنْ بَاتَ طَاهِرًا بَاتَ مَعَهُ فِيْ شِعَارِهٖ مَلَكٌ يَسْتَغْفِرُ لَهُ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ بِعَبْدِكَ فَلَانٍ فَاِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا." (رواہ مسلم)

تَرْجَمَہ: "جو شخص رات کو باوضو سوتا ہے تو ایک فرشتہ ساری رات اس سے جڑا رہتا ہے اس کے لئے ان کلمات سے استغفار کرتا ہے کہ اے اللہ! اپنے فلاں بندے کی مغفرت کر دے کہ وہ رات باوضو سویا ہے۔"

## ۱۴۰ ایک مجرب عمل

یہ عمل حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے جد امجد اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے شاگرد خاص حضرت مفتی الٰہی بخش رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بارہا آزمایا ہوا نہایت مجرب عمل ہے۔ اس کے پڑھنے سے خدا تعالیٰ کی معرفت اور اس کی محبت نصیب ہوتی ہے جس کے نتیجہ میں نیکی کرنا اور گناہ سے بچنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔

خدا تعالیٰ کی اطاعت، عبادت اور نیکیاں بکثرت کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی محبت کا دل میں پیدا ہونا پہلے از حد ضروری ہے۔ اس عظیم مقصد نیز بلاؤں کے دور کرنے اور حاجتوں کو پورا کرنے میں بھی اس عمل کو حضرت اقدس مولانا الحاج مفتی افتخار الحسن صاحب کاندھلوی مدظلہ العالی خلیفہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ بڑا مجرب بتلاتے ہیں اور ضرورت مند لوگوں کو پڑھنے کے لئے ہدایت فرماتے ہیں۔

**ترکیب عمل:** کسی بھی ماہ کا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے مستقل سات دن تک نیچے لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق روزانہ دن میں یا رات میں ایک وقت اور ایک جگہ متعین کر کے پابندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ان مبارک ناموں کا وظیفہ پڑھے اگر کسی مجبوری سے جگہ اور وقت کی تبدیلی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہوگا۔

**نوٹ:** اگر کسی کو بدرجہ مجبوری یہ عربی دعا یاد نہ ہو سکے تو اس کا اردو ترجمہ ہی پڑھ لے ان شاء اللہ محروم نہ رہے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| جمعہ کے دن | يَا اَللّٰهُ يَا هُوَ | ایک ہزار مرتبہ |
| ہفتہ کے دن | يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ | ایک ہزار مرتبہ |
| اتوار کے دن | يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ | ایک ہزار مرتبہ |
| پیر کے دن | يَاصَمَدُ يَا وِتْرُ | ایک ہزار مرتبہ |
| منگل کے دن | يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ | ایک ہزار مرتبہ |
| بدھ کے دن | يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ | ایک ہزار مرتبہ |
| جمعرات کے دن | يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ | ایک ہزار مرتبہ |

## (۱۴۱) جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ کم از کم تین مرتبہ یہ دعاء پڑھے

اے اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ان عظیم اور مبارک ناموں کے واسطے سے کہ آپ رحمت بھیجئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ آل پر اور سوال کرتا ہوں یہ کہ مجھے شامل فرمالے اپنے مقرب اور نیک بندوں میں۔ مجھے یقین کی دولت عطا فرما، دنیاوی امراض، مصیبتوں اور آخرت کے عذاب سے اپنی امان میں رکھ، ظالموں اور دشمنوں سے میری حفاظت فرما، ان کے دلوں کو پھیر دے، ان کو شر سے ہٹا کر خیر کی توفیق عنایت کرنا آپ ہی کے اختیار میں ہے، یا اللہ! میری اس درخواست کو قبول فرما، یہ میری صرف ایک کوشش ہے، بھروسہ اور توکل آپ ہی پر ہے۔

(بیان کردہ: حضرت مولانا افتخار الحسن صاحب کاندھلوی)

## (۱۴۲) ایک دعاء جو سات ہزار مرتبہ تسبیح پڑھنے سے بہتر ہے

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ فجر کی نماز کے بعد رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس شریف میں علمی مذاکرہ ہوتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو تعلیم فرمایا کرتے تھے مگر حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابتدا میں جماعت کا سلام پھیر کر گھر تشریف لے جاتے تھے۔

ایک مرتبہ فرمایا: اے معاذ! صبح کو ہماری مجلس میں نہیں آتے؟ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ کہہ کر معذرت فرمادی کہ صبح میرا سات ہزار تسبیح پڑھنے کا معمول ہے اگر کہیں بیٹھ جاتا ہوں تو پھر میرا وہ معمول پورا نہیں ہو پاتا۔

فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ بتلا دوں جس کا ایک مرتبہ پڑھ لینا سات ہزار مرتبہ سے بہتر ہو۔ عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔ ارشاد فرمایا:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ رِضَاہُ     لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ زِنَۃَ عَرْشِہٖ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَدَدَ خَلْقِہٖ     لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْأَ سَمَاوَاتِہٖ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْأَ اَرْضِہٖ     لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِلْأَمَا بَیْنَہُمَا
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِثْلَ ذٰلِکَ مَعَہٗ     وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلَ ذٰلِکَ مَعَہٗ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلَ ذٰلِکَ مَعَہٗ

اس دعا کا ایک دفعہ پڑھ لینا ایسا ہے جیسے سات ہزار تسبیح پڑھ لی ہوں۔ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے اپنی صاحبزادیوں کو یہ دعاء یاد کرادی تھی کہ یہ دعاء پڑھا کرو، میں نے شیخ سے ایک مرتبہ پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ فرمایا: ٹھہر جاؤ جب میں اوپر (اپنے کتب خانہ میں) جاؤں تو میرے ساتھ چلنا، گئے تو کنز العمال اٹھائی اور فرمایا فلاں صفحہ کھولو۔ (کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۴۴۴)

## (۱۴۳) تکبر کے ایک جملہ نے خوبصورت کو بدصورت اور پست قد کر دیا

نوفل بن ماحق کہتے ہیں کہ نجران کی مسجد میں میں نے ایک نوجوان کو دیکھا بڑا لمبا چوڑا بھرپور جوانی کے نشہ میں چور، گٹھے ہوئے بدن والا، بانکا ترچھا، اچھے رنگ و روغن والا خوبصورت شکل...... میں نگاہیں جما کر اس کے جمال و کمال کو دیکھنے لگا تو اس نے کہا کیا دیکھ رہے ہو؟

میں نے کہا: آپ کے حسن و جمال کا مشاہدہ کر رہا ہوں اور تعجب ہو رہا ہے، اس نے جواب دیا، تو ہی کیا! خود اللہ تعالیٰ کو بھی تعجب ہو رہا ہے۔ نوفل کہتے ہیں کہ اس کلمہ کے کہتے ہی وہ گھٹنے لگا اور اس کا رنگ و روپ اُڑنے لگا اور قد پست ہونے لگا یہاں تک کہ بقدر ایک بالشت کے رہ گیا جسے اس کا کوئی قریبی رشتہ دار آستین میں ڈال کر لے گیا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۱۲۳)

## ۱۴۴ کسی زمانہ میں کھجور کی گٹھلی جیسے گیہوں کے دانے ہوتے تھے

مسندِ امام احمد بن حنبل میں ہے کہ زیاد کے زمانہ میں ایک تھیلی پائی گئی تھی جس میں کھجور کی بڑی گٹھلی جیسے گیہوں کے دانے تھے اور اس میں لکھا ہوا تھا کہ یہ اس زمانہ میں اگتے تھے جس میں عدل وانصاف کو کام میں لایا جاتا تھا (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۱۷۶)

## ۱۴۵ گناہ گاروں کو تین چیزوں کی ضرورت ہے

❶ ایک تو اللہ تعالیٰ کی معافی کی تاکہ عذاب سے نجات پائیں۔

❷ دوسرے پردہ پوشی کی تاکہ رسوائی سے بچیں۔

❸ تیسرے عصمت کی تاکہ وہ دوبارہ گناہ میں مبتلا نہ ہوں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۳۸۵)

## ۱۴۶ سونے کے دانتوں کا شرعی حکم

### (حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رَحِمَهُ اللهُ تَعَالیٰ)

بمبئی کے ایک دندان ساز ڈاکٹر جو اپنے فن میں بڑے ماہر اور ممتاز سمجھے جاتے ہیں اس عاجز کے خاص عنایت فرما دوستوں میں سے ہیں، جہاں تک علم و اندازہ ہے اللہ تعالیٰ نے دینداری اور تقویٰ کی دولت سے بھی وافر حصہ عطا فرمایا ہے۔ ایک دفعہ جب کہ میں بمبئی گیا ہوا تھا انھوں نے مجھ سے دریافت کیا کہ دانتوں کے بعض مریض ایسے آتے ہیں کہ ان کے لئے سونے کے دانت ہی مناسب ہوتے ہیں دوسرے دانت کام نہیں دے سکتے اس میں شرعاً کوئی حرج تو نہیں ہے؟

میں نے اُن کو بتلایا تھا کہ ایسی صورت میں سونے کے دانت لگوانے کی اجازت ہے کچھ دن ہوئے ان کا خط آیا کہ ایک صاحب جو اچھے دینداروں میں ہیں، میرے پاس آئے، میں نے ان کا حال دیکھ کر سونے کے دانت لگوانے کا مشورہ دیا، وہ دوسرے دن میرے پاس آئے اور بتلایا کہ میں نے ایک مولوی صاحب سے دریافت کیا تھا انہوں نے بتلایا کہ مردوں کو سونے کے دانت لگوانا جائز نہیں ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے مجھے لکھا کہ آپ اس مسئلے کی پوری تحقیق کر کے مجھے بتلائیں اگر سونے کے دانت لگوانا مردوں کے لئے جائز نہیں ہے تو آئندہ میں خود بھی احتیاط کروں گا اور اگر جائز ہے تو اس مسئلہ پر تفصیل سے اس طرح روشنی ڈالیں کہ مجھے خود بھی اطمینان ہو جائے اور جن مولوی صاحب نے ناجائز بتلایا ہے وہ بھی آپ کے جواب کی روشنی میں دوبارہ غور کر سکیں۔

ڈاکٹر صاحب کو جو جواب دیا گیا تھا مناسب معلوم ہوا کہ اس کو الفرقان میں شائع کر دیا جائے۔

بِاسْمِهٖ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی

مخلصِ مکرم زِیْدَتْ اَلْطَافُکُمْ سلام مسنون!

اخلاص نامہ مؤرخہ ۱۴/اپریل کو موصول ہوا آپ کی فرمائش کی تعمیل کرتے ہوئے میں نے اس مسئلہ کی تحقیق کے لئے

کتابوں سے بھی مراجعت کی یہی معلوم ہوا کہ طبی نقطۂ نظر سے اگر ماہر ڈاکٹر کا مشورہ سونے کے بنے ہوئے دانت لگوانے یا سونے کے تاروں سے دانت بنوانے کا ہو تو شرعاً جائز ہے۔ اس کی واضح دلیل عرفجہ ابن اسعد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی وہ حدیث ہے جس کو امام ابوداؤد اور امام ترمذی اور امام نسائی نے اپنی کتابوں میں روایت کیا ہے اور انہی کے حوالے سے صاحبِ مشکوٰۃ المصابیح نے بھی اس کو نقل کیا ہے۔

حدیث کا مضمون یہ ہے کہ ایک جنگ میں عرفجہ ابن اسعد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی ناک کٹ گئی تھی انہوں نے چاندی کی مصنوعی ناک لگوالی کچھ دنوں کے بعد اس میں بدبو پیدا ہونے لگی تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے حکم دیا کہ وہ سونے کی مصنوعی ناک لگوالیں۔

ترمذی کی روایت میں حدیث کے آخری الفاظ یہ ہیں۔

"فَاَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنِ اتَّخِذُ اَنْفًا مِنْ ذَھَبٍ."

تَرْجَمَۃ: "رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ میں سونے کی ناک بنوا کے لگوالوں۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب چاندی کی ناک نے کام نہیں دیا اور اس سے بدبو پیدا ہونے لگی تو حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے سونے کی ناک لگوانے کی ہدایت فرمائی۔ اس سے دانت کا مسئلہ بھی معلوم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ امام ترمذی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی اور امام ابوداؤد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی دونوں نے اس حدیث سے دانتوں میں سونے کے استعمال کا جواز سمجھا ہے۔ امام ترمذی نے باب باندھا ہے۔ "بَابُ مَا جَآءَ فِیْ شَدِّ الْاَسْنَانِ بِالذَّھَبِ" (جامع ترمذی ابواب اللباس) اور امام ابوداؤد نے باب باندھا ہے۔ "بَابُ مَاجَاءَ فِیْ رَبْطِ الْاَسْنَانِ بِالذَّھَبِ." (سنن ابی داؤد کتاب الخاتم)

اور بذل المجہود شرح سنن ابی داؤد میں اسی حدیث کے ذیل میں لکھا ہے۔

"وَکَذَا حُکْمُ الْاَسْنَانِ فَاِنَّہٗ یَثْبُتُ ھٰذَا الْحُکْمُ فِیْھَا بِالْمُقَایَسَۃِ سَوَاءٌ رَبَطَھَا بِخَیْطِ الذَّھَبِ اَوْ صَنَعَھَا بِالذَّھَبِ." (بذل المجہود: جلد ۵ صفحہ ۸۷)

تَرْجَمَۃ: "اور دانتوں کا حکم بھی یہی ہے کہ ناک کی طرح ان میں بھی سونے کا استعمال جائز ہے۔ یہ حکم دانتوں کے لئے اس حدیث سے بطورِ قیاس ثابت ہوتا ہے پھر اس میں بھی کوئی فرق نہیں کہ دانتوں کو سونے کے تاروں سے باندھا جائے یا دانت ہی سونے کے بنائے جائیں یعنی دونوں صورتیں جائز ہیں۔"

اور نصب الرایہ فی تخریج احادیث الہدایہ میں اس مسئلہ سے متعلق چند حدیثیں نقل کی گئی ہیں ان میں ایک معجم اوسط طبرانی کی یہ روایت ہے کہ حضرت عمرو بن العاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے آگے کے دانت گر گئے تھے تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ وہ ان کو سونے سے بندھوالیں۔ "فَاَمَرَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّشُدَّھَا بِذَھَبٍ" اور اس سے بھی زیادہ صریح وہ حدیث ہے جس کو امام زیلعی نے ابن قانع کی معجم الصحابہ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ عبداللہ بن ابی بن سلول کے بیٹے عبداللہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے بیان کیا کہ غزوۂ احد میں میرے آگے کے دانت ٹوٹ گئے تھے تو رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں وہ دانت سونے کے لگوالوں۔ "فَاَمَرَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنِ اتَّخِذْ ثَنِیَّۃً مِنْ ذَھَبٍ" اور مسند احمد کی روایت سے نقل کیا ہے کہ حضرت عثمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اپنے دانتوں پر سونے کے خول چڑھوائے تھے۔ "اَنَّہٗ ضَبَّبَ اَسْنَانَہٗ بِذَھَبٍ" اور طبرانی کے حوالے سے حضرت انس بن مالک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے بارے

میں نقل کیا گیا ہے کہ ان کے دانت سونے کے تاروں سے بندھے ہوئے تھے۔ (نصب الرایہ لامام زیلعی: جلد ۴ صفحہ ۲۳۷)

ان روایات کے بعد اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی کہ بضرورت سونے کے دانت لگوانا جائز ہے، ہاں اگر طبی ضرورت نہ ہو اور کوئی شخص صرف اپنی دولت مندی کے خاطر اور تفاخر کے لئے لگوائے تو جائز نہ ہوگا۔

جب صاحب نے ناجائز بتلایا انہوں نے غالبا ہدایہ وغیرہ فقہ حنفی کی کتابوں میں دیکھا ہوگا کہ اگرچہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس کی اجازت دی ہے۔ لیکن امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اجازت کے حق میں نہیں ہے مگر صاحب ہدایہ نے امام صاحب کے قول عدم جواز کی وجہ اور بنیاد یہ بتلائی ہے کہ دانت میں سونے کے استعمال کی ضرورت ہی نہیں ہوتی ہے چاندی وغیرہ کا استعمال کافی ہو جاتا ہے۔ (ہدایہ جلد ۳ صفحہ ۳۸۸)

اس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر ماہر ڈاکٹر اس پر مطمئن ہو کہ سونے کے دانتوں کی ضرورت ہے اور چاندی وغیرہ سے ضرورت پوری نہ ہوگی تو پھر امام صاحب کے اصول پر بھی اجازت ہوگی۔ علاوہ ازیں مندرجہ بالا احادیث وآثار کا تقاضا اور حق ہے کہ فتویٰ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول پر دیا جائے۔ واللہ اعلم۔ (الفرقان ماہ ربیع الآخر ۱۳۹۳ھ)

## (۱۴۷) مداہنت کرنے والا شہداء میں شامل نہ ہوگا

حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے ایک مرتبہ لوگوں سے فرمایا کہ تمہیں کیا ہو گیا کہ تم دیکھتے ہو کہ کوئی آدمی لوگوں کی عزت و آبرو کو مجروح کرتا ہے اور تم اس کو نہ روکتے ہو، نہ برا مانتے ہو۔

ان حضرات نے عرض کیا کہ ہم اس کی بدزبانی سے ڈرتے ہیں کہ ہم کچھ بولیں گے تو وہ ہماری عزت وآبرو پر حملہ کرے گا، حضرت فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے فرمایا اگر یہ بات ہے تو تم شہداء نہیں ہو سکتے۔

ابن اثیر نے یہ روایت نقل کر کے اس کا مطلب یہ بتلایا ہے کہ ایسی مداہنت کرنے والے ان شہداء میں شامل نہیں ہوں گے جو قیامت کے روز انبیاء سابقین کی امتوں کے مقابلے میں شہادت دیں گے۔ (معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۳۱۲)

## (۱۴۸) دعوت کے کام کرنے والے ساتھیوں کے لئے چھ "غ" کے جملے جن سے بچنا ضروری ہے، بچتے رہیں تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے ترقی کی امید ہے

❶ غلو سے بچنا: "لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ": (سورۂ مائدہ: آیت ۷۷) تم اپنے دین میں ناحق غلو مت کرو۔

❷ غل (کینہ) سے بچنا: "لَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ آمَنُوْا": (سورۂ حشر: آیت: ۱۰) ہمارے دلوں میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ ہونے دیجئے۔

❸ غرور سے بچنا: "لَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لِلنَّاسِ": (سورۂ لقمان: آیت ۱۸) لوگوں سے اپنا رخ مت پھیرو۔

❹ غفلت سے بچنا: "لَا تَکُنْ مِّنَ الْغَافِلِیْنَ": (سورۂ اعراف: آیت ۲۰۵) تو غفلت کرنے والوں میں سے مت ہو۔

❺ غیبت سے بچنا: "اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا": غیبت (انجام کے اعتبار سے) زنا سے زیادہ سخت ہے۔

❻ غصہ سے بچنا: "وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ الآیۃ" (سورۂ آل عمران: آیت ۱۵۹) اور اگر آپ تند خو، سخت طبیعت ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے منتشر ہو جاتے۔ سو آپ ان کو معاف کر دیجئے اور آپ ان کے لئے استغفار کر دیجئے اور ان سے

خاص خاص باتوں میں مشورہ لیتے رہا کیجئے، پھر جب آپ رائے پختہ کرلیں تو خدا پر اعتماد کیجئے۔

## (۱۴۹) چالیس سال کی عمر ہو جانے پر مندرجہ ذیل دعاءِ قرآنی پڑھنے سے اُمید ہے کہ اولاد صالح ہوگی اور نیک کام کی خاص توفیق ہوگی،

﴿رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝﴾ (سورۂ الاحقاف: آیت ۱۵)

(معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۸۰۶)

## (۱۵۰) مناقبِ ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

❶ صدیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو جنت کے آٹھوں دروازوں سے پکارا جائے گا۔

❷ صدیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے انتقال کے وقت ﴿يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ ۝ الخ﴾ (سورۂ فجر: آیت ۲۷) کی آیت فرشتے پڑھنے لگے۔ (معارف القرآن ۸)

❸ اللہ تعالٰی نے سلام کہلوایا۔ (حدیث)

❹ صدیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ واحد صحابی ہیں جن کے ماں باپ و اولاد سب مسلمان ہوئے، روح المعانی میں ہے کہ یہ خصوصیت صرف صدیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی ہے۔ (معارف القرآن فی تفسیر "رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ الخ")

## (۱۵۱) چار ماہ کے بعد اسقاطِ حمل قتل کے حکم میں ہے

بچوں کو زندہ دفن کر دینا، قتل کر دینا سخت گناہِ کبیرہ اور ظلم عظیم ہے، اور چار ماہ کے بعد کسی حمل کو گرانا بھی اسی حکم میں ہے کیونکہ چوتھے مہینہ میں حمل میں روح پڑ جاتی ہے اور وہ زندہ انسان کے حکم میں ہوتا ہے، اسی طرح جو شخص کسی حاملہ عورت کے پیٹ پر ضرب لگائے اور اس سے بچہ ساقط ہو جائے تو باجماع امت مارنے والے پر اس کی دیت میں غرہ یعنی ایک غلام یا اس کی قیمت واجب ہوتی ہے۔

اور بطن سے باہر آنے کے وقت وہ زندہ تھا پھر مر گیا تو پوری دیت بڑے آدمی کے برابر واجب ہوتی ہے، اور چار ماہ سے پہلے اسقاطِ حمل بھی بدون اضطراری حالت کے حرام ہے مگر پہلی صورت کی نسبت کم ہے کیونکہ اس میں کسی زندہ انسان کا قتلِ صریح نہیں ہے۔ (مظہری، معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۶۸۳)

## (۱۵۲) آج کل ضبطِ تولید کے لئے جو دوائیں یا معالجات کئے جاتے ہیں ان کا شرعی حکم

کوئی ایسی صورت اختیار کرنا جس سے حمل قرار نہ پائے جیسے آج کل دنیا میں ضبطِ تولید کے نام سے اس کی سیکڑوں صورتیں رائج ہو گئیں ہیں۔ اس کو بھی رسول اللہ ﷺ نے وأدِ خفیہ فرمایا ہے یعنی خفیہ طور سے بچہ کو زندہ درگو کرنا۔ (یعنی قبر میں زندہ دفن کر دینا)۔ (کمارواہ مسلم عن جدامۃ بنت وہب)

اور بعض دوسری روایتوں میں جو عزل یعنی ایسی تدبیر کرنا کہ نطفہ رحم میں نہ جائے اس پر رسول اللہ ﷺ کی طرف

سے سکوت یا عدم ممانعت منقول ہے۔ وہ ضرورت کے مواقع کے ساتھ مخصوص ہے۔ وہ بھی اس طرح کہ ہمیشہ کے لئے قطعِ نسل کی صورت نہ بنے۔ (مظہری)

آج کل ضبطِ تولید کے نام سے جو دوائیں یا معالجات کئے جاتے ہیں ان میں بعض ایسے بھی ہیں کہ ہمیشہ کے لئے سلسلۂ نسب واولاد منقطع ہو جائے۔ اس کی کسی حال میں بھی اجازت شرعاً نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۶۸۳)

## ⑮۳ دل کی بیماری کو دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا میری عیادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو آپ کے ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی، پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے، حکیم کو چاہئے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلا دے۔

فَائِدَۃ: کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی۔ (مسند احمد، ابونعیم، ابوداؤد)

## ⑮۴ دل کی بیماری کے لئے مجرب نسخہ

دل پر ہاتھ رکھ کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ بہت مرتبہ آزمایا گیا ہے۔

## ⑮۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر دعوت کے میدان میں حالت کا اتار چڑھاؤ

❶ کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قاب قوسین کی وسعتوں میں پہنچایا گیا۔

❷ اور کبھی ابوجہل کی جفاؤں کا نشانہ بننے کے لئے بھیجا گیا۔

❸ کبھی شاہد اور بشیر کا لقب دیا گیا۔

❹ اور کبھی شاعر، مجنوں اور ساحر کے آوازے سنوائے گئے۔

❺ کبھی ﴿لَوْ لَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ﴾ (اگر تمہاری قدر و منزلت منظور نہ ہوتی تو ہم عالم کو پیدا نہ کرتے) کے خطاب سے نوازا گیا۔

❻ اور کبھی ﴿وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ کُلِّ قَرْیَۃٍ نَّذِیْرًا﴾ (سورۂ فرقان: آیت ۵۱) (اگر ہم چاہیں تو تمہاری طرح ہر ہر گاؤں میں ایک پیغمبر بھیج دیں) فرما دیا گیا۔

❼ کبھی تمام خزانوں کی کنجیاں آپ کے حجرے کے دروازے پر ڈال دی گئی۔

❽ اور کبھی ایک مٹھی جو کے لئے ابوشحمہ یہودی کے دروازے پر لے جایا گیا۔ (مکتوبات صدی صفحہ ۵۳۴)

## ⑮۶ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چھ نصیحتیں

❶ جو آدمی زیادہ ہنستا ہے، اس کا رُعب کم ہو جاتا ہے۔

۲ جو مذاق زیادہ کرتا ہے لوگ اس کو ہلکا اور بے حیثیت سمجھتے ہیں۔
۳ جو باتیں زیادہ کرتا ہے اس کی لغزشیں زیادہ ہو جاتی ہیں۔
۴ جس کی لغزشیں زیادہ ہو جاتی ہیں، اس کی حیا کم ہو جاتی ہے۔
۵ جس کی حیا کم ہو جاتی ہے اس کی پرہیزگاری کم ہو جاتی ہے۔
۶ جس کی پرہیزگاری کم ہو جاتی ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۵۶۲)

## ۱۵۷ چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت

سونے سے پہلے اکیس (۲۱) مرتبہ بسم اللہ پڑھے تو چوری، شیطانی اثرات اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

## ۱۵۸ ظالم پر غلبہ

کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ ظالم کو مغلوب کر کے پڑھنے والے کو غالب کر دیں گے۔

(خزانۂ اعمال صفحہ ۸)

## ۱۵۹ غریبی اور خوشحالی

غریبی آتی ہے سات چیزوں کے کرنے سے:

۱ جلدی جلدی نماز پڑھنے سے۔
۲ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے۔
۳ پیشاب کرنے کی جگہ وضو کرنے سے۔
۴ کھڑے ہو کر پانی پینے سے۔
۵ منہ سے چراغ بجھانے سے۔
۶ دانت سے ناخن کاٹنے سے۔
۷ دامن یا آستین سے منہ صاف کرنے سے۔

خوشحالی آتی ہے سات چیزوں کے کرنے سے:

۱ قرآن کی تلاوت کرنے سے۔
۲ پانچوں وقت کی نماز پڑھنے سے۔
۳ خدا کا شکر ادا کرنے سے۔
۴ غریبوں اور مجبوروں کی مدد کرنے سے۔
۵ گناہوں سے معافی مانگنے سے۔
۶ ماں، باپ اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے سے۔
۷ صبح کے وقت سورہ یٰسین اور شام کے وقت سورۂ واقعہ پڑھنے سے۔ (تعمیر حیات صفحہ ۲۳، ۲۵ ستمبر ۲۰۰۰ء)

## ۱۶۰ ذہن اور حافظہ کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پانی پر دم کر کے طلوعِ آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ!

## ۱۶۱ برائے حفظ و حافظہ

۱ سورۂ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظِ قرآن کے لئے اور تحصیلِ علم کے لئے خاص ہے۔

۲ جن کا حافظہ کمزور ہو وہ سات دن تک ان آیاتِ کریمہ کو روٹی کے ٹکڑوں پر لکھ کر کھا لیا کریں اس طرح کہ ہفتہ کو یہ آیت لکھ کر کھائے۔ "فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ" (سورۃ نور: آیت ۱۱۶) اور اتوار کے روز یہ لکھے: "رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا" (سورۃ طٰہٰ: آیت ۱۱۴)، پیر کے روز یہ لکھے: "سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۝" (سورۃ الاعلیٰ: آیت ۶)، منگل کے روز یہ لکھے: "اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝" (سورۃ الاعلیٰ: آیت ۷)، بدھ کے روز یہ لکھے: "لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝" (سورۃ القیٰمۃ: آیت ۱۶)، جمعرات کے روز یہ لکھے: "اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝" (سورۃ القیٰمۃ: آیت ۱۷)، جمعہ کو یہ لکھے: "فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝" (سورۃ القیٰمۃ: آیت ۱۸)، صبح کے وقت باوضو لکھ کر کھلائیں ان شاء اللہ حافظہ قوی ہوگا۔ (فلاح دارین، حوالہ خزانہ اعمال صفحہ ۱۷)

## ۱۶۲ خواص سورۂ ضحیٰ (حصولِ ملازمت کے لئے)

سورۂ ضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف آیا ہے آپ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھیں، یہ سورۂ پاک اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو "يَا كَرِيْمُ" نو مرتبہ پڑھیں، یہ عمل صرف نو ایام کریں ملازمت ملے گی۔ اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ مرتبہ پڑھیں، اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائیس مرتبہ پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس مرتبہ "يَا كَرِيْمُ"، پڑھیں بفضلِ خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔ (شرعی علاج، بحوالہ خزانہ اعمال صفحہ ۱۱)

## ۱۶۳ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا واقعہ

بعض حاسدوں نے امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی سخت مار پیٹ کی، خلیفۂ وقت سزا دینا چاہتا تھا، حضرت امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے سواری پر سوار ہو کر شہر میں اعلان کیا، میں نے ان سب کو معاف کیا، کسی کو سزا دینے کا کوئی حق نہیں۔

## ۱۶۴ امام احمد بن حنبل رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا واقعہ

امام احمد بن حنبل رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو خلیفہ کوڑے لگواتا۔ امام صاحب ہر روز معاف کر دیتے، پوچھا گیا کیوں معاف کر دیتے ہیں؟ فرمایا میری وجہ سے حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے کسی امتی کو قیامت میں عذاب ہو اس میں میرا کیا فائدہ ہے۔

## ۱۶۵ حضرت ابراہیم بن ادہم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا واقعہ

حضرت ابراہیم بن ادہم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو سپاہی نے جوتے مارے، بعد میں اس کو معلوم ہوا کہ یہ بہت بڑے بزرگ ہیں اس نے معافی چاہی، فرمایا دوسرا جوتا مارنے سے پہلے پہل معاف کر دیتا تھا، اکابر کے حالات سے تاریخ بھری ہوئی ہے۔

## ۱۶۶ حالتِ مرض کی دعاء

جو شخص حالتِ مرض میں یہ دعاء چالیس مرتبہ پڑھے، اگر مرا تو شہید کے برابر ثواب ملے گا، اور اگر اچھا ہو گیا تو تمام گناہ بخشے جائیں گے۔ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" (اسوۂ رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صفحہ ۵۷۸)

## ۱۶۷ ننگے سر کی شہادت قبول نہیں

اسلام بلند اخلاق و کردار کی تعلیم دیتا ہے اور گھٹیا اخلاق و معاشرت سے منع کرتا ہے ننگے سر بازاروں اور گلیوں میں نکلنا

اسلام کی نظر میں ایک ایسا عیب ہے جو انسانی مروت و شرافت کے خلاف ہے۔ اس لئے حضراتِ فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ اسلامی عدالت ایسے شخص کی شہادت قبول نہیں کرے گی ۔۔۔۔ مسلمانوں میں ننگے سر پھرنے کا رواج انگریزی تہذیب و معاشرت کی نقالی سے پیدا ہوا ہے ورنہ اسلامی معاشرت میں ننگے سر پھرنے کو عیب تصور کیا جاتا ہے۔

(فتاویٰ رحیمیہ جلد ۳ صفحہ ۲۲۴، آپ کے مسائل جلد ۸ صفحہ ۴۷)

## ۱۶۸ نماز کی برکت

عطاء ارزق کو ان کی بیوی نے دو درہم دیئے کہ اس کا آٹا خرید کر لائیں جب آپ بازار کو چلے تو راستہ میں ایک غلام کو دیکھا کہ کھڑا رو رہا ہے جب اس سے وجہ پوچھی تو اس نے کہا مجھے مولی نے دو درہم دیئے تھے سودے کے لئے وہ کھو گئے، اب وہ مجھے مارے گا۔ حضرت نے دونوں درہم اسے دے دیئے اور شام تک نماز میں مشغول رہے اور منتظر تھے کہ کچھ ملے مگر کچھ میسر نہ ہوا۔ جب شام ہوئی تو اپنے ایک دوست بڑھئی کی دکان پر بیٹھ گئے۔ اس نے کہا یہ کھورا لے جاؤ تندور (تنور) گرم کرنے کی ضرورت ہو تو کام آئے گا اور کچھ میرے پاس نہیں جو آپ کی خدمت کرو آپ وہ کھورا ایک تھیلے میں ڈال کر گھر تشریف لے گئے اور دروازے ہی سے تھیلا گھر میں پھینک کر مسجد تشریف لے گئے اور نماز پڑھ کر بہت دیر تک بیٹھے رہے تا کہ گھر والے سو جائیں اور ان سے مخاصمت نہ کریں۔ پھر گھر آئے تو دیکھا کہ وہ لوگ روٹی پکا رہے تھے فرمایا تمہیں آٹا کہاں سے ملا؟ کہنے لگے وہ ہے جو آپ تھیلے میں لائے تھے، ہمیشہ اسی شخص سے خرید کر لایا کیجئے جس سے آج خریدا ہے فرمایا ان شاء اللہ میں ایسا ہی کروں گا۔ (روض الریاحین صفحہ ۲۶۰)۔

## ۱۶۹ بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورۂ فاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلایا کریں۔ (آپ کے مسائل جلد ۷ صفحہ ۴۰۸)

## ۱۷۰ تہمت کی سزا

زرقانی (شرح موطا امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی) میں ایک بڑا عجیب واقعہ لکھا ہے کہ مدینہ منورہ کے گرد و نواح میں ایک ڈیرے پر ایک عورت فوت ہو جاتی ہے تو دوسری اسے غسل دینے لگی، جو غسل دے رہی تھی جب اس کا ہاتھ مری ہوئی عورت کی ران پر پہنچا تو اس کی زبان سے نکل گیا میری بہنو! (جو دو چار ساتھ بیٹھی ہوئی تھیں) یہ جو عورت آج مر گئی ہے اس کے تو فلاں آدمی کے ساتھ خراب تعلقات تھے۔

غسل دینے والی عورت نے جب یہ کہا تو قدرت کی طرف سے گرفت آگئی اس کا ہاتھ ران پر چمٹ گیا جتنا کھینچتی ہے وہ جدا نہیں ہوتا زور لگاتی ہے مگر ران ساتھ ہی آتی ہے دیر لگ گئی، میت کے ورثاء کہنے لگے بی بی! جلدی غسل دو، شام ہونے والی ہے ہم کو جنازہ پڑھ کر اس کو دفنانا بھی ہے۔ وہ کہنے لگی کہ میں تو تمہارے مردے کو چھوڑتی ہوں مگر وہ مجھے نہیں چھوڑتا، رات پڑ گئی مگر ہاتھ یوں ہی چمٹا رہا دن آگیا پھر ہاتھ چمٹا رہا اب مشکل بنی تو اس کے ورثاء علماء کے پاس گئے۔ ایک مولوی سے پوچھتے ہیں مولوی صاحب! ایک عورت دوسری عورت کو غسل دے رہی تھی تو اس کا ہاتھ اس میت کی ران کے ساتھ چمٹ رہا

اب کیا کیا جائے؟ وہ فتویٰ دیتا ہے کہ چھری سے اس کا ہاتھ کاٹ دو! غسل دینے والی عورت کے وارث کہنے لگے ہم تو اپنی عورت کو معذور کرانا نہیں چاہتے ہم اس کا ہاتھ نہیں کاٹنے دیں گے۔

انہوں نے کہا فلاں مولوی کے پاس چلیں اس سے پوچھا تو کہنے لگا چھری لے کر مری ہوئی عورت کا گوشت کاٹ دیا جائے مگر اس کے ورثاء نے کہا کہ ہم اپنا مردہ خراب کرنا نہیں چاہتے۔ تین دن اور تین رات اسی طرح گزر گئے گرمی بھی تھی، دھوپ بھی تھی، بدبو پڑنے لگی، گرد و نواح کے کئی کئی دیہاتوں تک خبر پہنچ گئی۔ انہوں نے سوچا کہ یہاں مسئلہ کوئی حل نہیں کر سکتا، چلو مدینہ منورہ میں، وہاں حضرت امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی اس وقت قاضی القضاۃ کی حیثیت میں تھے۔ وہ حضرت امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگے حضرت! ایک عورت مری پڑی تھی دوسری اسے غسل دے رہی تھی اس کا ہاتھ اس کی ران کے ساتھ چمٹ گیا چھوٹتا ہی نہیں تین دن ہو گئے کیا فتویٰ ہے؟

امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی نے فرمایا وہاں مجھے لے چلو، وہاں پہنچے اور چادر کی آڑ میں پردے کے اندر کھڑے ہو کر غسل دینے والی عورت سے پوچھا بی بی! جب تیرا ہاتھ چمٹا تھا تو تو نے زبان سے کوئی بات تو نہیں کہی تھی؟ وہ کہنے لگی میں نے اتنا کہا تھا کہ یہ جو عورت مری ہے اس کے فلاں مرد کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے۔

امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی نے پوچھا بی بی! جو تو نے تہمت لگائی ہے کیا اس کے چار چشم دید گواہ تیرے پاس ہیں؟ کہنے لگی نہیں پھر فرمایا: کیا اس عورت نے خود تیرے سامنے اپنے بارے میں اقرار جرم کیا تھا؟ کہنے لگی نہیں۔ فرمایا: پھر تو نے کیوں تہمت لگائی؟ اس نے کہا میں نے اس لئے کہہ دیا تھا کہ وہ گھڑا اُٹھا کر اس کے دروازے سے گزر رہی تھی ——— یہ سن کر امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی نے وہیں کھڑے ہو کر پورے قرآن میں نظر دوڑائی پھر فرمانے لگے۔ قرآنِ پاک میں آتا ہے۔ ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً﴾ (سورۃ النور: آیت ۴) جو عورتوں پر ناجائز تہمتیں لگا دیتے ہیں پھر ان کے پاس چار گواہ نہیں ہوتے تو ان کی سزا ہے کہ ان کو اسّی کوڑے مارے جائیں، تو نے ایک مردہ عورت پر تہمت لگائی، تیرے پاس کوئی گواہ نہیں تھا، میں وقت کا قاضی القضاۃ حکم کرتا ہوں جلادو! اسے مارنا شروع کر دو، جلادوں نے اسے مارنا شروع کر دیا وہ کوڑے مارے جا رہے ہیں، ستر کوڑے مارے مگر ہاتھ یوں ہی چمٹا رہا۔ پچھتر کوڑے مارے گئے مگر ہاتھ پھر بھی یوں ہی چمٹا رہا، اناسی کوڑے مارے تو ہاتھ پھر بھی نہ چھوٹا جب اسّی واں کوڑا لگا تو اس کا ہاتھ خود بخود چھوٹ کر جدا ہو گیا۔ (موت کی تیاری صفحہ ۵۲، بستان المحدثین)

## (۱۷) صلہ رحمی کے فوائد

ہمارے آقا حضور اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا ہے کہ:

❶ صلہ رحمی سے محبت بڑھتی ہے۔
❷ مال بڑھتا ہے۔
❸ عمر بڑھتی ہے۔
❹ رزق میں کشادگی ہوتی ہے۔
❺ آدمی بری موت نہیں مرتا۔
❻ اس کی مصیبتیں اور آفتیں ٹلتی رہتی ہیں۔
❼ ملک کی آبادی اور سرسبزی بڑھتی ہے۔
❽ گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔
❾ نیکیاں قبول کی جاتی ہیں۔
❿ جنت میں جانے کا استحقاق حاصل ہوتا ہے۔

⓫ صلہ رحمی کرنے والے سے اللہ اپنا رشتہ جوڑتا ہے۔

⓬ جس قوم میں صلہ رحمی کرنے والے ہوتے ہیں اس قوم پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ تم اپنے نسبوں کو سیکھو تا کہ اپنے رشتہ داروں کو پہچان کر ان سے صلہ رحمی کر سکو، فرمایا کہ صلہ رحمی کرنے سے محبت بڑھتی ہے، مال بڑھتا ہے اور موت کا وقت پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ (یعنی عمر میں برکت ہوتی ہے)۔ (ترمذی)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں کشادگی ہو اور اس کی عمر بڑھ جائے تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرے۔ (بخاری و مسلم)

جو چاہتا ہے کہ اس کی عمر بڑھے اور اس کے رزق میں کشادگی ہو اور وہ بری موت نہ مرے تو اس کو لازم ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتا رہے اور اپنے رشتے ناتے والوں سے سلوک کرتا رہے۔ (الترغیب والترہیب)

جو شخص صدقہ دیتا رہتا ہے اور اپنے رشتے ناتے والوں سے سلوک کرتا رہتا ہے اس کی عمر کو اللہ دراز کرتا ہے اور اس کو بری طرح مرنے سے بچاتا ہے۔ اور اس کی مصیبتوں اور آفتوں کو دور کرتا رہتا ہے۔ (الترغیب والترہیب)

رحم، خدا کی رحمت کی ایک شاخ ہے اس سے اللہ نے فرمادیا ہے کہ جو تجھ سے رشتہ جوڑ لے گا اس سے میں بھی رشتہ ملاؤں گا اور جو تیرے رشتہ کو توڑ دے گا اس کے رشتہ کو میں بھی توڑ دوں گا۔ (بخاری)

فرمایا کہ اللہ کی رحمت اس قوم پر نازل نہیں ہوتی جس میں ایسا شخص موجود ہو جو اپنے رشتے ناتوں کو توڑتا ہو۔

(شعب الایمان، بیہقی)

بغاوت اور قطع رحمی سے بڑھ کر کوئی گناہ اس کا مستوجب نہیں کہ اس کی سزا دنیا ہی میں فوراً دی جائے اور آخرت میں بھی اس پر عذاب ہو۔ (الترغیب والترہیب)

فرمایا کہ جنت میں وہ شخص گھسنے نہ پائے گا جو اپنے رشتے ناتوں کو توڑتا ہو۔ (بخاری و مسلم)

ہمارے حضرت اللہ کے رسول ﷺ کہیں تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں ایک اعرابی نے آکر آپ کی اونٹنی کی نکیل پکڑ لی اور کہا کہ یا رسول اللہ! مجھ کو ایسی بات بتایئے جس سے جنت ملے اور دوزخ سے نجات ہو، آپ نے فرمایا کہ تو ایک اللہ کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کر، نماز پڑھ، زکوۃ دے، اور اپنے رشتے ناتے والوں سے اچھا سلوک کرتا رہ، جب وہ چلا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ اگر میرے حکم کی تعمیل کرے گا تو اس کو جنت ملے گی۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی ایک قوم سے ملک کو آباد فرماتا ہے اور اس کو دولت مند کرتا ہے اور کبھی دشمنی کی نظر سے ان کو نہیں دیکھتا، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اس قوم پر اتنی مہربانی کیوں ہوتی ہے؟ فرمایا کہ رشتے ناتے والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے ان کو یہ مرتبہ ملتا ہے۔ (الترغیب والترہیب)

فرمایا جو شخص نرم مزاج ہوتا ہے اس کو دنیا و آخرت کی خوبیاں ملتی ہیں اور اپنے رشتے ناتے والوں سے اچھا سلوک کرنے اور پڑوسیوں سے میل جول رکھنے اور عام طور پر لوگوں سے خوش خلقی برتنے سے ملک سرسبز اور آباد ہوتے ہیں۔ اور ایسا کرنے والوں کی عمریں بڑھتی ہیں۔ (الترغیب والترہیب)

ایک شخص نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ! مجھ سے ایک بڑا گناہ ہو گیا ہے میری توبہ کیوں کر قبول ہو سکتی ہے؟

آپ ﷺ نے پوچھا کہ تیری ماں زندہ ہے؟ اس نے کہا نہیں، فرمایا کہ خالہ زندہ ہے؟ اس نے کہا جی ہاں! فرمایا کہ تو اس کے ساتھ حسنِ سلوک کر۔ (الترغیب والترہیب)

ایک بار سرکار دو عالم ﷺ نے مجمع میں یہ فرمایا کہ: جو شخص رشتہ داری کا پاس ولحاظ نہ کرتا ہو، وہ ہمارے پاس نہ بیٹھے، یہ سن کر ایک شخص اس مجمع سے اٹھا، اور اپنی خالہ کے گھر گیا جس سے کچھ بگاڑ تھا، وہاں جا کر اُس نے اپنی خالہ سے معذرت کی اور قصور معاف کرایا۔ پھر آ کر دربارِ نبوت میں شریک ہوگیا جب وہ واپس آگیا تو سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ: اس قوم پر اللہ کی رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں ایسا شخص موجود ہو جو اپنے رشتہ داروں سے بگاڑ رکھتا ہو۔

(الترغیب والترہیب)

فرمایا: کہ ہر جمعہ کی رات میں تمام آدمیوں کے عمل اور عبادتیں اللہ کے دربار میں پیش ہوتی ہیں جو شخص اپنے رشتہ داروں سے بدسلوکی کرتا ہے اس کا کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ (الترغیب والترہیب)

## (۱۷۲) صلہ رحمی کا ایک عجیب قصہ

ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے عورتوں کو خیرات کرنے کا حکم دیا، اور فرمایا کہ اور کچھ نہ ہو تو زیور ہی کو خیرات کریں، حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ حکم سن کر اپنے خاوند حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ تم جا کر رسول اللہ ﷺ سے پوچھو، اگر کچھ حرج نہ ہو تو جو کچھ مجھے خیرات کرنا ہے وہ میں تمہیں کو دے دوں، تم بھی تو محتاج ہو، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ خود تم جا کر پوچھو۔

یہ مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کے دروازے پر حاضر ہوئیں، وہاں دیکھا کہ ایک بی بی اور کھڑی تھیں اور وہ بھی اسی ضرورت سے آئی تھیں، ہیبت کے مارے ان دونوں کو جرأت نہ پڑتی تھی کہ اندر جا کر خود آنحضرت ﷺ سے پوچھتیں۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نکلے تو ان دونوں نے کہا کہ حضرت سے جا کر کہو، دو عورتیں کھڑی پوچھتی ہیں کہ ہم لوگ اپنے خاوندوں، اور یتیم بچوں پر، جو ہماری گود میں ہوں، صدقہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے چلتے چلتے یہ بھی کہہ دیا کہ تم یہ نہ کہنا کہ ہم کون ہیں۔

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کون پوچھتا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ایک قبیلہ انصاری کی بی بی ہے، اور ایک زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) آپ ﷺ نے فرمایا کہ کون زینب؟ انہوں نے کہا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کہہ دو کہ ان کو دوہرا ثواب ملے گا قرابت کی پاسداری کا علیحدہ اور صدقہ کرنے کا علیحدہ۔ (بخاری ومسلم)

## (۱۷۳) ذکر ودعاء کے فوائد

جو شخص ہر چھینک کے وقت "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ" کہے تو ڈاڑھ اور کان کا درد کبھی بھی محسوس نہ کرے گا۔ (حصن حصین، ابن ابی شیبہ صفحہ ۳۳۵)

حضرت اُمّ سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو ابورافع کی اولاد کی والدہ ہیں انہوں نے حضور ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے چند کلمات بتا دیجئے مگر زیادہ نہ ہوں آپ ﷺ نے فرمایا:

دس مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہو، اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ میرے لئے ہیں۔ اور دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کہو، اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ میرے لئے ہے۔ اور کہو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ: اے اللہ! مجھے بخش دے اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے تجھے بخش دیا پس تم اس کو دس مرتبہ کہو تو اللہ تعالیٰ ہر مرتبہ فرمائے گا: میں نے تجھے بخش دیا۔ (حصن حصین، طبرانی عن ابی امامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحہ ۴۰۷)

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ان کلمات کو یعنی "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ" کے ساتھ "اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ" کہے تو یہ کلمات اس طرح جس طرح اس نے کہے، لکھ لئے جاتے ہیں۔ پھر عرش کے ساتھ لٹکا دیئے جاتے ہیں، اور کوئی گناہ جو اس نے کیا ہو ان کلمات کو نہیں مٹائے گا۔ یہاں تک کہ جب وہ اللہ تعالیٰ سے قیامت کے روز ملے گا تو وہ کلمے اس طرح سربمہر ہوں گے جس طرح اس نے کہے تھے۔

(حصن حصین، بزار عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحہ ۴۰۱)

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی مرتبہ سنی، اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی کئی مرتبہ سنی ہے۔ میں نے عرض کیا ضرور سنائیں، حضرت سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جو شخص صبح اور شام:

1. اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ: اے اللہ! آپ ہی نے مجھے پیدا کیا۔
2. وَاَنْتَ تَھْدِیْنِیْ: اور آپ ہی مجھے ہدایت دینے والے ہیں۔
3. وَاَنْتَ تُطْعِمُنِیْ: اور آپ ہی مجھے کھلاتے ہیں۔
4. وَاَنْتَ تَسْقِیْنِیْ: اور آپ ہی مجھے پلاتے ہیں۔
5. وَاَنْتَ تُمِیْتُنِیْ: اور آپ ہی مجھے ماریں گے۔
6. وَاَنْتَ تُحْیِیْنِیْ: اور آپ ہی مجھے زندہ کریں گے۔

پڑھے تو جو اللہ تعالیٰ سے مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔[1]

## (۱۷۴) ابن آدم کی حقیقت

## جس نے اپنے آپ کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچانا

"وَاَخْرَجَ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَۃِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ کَعْبِ الْقُرَظِیِّ قَالَ قَرَأْتُ فِی التَّوْرَاۃِ اَوْ قَالَ فِیْ مُصْحَفِ اِبْرَاھِیْمَ فَوَجَدْتُ فِیْھَا:

یَقُوْلُ اللّٰہُ یَا ابْنَ آدَمَ! مَا اَنْصَفْتَنِیْ خَلَقْتُکَ وَلَمْ تَکُ شَیْئًا وَجَعَلْتُکَ بَشَرًا سَوِیًّا وَخَلَقْتُکَ مِنْ سُلَالَۃٍ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ جَعَلْتُکَ نُطْفَۃً فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ ثُمَّ خَلَقْتُ النُّطْفَۃَ عَلَقَۃً فَخَلَقْتُ الْعَلَقَۃَ مُضْغَۃً فَخَلَقْتُ الْمُضْغَۃَ عِظَامًا فَکَسَوْتُ الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْتُکَ خَلْقًا آخَرَ یَا ابْنَ آدَمَ! ھَلْ یَقْدِرُ عَلٰی ذَالِکَ غَیْرِیْ؟

ثُمَّ اَوْصَیْتُ اِلَی الْاَمْعَاءِ اَنِ اتَّسِعِیْ وَاِلَی الْجَوَارِحِ اَنْ تَفَرَّقِیْ فَاتَّسَعَتِ الْاَمْعَاءُ مِنْ بَعْدِ ضِیْقِھَا

---

[1] رواہ الطبرانی فی الاوسط باسناد حسن، مجمع الزوائد ـــــ منتخب احادیث علم و ذکر، دعا صفحہ ۴۴۲

وَتَفَرَّقَتِ الْجَوَارِحُ مِنْ بَعْدِ تَشَبُّكِهَا ثُمَّ اَوْحَيْتُ اِلَى الْمَلَكِ الْمُوَكَّلِ بِالْاَرْحَامِ اَنْ يُّخْرِجَكَ مِنْ بَطْنِ اُمِّكَ فَاسْتَخْلَصْتُكَ عَلٰى رِيْشَةٍ مِنْ جَنَاحِهٖ فَاطَّلَعْتُ عَلَيْكَ فَاِذَا اَنْتَ خَلْقٌ ضَعِيْفٌ لَيْسَ لَكَ سِنٌّ يَقْطَعُ وَلَا ضِرْسٌ يَطْحَنُ فَاسْتَخْلَصْتُ لَكَ فِيْ صَدْرِ اُمِّكَ عِرْقًا يُدِرُّ لَكَ لَبَنًا بَارِدًا فِي الصَّيْفِ، حَارًّا فِي الشِّتَاءِ وَاسْتَخْلَصْتُهٗ لَكَ مِنْ بَيْنِ جِلْدٍ وَلَحْمٍ وَدَمٍ وَعُرُوْقٍ ثُمَّ قَذَفْتُ لَكَ فِيْ قَلْبِ وَالِدَتِكَ الرَّحْمَةَ وَفِيْ قَلْبِ اَبِيْكَ التَّحَنُّنَ يَكُدَّانِ وَيَجْهَدَانِ وَيُرَبِّيَانِكَ وَيُغَذِّيَانِكَ وَلَا يَنَامَانِ حَتّٰى يُنَوِّمَاكَ.

يَا ابْنَ اٰدَمَ! اَنَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِهٖ لَا بِشَيْءٍ اِسْتَاَهَلْتَهٗ بِهٖ مِنِّيْ اَوْ لِحَاجَةٍ اِسْتَعَنْتُ عَلٰى قَضَائِهَا يَا ابْنَ اٰدَمَ! فَلَمَّا قَطَعَ سِنُّكَ وَطَحَنَ ضِرْسُكَ اَطْعَمْتُكَ فَاكِهَةَ الصَّيْفِ فِيْ اَوَانِهَا وَفَاكِهَةَ الشِّتَاءِ فِيْ اَوَانِهَا فَلَمَّا عَرَفْتَ اَنِّيْ رَبُّكَ عَصَيْتَنِيْ فَالْاٰنَ اِذْ عَصَيْتَنِيْ فَادْعُنِيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ مُجِيْبٌ وَادْعُنِيْ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ.''

تَرْجَمَہ: ''ابونعیم نے حلیہ میں حضرت محمد بن کعب قرظی رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے تورات میں پڑھا یا ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَامُ کے مصحف (صحیفوں) میں پڑھا تو اس میں یہ پایا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! (آدم کے بیٹے!) تو نے عدل وانصاف سے کام نہ لیا۔ میں نے تجھے اس وقت پیدا کیا جب کہ تو کچھ بھی نہ تھا اور تجھے ایک معتدل ومناسب انسان بنایا اور تجھ کو مٹی کا خلاصہ (یعنی غذا) سے بنایا پھر میں نے تجھ کو نطفہ بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا۔ پھر میں نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنا دیا پھر میں نے اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت کی) بوٹی بنا دیا پھر میں نے اس بوٹی (کے بعض اجزاء) کو ہڈیاں بنا دیا۔ پھر میں نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ پھر میں نے (اس میں روح ڈال کر) اس کو ایک دوسری ہی (طرح کی) مخلوق بنا دیا۔ اے ابن آدم! کیا یہ سب میرے علاوہ بھی کوئی کرسکتا ہے؟ پھر میں نے آنتوں کو حکم دیا کہ پھیل جاؤ اور اعضاء کو حکم دیا کہ الگ الگ ہو جاؤ تو آنتیں اپنی تنگ جگہ کے بعد کشادہ ہوگئیں اور اعضاء اپنے آپس میں خلط ملط ہو جانے کے بعد الگ الگ ہوگئے۔ پھر رحم پر مقرر فرشتے کو میں نے حکم دیا کہ تم کو تمہاری ماں کے پیٹ سے نکالے، میں نے تجھ کو بازو کے نرم پروں پر نکالا، پھر میں تیری طرف متوجہ ہوا تو تو ایک کمزور مخلوق تھا نہ تو تیرے دانت تھے جس سے تو کاٹ سکتا اور نہ ڈاڑھ تھی جس سے تو چبا سکتا، میں نے تیرے لئے تیری ماں کے سینے میں ایک رگ پیدا کی جو تیرے لئے گرمیوں میں ٹھنڈا دودھ نکالتی اور سردیوں میں گرم دودھ اور اس کو تیری جلد، گوشت، خون اور رگوں (کی افزائش و پیداوار) کا ذریعہ بنایا پھر میں نے تیری ماں کے دل میں تیرے لئے رحمت ڈالی اور والد کے دل میں محبت پیدا کی کہ وہ دونوں محنت ومشقت کرتے ہیں اور تیری پرورش کرتے ہیں اور تجھے غذا فراہم کرتے ہیں اور جب تک تجھے نہ سلا دیں خود نہیں سوتے۔

اے ابن آدم! یہ سب میں نے اس لئے نہیں کیا کہ تو اُن سب چیزوں کا حقدار تھا اور نہ ہی اپنی کسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کیا اے ابن آدم! پھر جب تیرے دانت (چیزوں کو) کاٹنے لگے اور تیری ڈاڑھ (سخت چیز) توڑنے لگی تو میں نے تجھ کو گرمیوں میں اس کے موسمی پھل کھلائے اور سردیوں کے پھل ان کے موسم میں پھر جب تو نے جان لیا کہ میں تیرا پالنہار ہوں تو تو نے میری نافرمانی شروع کر دی اگر اب بھی تو میری نافرمانی کرے پھر مجھے پکارے تو میں قریب ہوں (تیری) دُعا کو قبول کرنے والا ہوں۔ تو مجھے پکار کہ میں بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہوں۔''

## ۱۷۵ اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی رہنے میں انسان کی عافیت ہے

"يَا ابْنَ آدَمَ خَلَقْتُكَ لِعِبَادَتِيْ فَلَا تَلْعَبْ قَدَّرْتُ لَكَ رِزْقَكَ فَلَا تَتْعَبْ فَإِنْ رَضِيْتَ بِمَا قَسَمْتُ لَكَ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ أَرَحْتُ قَلْبَكَ وَجَسَدَكَ وَكُنْتَ عِنْدِيْ مَحْمُوْدًا وَإِنْ لَمْ تَرْضَ بِمَا قَسَمْتُ لَكَ سَلَّطْتُ عَلَيْكَ الدُّنْيَا تَرْقُصُ كَمَا تَرْقُصُ الْوُحُوْشُ فَلَا تَزِيْدُ مِمَّا قَسَمْتُ لَكَ وَكُنْتَ عِنْدِيْ مَذْمُوْمًا كَمَا فِي التَّوْرَاةِ."

ترجمہ: ''اے ابن آدم! میں نے تجھ کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا تو تو لہولعب میں نہ لگ، اور میں نے تیرے رزق کو مقدر کر دیا ہے تو تو (اس کے حصول میں) مت تھک، اگر تو میری تقسیم پر راضی ہوگیا تو میری عزت وجلال کی قسم! میں تیرے دل اور جسم کو راحت دوں گا اور تو میرے نزدیک پسندیدہ بن جائے گا، اور اگر تو میرے تقسیم کردہ رزق پر راضی نہ ہوا تو میں تجھ پر دنیا مسلط کر دوں گا پھر تو ایسا مارا مارا پھرے گا جیسے وحشی جانور پھرتے ہیں اور میری تقسیم سے زیادہ تجھے ملے گا نہیں اور تو میرے نزدیک ناپسندیدہ بن جائے گا۔ تورات میں ایسا ہی ہے۔''

## ۱۷۶ ذمہ دار کو جائز ہے کہ اپنا فیصلہ دل میں رکھ کر حقیقت کو معلوم کرنے کے لئے اس کے خلاف کچھ کہے

مسند احمد میں ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ دو عورتیں تھیں جن کے ساتھ ان کے دو بچے تھے بھیڑیا آکر ایک بچہ کو اٹھا لے گیا، اب ہر ایک دوسرے سے کہنے لگی کہ تیرا بچہ گیا اور جو ہے وہ میرا بچہ ہے، آخر یہ قصہ حضرت داؤد علیہ السلام کے سامنے پیش ہوا آپ نے بڑی عورت کو ڈگری دے دی کہ یہ بچہ تیرا ہے۔

یہ یہاں سے نکلیں، راستہ میں حضرت سلیمان علیہ السلام تھے آپ نے دونوں کو بلایا اور فرمایا چھری لاؤ میں اس لڑکے کے دو ٹکڑے کر کے آدھا آدھا ان دونوں کو دے دیتا ہوں، اس پر بڑی خاموش ہوگئی، مسکین چھوٹی نے ہائے واویلا شروع کر دی کہ اللہ آپ پر رحم کرے آپ ایسا نہ کیجئے یہ لڑکا اس بڑی کا ہے اسی کو دے دیجئے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اس معاملہ کو سمجھ گئے اور لڑکا چھوٹی عورت کو دلا دیا۔ (بخاری ومسلم، تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۸۷)

## ۱۷۷ اہل جنت کو کنگن پہنانے کی حکمت

﴿إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝﴾ (سورۂ حج: آیت ۲۳)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے جنت کے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی ان کو وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور پوشاک ان کی وہاں ریشم کی ہوگی۔''

یہاں یہ شبہ ہوتا ہے کہ کنگن ہاتھوں میں پہننا عورتوں کا کام اور ان کا زیور ہے وہ مردوں کے لئے معیوب سمجھا جاتا ہے؟

جواب: یہ ہے کہ دنیا کے بادشاہوں کی یہ امتیازی شان رہی ہے کہ سر پر تاج اور ہاتھوں میں کنگن استعمال کرتے تھے جیسا کہ

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سراقہ بن مالک کو جب کہ وہ مسلمان نہیں تھے اور سفرِ ہجرت میں آپ کو گرفتار کرنے کے لئے تعاقب میں نکلے تھے۔ جب ان کا گھوڑا باذنِ خداوندی زمین میں دھنس گیا اور اس نے توبہ کی تو آپ ﷺ کی دعاء سے گھوڑا زمین سے نکل گیا اس وقت سراقہ بن مالک سے وعدہ فرمایا تھا کہ کسریٰ شاہ فارس کے کنگن مال غنیمت میں مسلمانوں ۔کے پاس آئیں گے وہ تمہیں دیئے جائیں گے اور جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں فارس کا ملک فتح ہوا اور ایران کے یہ کنگن دوسرے اموالِ غنیمت کے ساتھ آئے تو سراقہ بن مالک نے مطالبہ کیا اور ان کو دے دیئے گئے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جیسے سر پر تاج پہننا عام مردوں کا رواج نہیں، بلکہ شاہی اعزاز ہے اسی طرح ہاتھوں میں کنگن بھی شاہی اعزاز سمجھے جاتے ہیں اس لئے اہل جنت کو کنگن پہنائے جائیں گے، کنگن کے متعلق اس آیت میں اور سورۂ فاطر میں یہ ہے کہ وہ سونے کے ہوں گے اور سورۃ النساء میں یہ کنگن چاندی کے بتلائے گئے ہیں اس لئے حضرات مفسرین نے فرمایا کہ اہلِ جنت کے ہاتھوں میں تین طرح کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ ① سونے کا ② چاندی کا ③ موتیوں کا، جیسا کہ اس آیت میں سونے اور موتیوں کا ذکر موجود ہے۔ (معارف القرآن صفحہ ۲۳۸، پارہ ۱۷)

## ۱۷۸ جنات کی شرارت سے بچنے کا نبوی نسخہ

ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درج ذیل آیت پڑھ کر اس کے کان میں دم کیا۔

﴿اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝﴾ (سورۂ مؤمنون: آیت ۱۱۵ تا ۱۱۸)

وہ اچھا ہو گیا جب نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا عبداللہ! تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتلا دیا تو حضور ﷺ نے فرمایا تم نے یہ آیتیں اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا واللہ! ان آیتوں کو اگر کوئی باایمان شخص بالیقین کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۷۴)

## ۱۷۹ سفر میں نکل کر صبح و شام مذکورہ دعاء پڑھے

ابونعیم نے روایت نقل کی ہے کہ ہمیں رسولِ کریم ﷺ نے ایک لشکر میں بھیجا اور فرمایا کہ ہم صبح و شام مذکورہ آیت تلاوت فرماتے رہیں: ﴿اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝﴾ (سورۂ مؤمنون: آیت ۱۱۵) ہم نے برابر اس کی تلاوت دونوں وقت جاری رکھی۔ الحمدللہ! ہم سلامتی اور غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے۔

## ۱۸۰ ڈوبنے سے بچنے کا نبوی نسخہ

حضور اکرم ﷺ فرماتے ہیں میری امت کا ڈوبنے سے بچاؤ کے لئے کشتیوں میں سوار ہونے کے وقت یہ کہنا

ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ، سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾ (سورۂ زمر: آیت ٦٧) ﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ.﴾ (سورۂ ھود: آیت ٤١)

(تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۴۳، پارہ ۱۸ سورۂ مؤمنون)

## (۱۸۱) قاتلانِ عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے سامنے حضرت عبداللہ بن سلام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا درد بھرا خطبہ

بغوی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن سلام کا یہ خطبہ نقل کیا ہے۔ جو انہوں نے حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے خلاف ہنگامہ کے وقت دیا تھا خطبہ کے الفاظ یہ ہیں: اللہ کے فرشتے تمہارے شہر کے گرد احاطہ کئے ہوئے حفاظت میں اس وقت سے مشغول ہیں جب سے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مدینہ تشریف فرما ہوئے اور آج تک یہ سلسلہ جاری ہے۔

خدا کی قسم! اگر تم نے حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو قتل کر دیا تو یہ فرشتے واپس چلے جائیں گے اور پھر کبھی نہ لوٹیں گے، خدا کی قسم! تم میں سے جو شخص ان کو قتل کردے گا وہ اللہ کے سامنے دست بریدہ حاضر ہوگا اس کے ہاتھ نہ ہوں گے، اور سمجھ لو کہ اللہ کی تلوار اب بھی میان میں ہے۔

خدا کی قسم! اگر وہ تلوار میان سے نکل آئی تو پھر کبھی میان میں نہ جائے گی کیونکہ جب کوئی نبی قتل کیا جاتا ہے تو اس کے بدلہ میں ستر ہزار آدمی مارے جاتے ہیں، اور جب کسی خلیفہ کو قتل کیا جاتا ہے۔ تو پینتیس (۳۵۰۰۰) ہزار آدمی مارے جاتے ہیں۔ (مظہری)

چنانچہ حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے قتل سے جو باہمی خونریزی کا سلسلہ شروع ہوا تھا امت میں چلتا ہی رہا ہے اور جیسے اللہ تعالیٰ کی نعمت کی مخالفت اور استحکامِ دین کی مخالفت اور ناشکری قاتلانِ حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے کی تھی اُن کے بعد روافض اور خوارج کی جماعتوں نے خلفائے راشدین کی مخالفت میں گروہ بنالئے اسی سلسلہ میں حضرت حسین بن علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی شہادت کا عظیم حادثہ پیش آیا۔ "نَسْاَلُ اللّٰهَ الْهِدَايَةَ وَشُكْرَ نِعْمَتِهٖ"

(معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۴۲۷، پارہ ۱۸ سورۂ نور)

## (۱۸۲) مسجد کے پندرہ آداب

❶ اوّل یہ کہ مسجد میں پہنچنے پر اگر کچھ لوگوں کو بیٹھا دیکھے تو ان کو سلام کرے، اور کوئی نہ ہو تو "اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِاللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ" کہے لیکن یہ اس صورت میں ہے جب کہ مسجد کے حاضرین نفلی نماز یا تلاوت و تسبیح وغیرہ میں مشغول نہ ہوں ورنہ ان کو سلام کرنا درست نہیں۔

❷ دوسرے یہ کہ مسجد میں داخل ہو کر بیٹھنے سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد کی پڑھے، یہ بھی جب ہے کہ اس وقت نماز پڑھنا مکروہ نہ ہو مثلاً عین آفتاب کے طلوع یا غروب یا استواء نصف النہار کا وقت نہ ہو۔

۳ تیسرے یہ کہ مسجد میں خرید وفروخت نہ کرے۔

۴ چوتھے یہ کہ وہاں تیر اور تلوار نہ نکالے۔

۵ پانچویں یہ کہ مسجد میں اپنی گم شدہ چیز تلاش کرنے کا اعلان نہ کرے۔

۶ چھٹے یہ کہ مسجد میں آواز بلند نہ کرے۔

۷ ساتویں یہ کہ وہاں دنیا کی باتیں نہ کرے۔

۸ آٹھویں یہ کہ مسجد میں بیٹھنے کی جگہ میں کسی سے جھگڑا نہ کرے۔

۹ نویں یہ کہ جہاں صف میں پوری جگہ نہ ہو وہاں گھس کر لوگوں پر تنگی پیدا نہ کرے۔

۱۰ دسویں یہ کہ کسی نماز پڑھنے والے کے آگے سے نہ گزرے۔

۱۱ گیارہویں یہ کہ اپنے بدن کے کسی حصہ سے کھیل نہ کرے۔

۱۲ بارہویں یہ کہ اپنی انگلیاں نہ چٹخائے۔

۱۳ تیرہویں یہ کہ مسجد میں تھوکنے، ناک صاف کرنے سے پرہیز کرے۔

۱۴ چودھویں یہ کہ نجاست سے پاک وصاف رہے، اور کسی چھوٹے بچے یا مجنون کو ساتھ نہ لے جائے۔

۱۵ پندرہویں یہ کہ وہاں کثرت سے ذکر اللہ میں مشغول رہے۔ قرطبی نے یہ پندرہ آداب لکھنے کے بعد فرمایا ہے کہ جس نے یہ کام کر لئے اس نے مسجد کا حق ادا کیا اور مسجد اس کے لئے حرز وامان کی جگہ بن گئی۔

(معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۴۱۶، پارہ ۱۸ سورۂ نور)

## ۱۸۳ جو مکانات ذکر اللہ، تعلیمِ قرآن اور تعلیمِ دین کے لئے مخصوص ہوں وہ بھی مسجد کے حکم میں ہیں

تفسیر بحرِ محیط میں ابوحیان نے فرمایا کہ ”فِیْ بُیُوْتٍ“ کا لفظ قرآن میں عام ہے جس طرح مساجد اس میں داخل ہیں اسی طرح وہ مکانات جو خاص تعلیم قرآن، تعلیم دین، یا وعظ ونصیحت یا ذکر وشغل کے لئے بنائے گئے ہوں جیسے مدارس اور خانقاہیں وہ بھی اس حکم میں داخل ہیں ان کا بھی ادب واحترام لازم ہے۔ (معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۴۱۷، پارہ ۱۸ سورۂ نور)

## ۱۸۴ رفعِ مساجد کے معنی

اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ: اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے مسجدوں کو بلند کرنے کی ـــــ اجازت دینے سے مراد اس کا حکم کرنا ہے اور بلند کرنے سے مراد ان کی تعظیم کرنا۔ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا کہ: بلند کرنے کے حکم میں اللہ تعالیٰ نے مسجدوں میں لغو کام کرنے اور لغو کلام کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (ابن کثیر)

عکرمہ ومجاہد رحمہما اللہ تعالیٰ، ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ رفع سے مراد مسجد کا بنانا ہے۔ جیسے بناء کعبہ کے متعلق قرآن میں آیا ہے ﴿وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ﴾ (سورۃ البقرہ: آیت ۱۲۷) کہ اس میں رفعِ قواعد سے مراد بناء قواعد ہے۔ اور حضرت حسن بصری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا کہ رفعِ مساجد سے مراد اُن کی تعظیم واحترام اور ان کو نجاستوں اور گندی چیزوں

سے پاک رکھنا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ مسجد میں جب کوئی نجاست لائی جائے تو مسجد اس سے اس طرح سمٹتی ہے جیسے انسان کی کھال آگ سے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے مسجد میں سے ناپاکی اور گندگی اور ایذاء کی چیز کو نکال دیا اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دیں گے۔ (ابن ماجہ)

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم اپنے گھروں میں بھی مسجدیں یعنی نماز پڑھنے کی مخصوص جگہیں بنائیں اور ان کو پاک صاف رکھنے کا اہتمام کریں۔ (قرطبی)

اور اصل بات یہ ہے کہ لفظ (تُرفَعَ) میں مسجدوں کا بنانا بھی داخل ہے اور ان کی تعظیم وتکریم اور پاک وصاف رکھنا بھی، پاک وصاف رکھنے میں یہ بھی داخل ہے کہ ہر نجاست اور گندگی سے پاک رکھیں، اور یہ بھی داخل ہے کہ ان کو ہر بدبو کی چیز سے پاک رکھیں۔ اسی لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لہسن یا پیاز کھا کر بغیر منہ صاف کئے ہوئے مسجد میں آنے سے منع فرمایا ہے۔ جو عام کتبِ حدیث میں معروف ہے، سگریٹ، حقہ تمباکو کا پان کھا کر مسجد میں جانا بھی اسی حکم میں ہے مسجد میں مٹی کا تل جلانا، جس میں بدبو ہوتی ہے وہ بھی اسی حکم میں ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس شخص کے منہ سے لہسن یا پیاز کی بدبو محسوس فرماتے تھے اس کو مسجد سے نکال کر بقیع میں بھیج دیتے تھے، اور فرماتے تھے کہ جس کو لہسن پیاز کھانے ہی ہوں تو ان کو خوب اچھی طرح پکا کر کھائے کہ ان کی بدبو ماری جائے۔

حضراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس حدیث سے استدلال کر کے فرمایا کہ جس شخص کو کوئی ایسی بیماری ہو کہ اس کے پاس کھڑے ہونے والوں کو اس سے تکلیف پہنچے اس کو بھی مسجد سے ہٹایا جا سکتا ہے اس کو خود چاہئے کہ جب ایسی بیماری میں ہے تو نماز گھر میں پڑھے۔ (معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۴۱۴، پارہ ۱۸ سورۂ نور)

## ۱۸۵ رفع مساجد کا مفہوم

رفعِ مساجد کا مفہوم جمہور صحابہ وتابعین کے نزدیک یہی ہے کہ مسجدیں بنائی جائیں اور ان کو ہر بری چیز سے پاک صاف رکھا جائے بعض حضرات نے اس میں مسجدوں کی ظاہری شان وشوکت اور تعمیری بلندی کو بھی داخل قرار دیا ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجد نبوی کی تعمیر سال کی لکڑی سے شاندار بنائی تھی۔ اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ نے مسجدِ نبوی میں نقش ونگار اور تعمیری خوبصورتی کا کافی اہتمام کروایا تھا اور یہ زمانہ اجلہ صحابہ کا تھا کسی نے ان کے فعل پر انکار نہیں کیا۔ اور بعد کے بادشاہوں نے تو مسجدوں کی تعمیرات میں بڑے اموال خرچ کئے ہیں، ولید بن عبدالملک نے اپنے زمانہ خلافت میں دمشق کی جامع مسجد کی تعمیر وتزئین پر پورے ملکِ شام کی سالانہ آمدنی سے تین گنا زیادہ مال خرچ کیا، ان کی بنائی ہوئی مسجد آج تک قائم ہے۔

امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اگر نام ونمود اور شہرت کے لئے نہ ہو اللہ کے نام اور اللہ کے گھر کی تعظیم کی نیت سے کوئی شخص مسجد کی تعمیر شاندار، بلند ومستحکم اور خوب صورت بنائے تو کوئی ممانعت نہیں بلکہ امید ثواب کی ہے۔

(معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۴۱۵، پارہ ۱۸ سورۂ نور)

## ۱۸۶ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بڑھیا کی نصیحت سے رونا

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ چند صحابہ کی جماعت، کے ساتھ بڑے ضروری کام سے تشریف لے جا رہے تھے، راستہ میں ایک بڑھیا ملی جن کی کمر مبارک بھی جھک گئی تھی اور لاٹھی کے سہارے سے آہستہ آہستہ چل رہی تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: قف یا عمر! عمر ٹھہر جا! کہاں لپکا جا رہا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ٹھہر گئے اور بڑھیا لاٹھی کے سہارے سیدھی کھڑی ہوگئیں، اور فرمایا: اے عمر! میرے سامنے تیرے اوپر تین دور گزر چکے ہیں۔

ایک دور تو وہ تھا کہ تو سخت گرمی کے زمانے میں اونٹ چرایا کرتا تھا، اور اونٹ بھی چرانے نہیں آتے تھے، صبح سے شام تک حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اونٹ چرا کر آتے تو خطاب کی مار پڑتی تھی کہ اونٹوں کو اچھی طرح چرا کر کیوں نہیں لایا؟ (ان کی بہن عمر کو یہ کہتی تھی کہ عمر تجھ سے تو پھلی نہیں پھوٹتی) تو اس بڑھیا نے کہا کہ تو اونٹ چرایا کرتا تھا اور تیرے سر پر ٹاٹ کا یا کمبل کا ٹکڑا ہوتا تھا اور ہاتھ میں پتے جھاڑنے کا آنکڑا ہوتا تھا۔

دوسرا دور وہ آیا کہ لوگوں نے تجھے عمیر کہنا شروع کیا، اس لئے کہ ابوجہل کا نام بھی عمر تھا اس کی طرف سے پابندی تھی کہ میرے نام پر نام نہ رکھا جائے، گھر والوں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام میں تصغیر کر کے عمیر کہنا شروع کر دیا تھا۔ ۲ھ میں غزوۂ بدر ہوا۔ اور اس میں ابوجہل مارا گیا اس وقت ان کو عمیر ہی کہا جاتا تھا۔

بڑھیا نے کہا کہ اب تیسرا دور یہ ہے کہ تجھے نہ کوئی عمیر کہتا ہے نہ عمر، بلکہ امیر المؤمنین کہہ کر پکارتے ہیں اس تمہید کے بعد بڑھیا نے کہا۔ اِتَّقِ اللّٰہَ تَعَالٰی فِی الرَّعِیَّۃِ: رعایا کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔ امیر المؤمنین بننا آسان ہے مگر حق والے کا حق ادا کرنا مشکل ہے، کل حقوق کے بارے میں باز پرس ہوگی لہٰذا ہر حق والے کا حق ادا کرو۔ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ زار و قطار رو رہے ہیں یہاں تک کہ ڈاڑھی مبارک سے ٹپ ٹپ آنسو گر رہے ہیں۔ صحابہ جو ساتھ تھے انہوں نے بڑھیا کی طرف اشارہ کیا کہ بس تشریف لے جاؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رونے کی وجہ سے زبان بھی نہ اٹھ سکی اشارہ سے ہی منع فرما دیا کہ ان کو فرمانے دو جو فرما رہی ہیں، جب وہ چلی گئی تب صحابہ میں سے کسی نے پوچھا: کہ یہ بڑھیا کون تھی؟ جس نے آپ کا اتنا وقت ضائع کیا:

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر یہ ساری رات کھڑی رہتیں تو عمر یہاں سے سرکنے والا نہیں تھا بجز فجر کی نماز کے، یہ بی بی صاحبہ خولہ بنت ثعلبہ ہیں جن کی بات کی شنوائی ساتویں آسمان کے اوپر ہوئی اور حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ الآیۃ﴾ (سورۃ المجادلۃ: آیت ۱)

ترجمہ: ”بالیقین اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں جھگڑ رہی تھی اور اللہ کے آگے جھینک رہی تھی۔“

فرمایا: عمر کی کیا مجال تھی کہ ان کی بات نہ سنے جن کی بات ساتویں آسمان کے اوپر سنی گئی۔

(اسلام میں امانتداری کی حیثیت اور مقام صفحہ ۱۸، وعظ: حضرت مولانا مفتی افتخار الحسن صاحب)

## ۱۸۷ حضرت یحییٰ اُندلسی کی امانت داری

یحییٰ اُندلسی (اندلس جو کسی وقت میں علم و فن کا، خصوصیت سے علم حدیث کا مرکز تھا حافظ ابن عبدالبر اور علامہ حمیدی اور

شیخ اکبر جیسی شخصیتیں وہاں کی مٹی سے پیدا ہوئیں) حدیثِ پاک کا درس دیتے تھے اور بے شمار اشخاص ان سے استفادہ کرتے تھے۔

ایک دن حضرت یحییٰ نے پڑھانے کی طویل چھٹی کر دی، طلباء نے معلوم کیا کہ حضرت! اتنی لمبی چھٹی جس کی مدت بھی متعین نہیں کس بناء پر کی گئی، فرمایا مجھے افریقہ کے آخری کنارے پر قیروان جانا ہے، عرض کیا کہ حضرت کیوں؟ وہاں جانا بڑا ہی مشکل ہے بڑے بڑے بن ہیں، اور زہریلے جانور، فرمایا کہ ایک بقال یعنی لالہ کے میری طرف ساڑھے تین آنے یعنی ایک درہم ہے۔ ان کے ادا کرنے کے لئے جارہا ہوں۔

لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت ایک درہم ہی تو ہے؟! فرمایا مجھے ایک حدیث پہنچی ہے اور پھر اپنی سند کے ساتھ حدیث پڑھی کہ ایک لاکھ، ایک لاکھ، ایک لاکھ، ایک لاکھ، ایک لاکھ، ایک لاکھ یعنی چھ لاکھ کا نفلی صدقہ کرنے میں اتنا ثواب نہیں جتنا ایک درہم حق والے کا ادا کرنے کا ثواب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی حقوق ادا کرنے والے بنائے، اور جن لوگوں نے حقوق ادا کئے ہیں ان کے صدقہ اور طفیل میں ہمیں بھی ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے والا بنا دے۔ آمین! اَللّٰھُمَّ آمِیْنَ۔

(اسلام میں امانت داری کی حیثیت اور مقام صفحہ ۳۰، وعظ: حضرت مولانا مفتی افتخار الحسن صاحب)

## ۱۸۸ ایک ہزار جلدوں والی تفسیر

ایک تفسیر "حَدَائِقُ ذَاتَ بَهْجَةٍ" ایک ہزار جلدوں میں تھی اب اس کا وجود باقی نہیں۔ پچیس جلدوں میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر تھی اور پانچ جلدوں میں بسم اللہ کی تفسیر تھی۔ (علم کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟ صفحہ ۵۲۰، وعظ: حضرت مولانا مفتی افتخار الحسن صاحب)

## ۱۸۹ اَلتَّحِیَّات سیکھنے کے لئے ایک مہینہ کا سفر

اسی حدائق کے مقدمہ میں ایک واقعہ رُوی کرکے نقل کیا ہے کوئی حوالہ یا کوئی تخریج اس کی نہیں فرمائی، ایک شخص حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے دورِ خلافت میں ملکِ شام سے مدینہ طیبہ حاضر ہوئے ستر یا اسی سال ان کی عمر تھی۔ حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے دیکھا: دھوپ میں سفر کرنے کی وجہ سے بالکل سیاہ فام ہوگئے ہیں، زمین کا رنگ ان کی رنگت سے زیادہ صاف ہے، بال بڑھے ہوئے ہیں حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے پوچھا کہ یہ کیسے تشریف لائے؟ اس ضعف اور بڑھاپے میں آپ نے اتنا طویل سفر کیوں کیا؟ بڑے میاں نے کہا اَلتَّحِیَّات سیکھنے کے لئے آیا ہوں۔ اتنی بات سن کر حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ایسے روئے کہ صاحبِ حدائق کے الفاظ ہیں: "حَتّٰی ابْتَلَّتْ لِحْیَتُہٗ" اتنا روئے کہ ڈاڑھی مبارک تر ہوگئی اور ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے دیر تلک روتے رہے، اور پھر قسم کھا کر فرمایا: قسم ہے اس ذات عالی کی جس کے قبضے میں میری جان ہے تمہیں عذاب نہیں دیا جائے گا، کیوں؟ دین کی ایک بات سننے اور سیکھنے کے لئے انہوں نے اپنے گھر کو چھوڑا اور اونٹ کی پیٹھ کے اوپر انہوں نے وقت گزارا۔

### تشہد سیکھنے کے لئے سفر کی وجہ

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ملکِ شام میں حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے زمانے میں یہ انتظام نہیں تھا کہ کوئی کسی کو نماز سکھا سکے؟ جواب یہ ہے کہ انتظام تھا بڑے بڑے صحابہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ وہاں موجود تھے تو پھر کیا وجہ ہے کہ انہوں نے ملکِ شام

سے مدینہ طیبہ کا سفر کیا؟

## تشہد نقل کرنے والے صحابہ

اس کی وجہ ہے کہ اَلتَّحِیَّات کے نقل کرنے والے چوبیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔ احادیث میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صیغوں میں اور الفاظ میں جزوی اختلاف ہے کہیں تو ہے بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ کہیں ہے: "شَہِدْتُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَشَہِدْتُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ" غرض کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اَلتَّحِیَّات اور ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اَلتَّحِیَّات اور ہے، اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اَلتَّحِیَّات اور ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اَلتَّحِیَّات اور ہے۔ اسی طرح چوبیس صحابہ اَلتَّحِیَّات نقل کرنے والے ہیں۔ لیکن ہمارے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ والی اَلتَّحِیَّات اختیار فرمائی ہے۔ اور اس ترجیح کی بائیس وجوہات کی شراح حدیث نے بیان فرمائی ہیں۔ عنایہ، فتح القدیر اور فقہ کی مختلف کتابوں میں ان وجوہات کی تفصیل بیان کی گئی ہے، ان میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ وہ بڑے میاں اس لئے سفر کر کے آئے تھے، تاکہ یہ معلوم کریں کہ اہل مدینہ کا عمل کون سی اَلتَّحِیَّات کا ہے؟ کیونکہ مدینہ پاک میں ابھی وہ صحابہ بھی موجود تھے جنہوں نے رسول پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے نماز ادا کی ہے تو معلوم ہو جائے کہ انہوں نے کون سی اَلتَّحِیَّات رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، یہ سفر اس لئے کیا۔

## (۱۹۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق

قبا تشریف لے جانے کے لئے حمار (گدھے) کی ننگی کمر پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو ارشاد فرمایا کہ اچھا آؤ تم بھی سوار ہو جاؤ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں کافی وزن تھا۔ چڑھنے کے لئے اچھلے مگر نہیں چڑھ سکے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لپٹ گئے جس سے دونوں گرے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور فرمایا کہ ابوہریرہ تمہیں بھی سوار کرلوں، عرض کیا جیسے رائے عالی ہو۔ فرمایا کہ اچھا چڑھو! وہ نہیں چڑھ سکے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر گرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر سوار کرنے کے لئے پوچھا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اس ذات پاک کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے کہ تیسری دفعہ میں آپ کو نہیں گراؤں گا لہٰذا اب سوار نہیں ہوتا۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر میں تھے کہ ایک بکری پکانے کی تجویز ہوئی ایک شخص نے کہا کہ اس کا ذبح کرنا میرے ذمہ ہے، دوسرا بولا کہ اس کی کھال کھینچنا میرے ذمہ، تیسرے نے کہا کہ اس کا پکانا میرے ذمہ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لکڑیاں اکٹھا کرنا میرے ذمہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رفقاء نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! یہ ہم ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کرلیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں مجھے معلوم ہے کہ تم میری طرف سے کرلو گے لیکن مجھے یہ بات ناگوار ہے کہ میں اپنے رفیقوں سے امتیازی شان میں رہوں، اور اللہ پاک کو (بھی) ناپسند ہے اپنے بندے کی یہ بات (کہ اپنے رفیقوں سے امتیازی شان میں رہے)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر میں نماز کے لئے اترے اور مصلے کی طرف بڑھے پھر لوٹے، عرض کیا گیا کہ کہاں کا ارادہ

فرمالیا ہے؟ ارشاد فرمایا کہ اپنی اونٹنی کو باندھتا ہوں، عرض کیا کہ اتنے سے کام کے لئے حضور کو تکلیف فرمانے کی کیا ضرورت ہے ہم خدام ہی اس کو باندھ دیں گے، ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص بھی دوسرے لوگوں سے مدد نہ طلب کرے اگرچہ مسواک توڑنے میں ہو۔

ایک روز آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ بیٹھے ہوئے کھجوریں نوش فرما رہے تھے کہ حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ آشوبِ چشم کی وجہ سے ایک آنکھ کو ڈھانکے ہوئے آ گئے، سلام کر کے کھجوروں کی طرف جھکے تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آنکھ تو دُکھ رہی ہے اور شیرینی کھاتے ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ! اپنی اچھی آنکھ کی طرف سے کھاتا ہوں اس پر حضور ﷺ کو ہنسی آ گئی۔

ایک روز رطب نوش فرما رہے تھے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آ گئے ان کی آنکھ دُکھ رہی تھی وہ بھی کھانے کے قریب ہو گئے ارشاد فرمایا کہ آشوبِ چشم کی حالت میں بھی شیرینی کھاؤ گے؟ وہ پیچھے ہٹ کر ایک طرف جا بیٹھے، حضور ﷺ نے ان کی طرف دیکھا تو وہ بھی حضور ﷺ کی طرف دیکھ رہے تھے آپ ﷺ نے ان کی طرف کھجور پھینک دی پھر ایک اور، پھر ایک اور، اسی طرح سات کھجوریں پھینکیں، فرمایا کہ تم کو کافی ہیں جو کھجور طاق عدد کے موافق کھائی جائے وہ مضر (نقصان دہ) نہیں۔ (ماہنامہ المحمود، ۲۰ مئی، جون ۲۰۰۱ء)

## (۱۹۱) مہنگا بیچنے کے لئے غلہ جمع رکھنا مہلک بیماری کا سبب ہے

مسند احمد کی ایک روایت میں ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد سے نکلے تو اناج پھیلا ہوا دیکھا، پوچھا یہ غلہ کہاں سے آ گیا، لوگوں نے کہا بکنے کے لئے آیا ہے، آپ نے دعاء کی یا اللہ! اس میں برکت دے، لوگوں نے کہا یہ غلہ گراں بھاؤ پر بیچنے کے لئے پہلے سے جمع کر لیا گیا تھا؟ پوچھا کس نے جمع کیا تھا؟ لوگوں نے کہا! ایک تو فروخ نے جو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مولی ہیں، اور دوسرے آپ کے آزاد کردہ غلام نے، آپ نے دونوں کو بلوایا اور فرمایا کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟ جواب دیا کہ ہم اپنے مالوں سے خریدتے ہیں لہٰذا جب چاہیں بیچیں۔ ہمیں اختیار ہے آپ نے فرمایا سنو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص مسلمانوں میں مہنگا بیچنے کے خیال سے غلہ روک کر رکھے اسے اللہ تعالیٰ مفلس کر دے گا یا جذامی۔

یہ سن کر حضرت فروخ تو فرمانے لگے کہ میری توبہ ہے اللہ تعالیٰ سے، پھر آپ سے عہد کرتا ہوں کہ پھر یہ کام نہیں کروں گا لیکن حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام نے پھر بھی کہا کہ ہم اپنے مال سے خریدتے ہیں اور نفع اٹھا کر بیچتے ہیں اس میں کیا حرج ہے؟ راوی حدیث حضرت ابو یحییٰ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے پھر دیکھا کہ اسے جذام ہو گیا اور جذامی بنا پھرتا تھا۔

ابن ماجہ میں ہے، کہ جو شخص مسلمانوں کا غلہ گراں بھاؤ پر بیچنے کے لئے روک رکھے اللہ تعالیٰ اسے مفلس کر دے گا یا جذامی۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۳۷۲)

## (۱۹۲) انسان کے تین دوست

علم، دولت اور عزت تینوں دوست تھے۔ ایک مرتبہ ان کے بچھڑنے کا وقت آ گیا علم نے کہا مجھے درسگاہوں میں تلاش

کیا جا سکتا ہے، دولت کہنے لگی مجھے امراء اور بادشاہوں کے محلات میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔ عزت خاموش رہی، علم اور دولت نے عزت سے اُس کی خاموشی کی وجہ پوچھی تو عزت ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے کہنے لگی کہ جب میں کسی سے بچھڑ جاتی ہوں تو دوبارہ نہیں ملتی۔

## (۱۹۳) داعی کی دس صفات

۱ فَلِذَالِكَ فَادْعُ: سو آپ اسی طرف (ان کو برابر) بلاتے رہئے۔

۲ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ: اور جس طرح آپ کو حکم ہوا ہے (اس پر) مستقیم رہئے۔

۳ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَائَهُمْ: اور ان کی (فاسد) خواہشوں پر نہ چلئے۔

۴ وَقُلْ آمَنْتُ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتَابٍ: اور آپ کہہ دیجئے کہ اللہ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں سب پر ایمان لاتا ہوں۔

۵ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمْ: اور مجھ کو یہ (بھی) حکم ہوا ہے کہ (اپنے اور) تمہارے درمیان میں عدل رکھو۔

۶ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ: اللہ تعالیٰ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے۔

۷ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ: ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے۔

۸ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ: ہماری تمہاری کچھ بحث نہیں۔

۹ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا: اللہ تعالیٰ ہم سب کو جمع کرے گا۔

۱۰ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ: اور (اس میں شک ہی نہیں کہ) اسی کے پاس جانا ہے۔ (سورۂ شوریٰ: آیت ۱۵)

حافظ ابن کثیر رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا کہ یہ آیت دس مستقل جملوں پر مشتمل ہے، اور ہر جملہ خاص احکام پر مشتمل ہے گویا اس میں احکام کی دس فصلیں مذکور ہیں، اس کی نظیر پورے قرآن میں ایک آیت الکرسی کے سوا کوئی نہیں، آیت الکرسی میں بھی دس احکام کی دس فصلیں آئی ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۰)

## (۱۹۴) توبہ کی حقیقت

توبہ کے لفظی معنی لوٹنے اور رجوع کرنے کے ہیں اور شرعی اصطلاح میں کسی گناہ سے باز آنے کو توبہ کہتے ہیں اور اس کے صحیح و معتبر ہونے کے لئے تین شرائط ہیں۔ ایک یہ کہ جس گناہ میں فی الحال مبتلا ہے اس کو فوراً ترک کر دے۔ دوسرے یہ کہ ماضی میں جو گناہ ہوا ہو اس پر نادم ہو، اور تیسرے یہ کہ آئندہ اسے ترک کرنے کا پختہ عزم کر لے۔

اور کوئی شرعی فریضہ چھوڑا ہوا ہو تو اسے ادا یا قضا کرنے میں لگ جائے اور اگر حقوق العباد سے متعلق ہے تو اس میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ اگر کسی کا مال اپنے اوپر واجب ہے اور وہ شخص زندہ ہے تو یا اسے وہ مال لوٹائے یا اس سے معاف کرائے اور اگر وہ زندہ نہیں ہے اور اس کے ورثہ موجود ہیں تو ان کو لوٹائے اگر ورثہ بھی موجود نہیں ہیں تو بیت المال میں داخل کرائے بیت المال بھی نہیں ہے یا اس کا انتظام صحیح نہیں ہے تو اس کی طرف سے صدقہ کر دے اور اگر کوئی غیر مالی حق کسی کا اپنے ذمہ واجب ہے۔ مثلاً کسی کو ناحق ستایا ہے برا بھلا کہا ہے یا اس کی غیبت کی ہے تو اسے جس طرح ممکن ہو راضی کر کے اس سے معافی

حاصل کرے۔ (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۹۵)

## (۱۹۵) نیت پر مدار ہے

شیخ سعدی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں کہ ایک بادشاہ اور ایک درویش کا انتقال ہوا کسی نے خواب میں دیکھا کہ بادشاہ تو جنت میں ٹہل رہا ہے اور درویش دوزخ میں پڑا ہے۔ کسی بزرگ سے تعبیر معلوم کی، تو کہا کہ وہ بادشاہ صاحبِ تخت وتاج تھا مگر درویشی کی تمنا کرتا تھا اور درویشوں کی طرف بڑی حسرت کی نگاہ سے دیکھتا تھا، اور یہ درویش تھے تو فقیرِ بے نوا! مگر بادشاہ کو رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

اسی طرح اگر کوئی مسجد میں ہے اور اس کا دل لگا ہوا ہے کہ جلدی نماز ہو اور میں اپنے کام کو جاؤں تو گویا وہ مسجد سے نکل چکا، اور کوئی بازار میں ہے اور اس کا دل مسجد و نماز میں لگا ہوا ہے تو گویا وہ نماز ہی میں۔ یہ یعنی معنیٰ ہے اِنتظارُ الصَّلٰوۃِ بعدَ الصَّلٰوۃِ کے۔ زہد خانقاہ میں صرف بیٹھنے کا نام نہیں ہے، معلوم نہیں ہم کہاں ہیں اس کا حال تو قیامت میں معلوم ہوگا۔ ''فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ'' (سورۃ المؤمنون) وہاں اِدھر کا پلہ بھاری ہوا تو اُدھر، اگر اُدھر کا پلہ بھاری ہوا تو اِدھر۔ (حضرت مولانا یعقوب صاحب مجددی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ماخوذ از صحبتے با اہلِ دل، تعمیرِ حیات صفحہ ۲۱، ۱۰ ستمبر ۲۰۰۱ء)

## (۱۹۶) ٹی وی کے ساتھ دفن ہونے کا عبرتناک واقعہ

جب سے ٹی وی دیکھنے کا رواج بڑھا ہے ٹی وی دیکھنے والوں کے مرنے کے بعد قبر میں عذاب ہونے کے بڑے ہی عبرتناک واقعات بھی سامنے آرہے ہیں، جن سے ہمیں سبق لینا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ یہ واقعات اسی لئے دکھاتے ہیں، تاکہ ہم لوگ عبرت حاصل کریں۔ چنانچہ ایک رسالہ ''ٹی وی کی تباہ کاریاں'' میں ایک عورت کا بڑا عبرتناک واقعہ لکھا ہے۔ کہ رمضان شریف کے مہینے میں افطار کے وقت گھر میں ایک ماں اور ایک بیٹی تھی ماں نے بیٹی سے کہا کہ آج گھر پر مہمان آنے والے ہیں افطاری تیار کرنی ہے اس لئے تم بھی میری مدد کرو اور کام میں لگو اور افطاری تیار کراؤ۔

بیٹی نے صاف جواب دیا کہ اماں اس وقت ٹی پر ایک خاص پروگرام آرہا ہے میں اس کو دیکھنا چاہتی ہوں اس سے فارغ ہو کر کچھ کروں گی، چونکہ وقت کم تھا اس لئے ماں نے کہا کہ تم اس کو چھوڑ دو پہلے کام کراؤ مگر بیٹی نے ماں کی بات سنی اَن سنی کر دی، اور پھر اس خیال سے اوپر کی منزل میں ٹی وی لے کر چلی گئی کہ اگر میں یہاں نیچے بیٹھی رہی تو ماں بار بار مجھے منع کرے گی اور کام کے لئے بلائے گی۔ چنانچہ اوپر کمرے میں اندر جا کر اندر سے کنڈی لگائی اور پروگرام دیکھنے میں مشغول ہوگئی، نیچے ماں بے چاری آواز دیتی رہ گئی لیکن اس نے کچھ پروانہ کی، پھر ماں نے افطاری کے لئے جو تیاری ہو سکی کر لی اتنے میں مہمان بھی آگئے۔ اور سب لوگ افطاری کے لئے بیٹھ گئے ماں نے پھر بیٹی کو آواز دی تاکہ وہ بھی آخر روزہ افطار کر لے۔ لیکن بیٹی نے کوئی جوب نہیں دیا تو ماں کو تشویش ہوئی، چنانچہ وہ اوپر گئی اور دروازے پر جا کر دستک دی اور اس کو آواز دی لیکن اندر سے کوئی جواب نہیں آیا ہے۔ چنانچہ ماں نے اس کے بھائیوں اور اس کے باپ کو اوپر بلایا، انہوں نے آواز دی اور دستک دی مگر جب اندر سے کوئی جواب نہ آیا تو بالآخر دروازہ توڑا گیا جب دروازہ توڑ کر اندر گئے تو دیکھا کہ ٹی وی کے سامنے مری ہوئی اوندھے منہ زمین پر پڑی [illegible]

اب سب گھر والے پریشان ہوگئے اس کے بعد جب اس کی لاش اٹھانے کی کوشش کی تو اس کی لاش نہ اٹھی اور ایسا محسوس ہونے لگا کہ وہ کئی ٹن وزنی ہوگئی ہے، اب سب لوگ پریشان ہوگئے کہ اس کی لاش کیوں نہیں اٹھ رہی ہے، اسی پریشانی کے عالم میں ایک صاحب نے جو ٹی وی اٹھایا تو اس کی لاش بھی اُٹھ گئی، اب صورت حال یہ ہوگئی کہ اگر ٹی وی اٹھائیں تو اس کی لاش ہلکی ہو جائے، اگر ٹی وی رکھ دیں تو اس کی لاش بھاری ہو جائے، اس ٹی وی کو اٹھا کر اس کی لاش نیچے لائے اور اس کو غسل دیا، کفن دیا۔

جب اس کا جنازہ اٹھانے لگے تو پھر اس کی چارپائی ایسی ہوگئی جیسے کسی نے اس کے اوپر پہاڑ رکھ دیا ہو لیکن جب ٹی وی کو اٹھایا تو آسانی سے چارپائی بھی اٹھ گئی تمام اہل خانہ شرمندگی اور مصیبت میں پڑ گئے بالآخر جب ٹی وی جنازہ کے آگے آگے چلا تب اس کا جنازہ گھر سے باہر نکلا، اب اسی حالت میں ٹی وی کے ساتھ اس پر نمازِ جنازہ پڑھی گئی اور قبرستان لے جانے لگے، آگے ٹی وی، پیچھے جنازہ چلا، پھر قبرستان میں لے جانے کے بعد جب میت کو قبر میں اتارا اور قبر کو بند کر کے اس کو ٹھیک کر کے جب لوگ واپس جانے لگے تو لوگوں نے کہا کہ اب ٹی وی واپس لے چلو، لیکن جب ٹی وی اٹھا کر لے جانے لگے تو اس لڑکی کی لاش قبر سے باہر آگئی، کتنی عبرت کی بات ہے! "فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِي الْاَبْصَارِ" (اے عقل مندو! عبرت حاصل کرو) لوگوں نے جلدی سے ٹی وی کو وہیں رکھا اور دوبارہ اس لاش کو قبر کے اندر دفن کر کے بند کر دی اور دوبارہ ٹی وی اٹھا کر چلے تو دوبارہ اس لڑکی کی لاش قبر سے باہر آگئی، اب لوگوں نے کہا کہ یہ تو ٹی وی کے ساتھ ہی دفن ہوگی اس کے علاوہ کوئی اور صورت نظر نہیں آتی۔

آخر کار اس کی لاش قبر میں تیسری بار رکھی اور ٹی وی کو بھی اس کے سرہانے رکھ دیا اور اس کے ساتھ ہی اس کو دفن کر دینا پڑا۔ العیاذ باللہ۔

اب ذرا سوچئے کہ اس لڑکی کا کیا حشر ہوا ہوگا؟ اور کیا انجام ہوا ہوگا؟ ہماری عبرت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں دکھا دیا، اب بھی اگر ہم عبرت نہ پکڑیں تو ہماری ہی نالائقی ہے۔ "اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهُ." (تعمیر حیات ۱۰ ر ستمبر ۲۰۰۱ء)

## ⑲⑦ دل چار قسم کے ہیں

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دل چار قسم کے ہیں:

❶ ایک تو صاف دل جو روشن چراغ کی طرح چمک رہا ہو۔ ❷ دوسرے وہ دل جو غلاف آلود ہیں۔

❸ تیسرے وہ دل جو الٹے ہیں۔ ❹ چوتھے وہ دل جو مخلوط ہیں۔

پہلا دل تو مؤمن کا ہے جو پوری طرح نورانی ہے ــــــ دوسرا کافر کا دل ہے جس پر پردے پڑے ہوئے ہیں ــــــ تیسرا منافق کا ہے جو جانتا ہے اور انکار کرتا ہے ــــــ چوتھا دل اس منافق کا ہے جس میں ایمان اور نفاق دونوں جمع ہیں۔

ایمان کی مثال اس سبزے کی طرح ہے جو پاکیزہ پانی سے بڑھ رہا ہو اور نفاق کی مثال پھوڑے کی طرح ہے جس میں پیپ اور خون بڑھتا ہی جاتا ہے۔ اب جو مادہ بڑھ جائے وہ دوسرے پر غالب آجاتا ہے۔ اس حدیث کی اسناد بہت ہی عمدہ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ا صفحہ ۸۹)

## ⑲⑧ تکبر کی دو علامتیں

حدیث میں ہے: "اَلْکِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ": ① حق کا انکار ② اور لوگوں کو حقیر سمجھنا کبر ہے۔

(رواہ مسلم، مشکوٰۃ صفحہ ۴۳۳)

## ⑲⑨ ہر کام میں اعتدال چاہئے

ایک رات نبی کریم ﷺ کا گزر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے ہوا تو دیکھا کہ وہ پست آواز سے نماز پڑھ رہے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی دیکھنے کا اتفاق ہوا تو وہ اونچی آواز سے نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے دونوں سے پوچھا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں جس سے مصروف مناجات تھا وہ میری آواز سن رہا تھا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ میرا مقصد سوتوں کو جگانا اور شیطان کو بھگانا تھا۔

آپ ﷺ نے حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اپنی آواز کو قدرے بلند کرو، اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا اپنی آواز کو کچھ پست رکھو۔ (تفسیر مسجد نبوی صفحہ ۷۹۸، تفسیر ابن کثیر سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۱۰)

## ⑳⓪ سب سے زیادہ قابلِ رشک بندہ

ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے دوستوں میں بہت زیادہ قابلِ رشک میرے نزدیک وہ مؤمن ہے جو سبک بار (یعنی دنیا کے ساز وسامان اور مال وعیال کے لحاظ سے بہت ہلکا پھلکا) ہو نماز میں اس کا بڑا حصہ ہو، اور اپنے رب کی عبادت خوبی کے ساتھ اور صفتِ احسان کے ساتھ کرتا ہو، اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری اس کا شعار ہو۔ اور یہ سب کچھ اخفا کے ساتھ اور خلوت میں کرتا ہو، اور وہ چھپا ہوا اور گمنامی کی حالت میں ہو، اور اس کی طرف انگلیوں سے اشارے نہ کئے جاتے ہوں اور اس کی روزی بھی بقدرِ کفاف ہو اور وہ اس پر صابر و قانع ہو، پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے چٹکی بجائی (جیسے کہ کسی چیز کے ہو جانے پر اظہارِ تعجب یا اظہارِ حیرت کے لئے چٹکی بجاتے ہیں) اور فرمایا جلدی آگئی اس کو موت، اور اس پر رونے والیاں بھی کم ہیں اس کا ترکہ بھی بہت تھوڑا سا ہے۔

(مسند احمد، جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ)

فَائِدَہ: رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ میرے دوستوں اور اللہ کے مقبول بندوں کے الوان واحوال مختلف ہیں، لیکن ان میں بہت زیادہ قابلِ رشک زندگی ان اہلِ ایمان کی ہے، جن کا حال یہ ہے کہ دنیا کے ساز وسامان اور مال وعیال کے لحاظ سے وہ بہت ہلکے، مگر نماز اور عبادات میں ان کا خاص حصہ ہے۔ اور اس کے باوجود ایسے نامعروف اور گمنام کہ آتے جاتے کوئی ان کی طرف انگلی اٹھا کے نہیں کہتا کہ یہ فلاں بزرگ اور فلاں صاحب ہیں، اور ان کی روزی بس بقدرِ کفاف، لیکن وہ اس پر دل سے صابر و قانع —— جب موت کا وقت آیا تو ایک دم رخصت، نہ پیچھے زیادہ مال و دولت، اور نہ جائدادوں، مکانات اور باغات کی تقسیم کے جھگڑے، اور نہ زیادہ ان پر رونے والیاں۔ بلاشبہ بڑی قابلِ رشک ہے اللہ کے ایسے بندوں کی زندگی، اور الحمدللہ اس قسم کی زندگی والوں سے ہماری یہ دنیا اب بھی خالی نہیں۔

(معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۸۸)

## (۲۰۱) حضرت صدیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے اسلام لانے کا عجیب واقعہ

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی نے لکھا ہے کہ حضرت صدیق نے قبل از اسلام اور قبل از ظہورِ نبوت شام کی طرف تجارت کے لئے سفر فرمایا، شام سے قریب ایک خواب دیکھا جس کی تعبیر آپ نے بحیرا راہب سے معلوم کی اس راہب نے کہا اللہ تعالیٰ آپ کا خواب سچا کرے گا آپ کی قوم سے ایک نبی مبعوث ہوگا آپ ان کی حیات میں ان کے وزیر ہوں گے اور بعد وفات ان کے خلیفہ ہوں گے۔ پس اس خواب کو صدیق نے چھپایا کسی سے ظاہر نہیں کیا یہاں تک کہ حضور اقدس صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو نبوت عطا ہوئی اور اعلانِ نبوت سن کر حضرت صدیق اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ حاضر ہوئے اور عرض کیا اے محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ! آپ نے جو دعوی فرمایا ہے اس کی دلیل کیا ہے؟ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ اس کی دلیل وہ خواب ہے جو تم نے شام میں دیکھا تھا بس غلبۂ خوشی سے حضرت صدیق اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے معانقہ فرمایا اور آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی پیشانی کا بوسہ لیا۔ (خصائص کبریٰ جلد ا صفحہ ۲۹، کشکول معرفت صفحہ ۹۷، حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب)

## (۲۰۲) ایک مجرب عمل برائے عافیتِ اہل وعیال

ایک صحابی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اپنی جان اور اپنی اولاد اور اپنے اہل وعیال اور مال کے بارے میں خوفِ ضرر رہتا ہے، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا صبح وشام یہ پڑھ لیا کرو۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ.

چند دن کے بعد یہ شخص آئے تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے دریافت فرمایا اب کیا حال ہے؟ عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا میرا سب خوف غائب ہوگیا۔

(کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۶۳۶، کشکول معرفت صفحہ ۵۷، حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب)

## (۲۰۳) طالبِ دُنیا گناہوں سے نہیں بچ سکتا

حضرت انس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ایک دِن فرمایا کہ کیا کوئی ایسا ہے کہ پانی پر چلے، اور اُس کے پاؤں نہ بھیگیں؟ عرض کیا گیا حضرت! ایسا تو نہیں ہوسکتا، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا، اِسی طرح دُنیا دار گناہوں سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ (شعب الایمان بیہقی)

**فَائِدَہ:** صاحب الدنیا (دُنیا دار) سے مراد وہی شخص ہے جو دنیا کو مقصود ومطلوب بنا کر اس میں لگے، ایسا آدمی گناہوں سے کہاں محفوظ رہ سکتا ہے۔ لیکن اگر بندہ کا حال یہ ہو کہ مقصود ومطلوب اللہ تعالیٰ کی رضا اور آخرت ہو، اور دنیا کی مشغولی کو بھی وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور آخرت کی فلاح کا ذریعہ بنائے تو وہ شخص دُنیا دار نہ ہوگا اور دُنیا میں بظاہر پوری مشغولی کے باوجود گناہوں سے محفوظ بھی رہ سکے گا۔ (معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۷۰)

## (۲۰۴) اللہ تعالیٰ اپنے پیاروں کو دنیا سے بچاتا ہے

قتادہ بن نعمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا

ہے تو دنیا سے اس کو اس طرح پرہیز کراتا ہے جس طرح کہ تم میں سے کوئی اپنے مریض کو پانی سے پرہیز کراتا ہے جب کہ اس کو پانی سے نقصان پہنچتا ہو۔ (جامع ترمذی، مسند احمد)

فَائِدَہ: دنیا دراصل وہی ہے جو اللہ تعالیٰ سے غافل کرے اور جس میں مشغول ہونے سے آخرت کا راستہ کھوٹا ہو، پس اللہ تعالیٰ جن بندوں سے محبت کرتا ہے اور اپنے خالص انعامات سے ان کو نوازنا چاہتا ہے ان کو اس مردار دنیا سے اس طرح بچاتا ہے جس طرح کہ ہم لوگ اپنے مریضوں کو پانی سے پرہیز کراتے ہیں۔ (معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۷۰)

## ۲۰۵ خوش حالی چاہنے والی بیوی کو ابوالدرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کا جواب

حضرت ابوالدرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کی بیوی اُمّ الدرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا سے روایت ہے کہ میں نے ابوالدرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے کہا کہ: کیا بات ہے تم مال و منصب کیوں نہیں طلب کرتے جس طرح کہ فلاں اور فلاں طلب کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا کہ: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے سنا ہے کہ تمہارے آگے ایک بڑی دشوار گزار گھاٹی ہے اس کو گراں بار اور زیادہ بوجھ والے آسانی سے پار نہ کرسکیں گے اس لئے میں یہی پسند کرتا ہوں کہ اس گھاٹی کو عبور کرنے کے لئے ہلکا پھلکا رہوں۔ (اس وجہ سے میں اپنے لئے مال و منصب طلب نہیں کرتا)۔

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان، معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۸۹)

## ۲۰۶ کسی بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو

حضرت واثلہ بن اسقع رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ تم کسی بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو۔ (اگر ایسا کرو گے تو ہوسکتا ہے کہ) اللہ اس کو اس مصیبت سے نجات دے دے اور تم کو مبتلا کردے۔

(جامع ترمذی)

فَائِدَہ: جب دو آدمیوں میں اختلاف پیدا ہوتا ہے اور وہ ترقی کرکے دشمنی اور عداوت کی حد تک پہنچ جاتا ہے تو یہ بھی ہوتا ہے کہ ایک کے مبتلائے مصیبت ہونے سے دوسرے کو خوشی ہوتی ہے اس کو "شماتت" کہتے ہیں، حسد اور بغض کی طرح یہ خبیث عادت بھی اللہ تعالیٰ کو سخت ناراض کرنے والی ہے، اور اللہ تعالیٰ بسا اوقات دنیا ہی میں اس کی سزا اس طرح دے دیتے ہیں کہ مصیبت زدہ کو مصیبت سے نجات دے کر اس پر خوش ہونے والے کو مبتلائے مصیبت کردیتے ہیں۔

(معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۲۲۰)

## ۲۰۷ ریا کاروں کو فضیحت اور رسوائی کی سزا

حضرت جندب رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ جو شخص کوئی عمل سنانے اور شہرت کے لئے کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو شہرت دے گا اور جو کوئی دکھاوے کے لئے نیک عمل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو خوب دکھائے گا۔ (بخاری، مسلم)

فَائِدَہ: مطلب یہ ہے کہ دکھاوے اور شہرت کی غرض سے نیک اعمال کرنے والوں کو ایک سزا ان کے اس عمل کی مناسبت سے یہ بھی دی جائے گی کہ ان کی اس ریاکاری اور منافقت کو خوب مشہور کیا جائے گا اور سب کو مشاہدہ کرا دیا جائے گا کہ

بد بخت لوگ یہ نیک اعمال اللہ کے لئے نہیں کرتے تھے، بلکہ نام ونمود اور دکھاوے اور شہرت کے لئے کیا کرتے تھے۔۔۔۔۔ الغرض جہنم کے عذاب سے پہلے ان کو ایک سزا یہ ملے گی کہ سر محشر ان کی ریا کاری اور منافقت کا پردہ چاک کر کے سب کو ان کی بد باطنی دکھا دی جائے گی۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا! (معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۳۴۴)

## (۲۰۸) دین کے نام پر دنیا کمانے والے ریا کاروں کو سخت تنبیہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانہ میں کچھ ایسے مکار لوگ پیدا ہوں گے جو دین کی آڑ میں دنیا کا شکار کریں گے، وہ لوگوں پر اپنی درویشی اور مسکینی ظاہر کرنے اور ان کو متاثر کرنے کے لئے بھیڑوں کی کھال کا لباس پہنیں گے، ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی ہوں گی مگر ان کے سینوں میں بھیڑیوں کے سے دل ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کا (ان کے بارے میں) فرمان ہے: کیا یہ لوگ میرے ڈھیل دینے سے دھوکہ کھا رہے ہیں؟! یا مجھ سے نڈر ہو کر میرے مقابلے میں جرأت کر رہے ہیں؟ پس مجھے اپنی قسم ہے کہ میں ان مکاروں پر انہی میں سے ایسا فتنہ کھڑا کروں گا جو ان میں کے عقل مندوں اور داناؤں کو بھی حیران بنا کے چھوڑے گا۔ (جامع ترمذی)

فائدہ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ریا کاری کی یہ خاص قسم کہ عابدوں، زاہدوں کی صورت بنا کر اور اپنے اندرونی حال کے بالکل برعکس ان خاصانِ خدا کی سی نرم وشیریں باتیں کر کے اللہ کے سادہ لوح بندوں کو اپنی عقیدت کے جال میں پھانسا جائے اور ان سے دنیا کمائی جائے بدترین قسم کی ریا کاری ہے، اور ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی تنبیہ ہے کہ وہ مرنے سے پہلے اس دنیا میں بھی سخت فتنوں میں مبتلا کئے جائیں گے۔ (معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۳۴۴)

## (۲۰۹) آسان حساب

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے بعض نمازوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا کرتے سنا:

"اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا" ترجمہ: "اے اللہ! میرا حساب آسان فرما!"

میں نے عرض کیا حضرت آسان حساب کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسان حساب یہ ہے کہ بندہ کے اعمال نامہ پر نظر ڈالی جائے اور اس سے درگزر کی جائے (یعنی کوئی پوچھ گچھ اور جرح نہ کی جائے) بات یہ ہے کہ جس کے حساب میں اس دن جرح کی جائے گی اے عائشہ (اس کی خیر نہیں) وہ ہلاک ہو جائے گا۔

(رواہ احمد، معارف الحدیث جلد ۱ صفحہ ۲۳۰)

## (۲۱۰) راتوں کو اللہ تعالیٰ کے لئے جاگنے والوں کا جنت میں بے حساب داخلہ

اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن سب لوگ (زندہ کئے جانے کے بعد) ایک وسیع اور ہموار میدان میں جمع کئے جائیں گے (یعنی میدانِ حشر میں جمع ہو جائیں گے)۔ پھر اللہ کا منادی پکارے گا کہ کہاں ہیں وہ بندے جن کے پہلو راتوں کو بستروں سے الگ رہتے ہیں (یعنی بستر چھوڑ کر جو راتوں کو تہجد پڑھتے تھے) وہ اس پکار پر کھڑے ہو جائیں گے اور ان کی تعداد زیادہ نہ ہوگی، پھر وہ اللہ کے حکم سے بغیر

حساب و کتاب کے جنت میں چلے جائیں گے، اس کے بعد تمام لوگوں کے لئے حکم ہوگا کہ وہ حساب کے لئے حاضر ہوں۔
(رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

## (۲۱۱) اُمتِ محمدیہ کی بہت بڑی تعداد کا حساب کے بغیر جنت میں داخلہ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ میرے پروردگار نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری امت میں سے ستر ہزار کو وہ بغیر حساب اور بغیر عذاب کے جنت میں بھیجے گا اور ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور ہوں گے۔ اور تین حثیے میرے پروردگار کے حثیات میں سے (میری امت میں سے بغیر حساب اور بغیر عذاب کے جنت میں بھیجے جائیں گے)۔

فَائِدَہ: جب دونوں ہاتھ بھر کر کسی کو کوئی چیز دی جائے تو عربی میں اس کو حثیہ کہتے ہیں جس کو اردو، ہندی میں لپ بھر کر دینا کہتے ہیں، تو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ستر ہزار کو بلا حساب اور بلا عذاب جنت میں داخل کرے گا اور پھر ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور بھی اسی طرح بلا حساب و عذاب جنت میں جائیں گے۔ اور اس سب کے علاوہ اللہ تعالیٰ اپنی خاص شانِ رحمت سے اس امت کی بہت بڑی تعداد کو تین دفعہ کر کے جنت میں بھیجے گا اور یہ سب وہ ہوں گے جو بغیر حساب اور بغیر عذاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔ "سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ."

انتباہ: اس قسم کی حدیثوں کی پوری حقیقت اسی وقت کھلے گی جب یہ سب باتیں عملی طور پر سامنے آئیں گی اس دنیا میں تو ہمارا علم و ادراک اتنا ناقص ہے کہ بہت سے ان واقعات کو صحیح طور پر سمجھنے سے بھی قاصر رہتے ہیں جن کی خبریں ہم اخباروں میں پڑھتے ہیں مگر اس قسم کے واقعات کا کبھی ہم نے تجربہ اور مشاہدہ کیا ہوا نہیں ہوتا۔

"صَدَقَ رَبُّنَا عَزَّوَجَلَّ —— وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا."

(رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ، معارف الحدیث جلد اصفحہ ۲۳۳، ۲۳۴)

## (۲۱۲) خزانہ غیب سے دعا پر روزی کا ملنا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اللہ کا ایک بندہ اپنے اہل و عیال کے پاس پہنچا جب اس نے ان کو فقر و فاقہ کی حالت میں دیکھا تو (الحاح کے ساتھ اللہ سے دعا کرنے کے لئے) جنگل کی طرف چل دیا جب اس کی نیک بیوی نے دیکھا (کہ شوہر اللہ تعالیٰ سے مانگنے کے لئے گیے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر بھروسہ کر کے اس نے تیاری شروع کر دی) وہ اٹھ کر چکی کے پاس آئی اور اس کو تیار کیا (تا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کہیں سے کچھ غلہ آئے تو جلدی سے اس کو پیسا جا سکے) پھر وہ تنور کے پاس گئی اور اس کو گرم کیا (تا کہ آٹا پس جانے کے بعد پھر روٹی پکانے میں دیر نہ لگے)

پھر اس نے خود بھی دعا کی اور اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ اے مالک! ہمیں رزق دے، اب اس کے بعد اس نے دیکھا کہ چکی کے گرداگرد آٹے کے لئے جو جگہ بنی ہوتی ہے (جس کو چکی کا گرانڈ اور کہیں چکی کی بھر بھی کہتے ہیں) وہ آٹے سے بھری ہوئی ہے، پھر تنور کے پاس گئی تو دیکھا کہ تنور بھی روٹیوں سے بھرا ہوا ہے (اور جتنی روٹیاں اس میں لگ سکتی ہیں لگی ہوئی

ہیں)۔

اس کے بعد اس بیوی کے شوہر واپس آئے اور بیوی سے پوچھا کہ میرے جانے کے بعد تم نے کچھ پایا؟ بیوی نے بتایا کہ ہاں ہمیں اپنے پروردگار کی طرف سے کچھ ملا ہے (یعنی براہِ راست خزانہ غیب سے اس طرح ملا ہے) یہ سن کر یہ بھی چکی کے پاس گئے (اور اس کو اٹھا کر دیکھا یعنی تعجب اور شوق میں غالبا اس کا پاٹ اٹھا کر دیکھا) پھر جب یہ ماجرا رسول اللہ ﷺ سے ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ معلوم ہونا چاہئے کہ اگر اس کو اٹھا کر نہ دیکھتے تو چکی قیامت تک یوں ہی چلتی رہتی اور اس سے ہمیشہ آٹا نکلتا رہتا۔ (مسندِ احمد، معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۳۱۸)

## (۲۱۳) دولت کی حرص کے بارے میں حضور ﷺ کی نصیحت

حکیم ابن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ مال طلب کیا آپ نے مجھے عطا فرمادیا، میں نے پھر مانگا آپ ﷺ نے پھر عطا فرمادیا، پھر آپ ﷺ نے مجھے نصیحت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ اے حکیم! یہ مال سب کو بھلی لگنے والی اور لذیذ وشیریں چیز ہے۔ پس جو شخص اس کو بغیر حرص اور طمع کے سیر چشمی اور نفس کی فیاضی کے ساتھ لے اس کے واسطے اس میں برکت دی جائے گی، اور جو شخص دل کے لالچ کے ساتھ لے گا اس کے واسطے اس میں برکت نہیں ہوگی اور اس کا حال جوع البقر کے اس مریض کا سا ہوگا جو کھائے اور پیٹ نہ بھرے، اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے (یعنی دینے والے کا مقام اونچا ہے اور ہاتھ پھیلا کر لینا ایک گھٹیا بات ہے لہٰذا جہاں تک ہو سکے اس سے بچنا چاہئے)۔

حکیم بن حزام کہتے ہیں کہ (حضور ﷺ کی یہ نصیحت سن کر) میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! قسم ہے اس پاک ذات کی جس نے آپ ﷺ کو نبی برحق بنا کر بھیجا ہے اب آپ کے بعد مرتے دم تک میں کسی سے کچھ نہ لوں گا۔

(بخاری و مسلم)

فائدہ: اس حدیث شریف کے بارے میں صحیح بخاری ہی کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ حکیم بن حزام نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں جو عہد کیا تھا اس کو پھر ایسا نبھایا کہ حضور ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے اپنے دورِ خلافت میں (جب کہ سب ہی کو وظیفے اور عطیے دیئے جاتے تھے) ان کو بھی بلا کر بار بار کچھ وظیفہ یا عطیہ دینا چاہا لیکن یہ لینے پر آمادہ ہی نہیں ہوئے۔

اور فتح الباری میں حافظ ابن حجر نے مسندِ اسحاق بن راہویہ کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ شیخین کے بعد حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانہ خلافت و امارت میں بھی انہوں نے کبھی کوئی وظیفہ یا عطیہ قبول نہیں کیا یہاں تک کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ امارت میں ایک سو بیس سال کی عمر میں ۵۴ھ میں وفات پائی۔

(معارف الحدیث جلد ۲ صفحہ ۲۹۶)

## (۲۱۴) جو اپنی مصیبت کسی پر ظاہر نہ کرے اس کے لئے بخشش کا وعدہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

کہ: جو بندہ کسی جانی یا مالی مصیبت میں مبتلاء ہو اور وہ کسی سے اس کا اظہار نہ کرے اور نہ لوگوں سے شکوہ شکایت کرے تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ ہے کہ وہ اس کو بخش دیں گے۔ (معجم الاوسط للطبرانی)

**فَائِدَہ:** صبر کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اپنی مصیبت اور تکلیف کا کسی سے اظہار بھی نہ ہو، اور ایسے صابروں کے لئے اس حدیث میں مغفرت کا پختہ وعدہ کیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی بخشش کا ذمہ لیا ہے، اللہ تعالیٰ ان مواعید پر یقین اور ان سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ (معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۳۰۱)

## ﴿۲۱۵﴾ رسول اللہ ﷺ کا اپنی صاحبزادی کو صبر کی تلقین کرنا

حضرت اسامہ بن زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی (حضرت زینب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا) نے آنحضرت ﷺ کے پاس کہلا بھیجا کہ میرے بچے کا آخری دم ہے اور چل چلاؤ کا وقت ہے لہٰذا آپ اس وقت تشریف لے آئیں آپ نے اس کے جواب میں سلام کہلا بھیجا اور پیام دیا کہ بیٹی! اللہ تعالیٰ کسی سے جو کچھ لے وہ بھی اسی کا ہے اور کسی کو جو کچھ دے وہ بھی اسی کا ہے۔

الغرض ہر چیز ہر حال میں اسی کی ہے (اگر کسی کو دیتا ہے تو اپنی چیز دیتا ہے اور کسی سے لیتا ہے تو اپنی چیز لیتا ہے) اور ہر چیز کے لئے اس کی طرف سے ایک مدت اور وقت مقرر ہے (اور اس وقت کے آجانے پر وہ چیز اس دنیا سے اٹھالی جاتی ہے) پس چاہئے کہ تم صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے اس صدمہ کے اجر وثواب کی طالب بنو، صاحبزادی صاحبہ نے پھر آپ کے پاس پیام بھیجا اور قسم دی کہ اس وقت حضور ﷺ ضرور تشریف لے آئیں۔ پس آپ اٹھ کر چل دیئے اور آپ کے اصحاب میں سے حضرت سعد بن عبادہ اور حضرت معاذ بن جبل اور حضرت ابی بن کعب اور حضرت زید بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ اور بعض اور لوگ بھی آپ ﷺ کے ساتھ ہو لئے، پس وہ بچہ اٹھا کر آپ ﷺ کی گود میں دیا گیا اور اس کا سانس اکھڑ رہا تھا، اس کے اس حال کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اس پر حضرت سعد بن عبادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرض کیا حضرت! یہ کیا؟!

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ یہ رحمت کے اس جذبہ کا اثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھ دیا ہے اور اللہ کی رحمت ان ہی بندوں پر ہوگی جن کے دلوں میں رحمت کا جذبہ ہو (اور جن کے دل سخت اور رحمت کے جذبہ سے بالکل خالی ہوں وہ اللہ کی رحمت کے مستحق نہ ہوں گے)۔ (بخاری و مسلم)

**فَائِدَہ:** حدیث کے آخری حصے سے معلوم ہوا کہ کسی صدمہ سے دل کا متاثر ہونا اور آنکھوں سے آنسو بہنا صبر کے منافی نہیں، صبر کا مقتضی صرف اتنا ہے کہ بندہ مصیبت اور صدمہ کو اللہ تعالیٰ کی مشیت یقین کرتے ہوئے اس کو بندگی کی شان کے ساتھ انگیز کرے۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس اور اس کا شاکی نہ ہو اور اس کی مقرر کی ہوئی حدود کا پابند رہے۔

باقی طبعی طور پر دل کا متاثر ہونا اور آنکھوں سے آنسو بہنا قلب کی رقت اور اس جذبہ رحمت کا لازمی نتیجہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی فطرت میں ودیعت رکھا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے، اور جو دل اس سے خالی ہو وہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ رحمت سے محروم ہے ـــــ حضرت سعد بن عبادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے حضور اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہتے دیکھ کر تعجب کے ساتھ سوال اس لئے کیا کہ اس وقت ان کو یہ بات معلوم نہیں تھی کہ دل کا یہ تاثر اور آنکھوں سے آنسو گرنا صبر کے

منافی نہیں ہے۔ (معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۳۰۲)

## ۲۱۶ خاصانِ خدا عیش و تنعّم کی زندگی نہیں گزارتے

حضرت معاذ بن جبل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے جب ان کو یمن کی طرف روانہ کیا تو نصیحت فرمائی کہ معاذ! آرام طلبی اور خوش عیشی سے بچتے رہنا! اللہ کے خاص بندے آرام طلب اور خوش عیش نہیں ہوا کرتے۔ (مسند احمد)

فَائِدَہ: دنیا میں آرام وراحت اور خوش عیشی کی زندگی گزارنا اگرچہ حرام اور ناجائز نہیں ہے لیکن اللہ کے خاص بندوں کا مقام یہی ہے کہ وہ دنیا میں تنعّم کی زندگی اختیار نہ کریں۔ اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشَ الْآخِرَۃَ۔ (معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۹۷)

## ۲۱۷ خادم اور نوکر کا قصور معاف کرو اگرچہ وہ ایک دن میں ستر دفعہ قصور کرے

حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنے خادم (غلام یا نوکر) کا قصور کتنی دفعہ معاف کروں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا اور خاموش رہے اس نے پھر وہی عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں اپنے خادم کو کتنی دفعہ معاف کروں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: ہر روز ستر دفعہ۔ (جامع ترمذی)

فَائِدَہ: سوال کرنے والے کا مقصد یہ تھا کہ حضرت! اگر میرا خادم: غلام یا نوکر بار بار قصور کرے تو کہاں تک میں اس کو معاف کروں اور کتنی دفعہ معاف کرنے کے بعد میں اس کو سزا دوں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے جواب دیا کہ اگر بالفرض روزانہ ستر دفعہ بھی وہ قصور کرے تو تم اس کو معاف ہی کرتے رہو۔

حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا مطلب یہ تھا کہ قصور کا معاف کرنا کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کی حد مقرر کی جائے بلکہ حسنِ اخلاق اور ترحم کا تقاضا یہ ہے کہ اگر بالفرض وہ روزانہ ستر دفعہ بھی قصور کرے تو اس کو معاف ہی کر دیا جائے۔

فَائِدَہ: جیسا کہ بار بار لکھا جاچکا ہے ستر کا عدد ایسے موقعوں پر تحدید کے لئے نہیں ہوتا بلکہ صرف تکثیر کے لئے ہوتا ہے اور خاص کر اس حدیث میں یہ بات بہت ہی واضح ہے۔ (معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۱۸۶)

## ۲۱۸ دل کی قساوت اور سختی کا علاج

حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے اپنی قساوت قلبی (سخت دلی) کی شکایت کی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: کہ یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔ (مسند احمد)

فَائِدَہ: سخت دلی اور تنگ دلی ایک روحانی مرض اور انسان کی بدبختی کی نشانی ہے سائل نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے اپنے دل اور اپنی روح کی اس بیماری کا حال عرض کر کے آپ سے علاج دریافت کیا تھا، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ان کو دو باتوں کی ہدایت فرمائی ایک یہ کہ یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرا کرو اور دوسرا یہ کہ فقیر مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا بتلایا ہوا یہ علاج علم النفس کے ایک خاص اصول پر مبنی ہے بلکہ کہنا چاہئے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ان ارشادات سے اس اصول کی تائید اور توثیق ہوتی ہے، وہ اصول یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے نفس یا قلب میں کوئی خاص

کیفیت نہ ہو اور وہ اس کو پیدا کرنا چاہے تو ایک تدبیر اس کی یہ بھی ہے کہ اس کیفیت کے آثار اور لوازم کو وہ اختیار کر لے ان شاء اللہ کچھ عرصہ کے بعد وہ کیفیت بھی نصیب ہو جائے گی ـــــ دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کے لئے کثرت ذکر کا طریقہ جو حضرات صوفیائے کرام میں رائج ہے اس کی بنیاد بھی اسی اصول پر ہے۔

بہر حال یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا اور مسکین کو کھانا کھلانا دراصل جذبہ رحم کے آثار میں سے ہے لیکن جب کسی کا دل اس جذبہ سے خالی ہو وہ اگر یہ عمل بہ تکلف ہی کرنے لگے تو ان شاء اللہ اس کے قلب میں بھی رحم کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔

(معارف الحدیث جلد۲ صفحہ ۱۷۹)

## (۲۱۹) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت

صحیح بخاری میں ایک آیت کے تحت میں بروایت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان کسی بات میں اختلاف ہوا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ناراض ہو کر چلے گئے یہ دیکھ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو منانے کے لئے چلے، مگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ مانے یہاں تک کہ اپنے گھر میں پہنچ کر دروازہ بند کر لیا۔ مجبوراً صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ واپس آئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے، ادھر کچھ دیر کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے اس فعل پر ندامت ہوئی اور یہ بھی گھر سے نکل کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے اور اپنا واقعہ عرض کیا، ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہو گئے، جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عتاب ہونے لگا تو عرض کیا یا رسول اللہ! زیادہ قصور میرا ہی تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ میرے ایک ساتھی کو اپنی ایذاؤں سے چھوڑ دو، کیا تم نہیں جانتے ہو کہ جب میں نے باذنِ خداوندی یہ کہا کہ: "یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا" اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا (یعنی اس کا رسول) ہوں، تو تم سب نے مجھے جھٹلایا صرف ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی تھے جنہوں نے پہلی بار میری تصدیق کی۔ (قصص معارف القرآن، ماخوذ از تعمیر حیات ۱۰ اکتوبر ۲۰۰۱ء)

## (۲۲۰) عظمتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ ایک یہودی کا قرض تھا اس نے آ کر اپنا قرض مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس وقت میرے پاس کچھ نہیں ہے کچھ مہلت دے دو، یہودی نے شدت کے ساتھ مطالبہ کیا اور کہا کہ میں آپ کو اس وقت تک نہ چھوڑوں گا جب تک میرا قرض ادا نہ کر دو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اختیار ہے میں تمہارے پاس بیٹھ جاؤں گا چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ بیٹھ گئے اور ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز اور پھر اگلے روز صبح کی نماز یہیں ادا فرمائی، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ ماجرا دیکھ کر رنجیدہ اور غضب ناک ہو رہے تھے اور آہستہ آہستہ یہودی کو ڈرا دھمکا کر یہ چاہتے تھے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ دے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تاڑ لیا اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پوچھا: کیا کرتے ہو؟ تب انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اس کو کیسے برداشت کریں کہ ایک یہودی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قید کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے میرے

رب نے منع فرمایا ہے کہ میں معاہد وغیرہ پر ظلم کروں یہودی یہ سب ماجرا دیکھ اور سن رہا تھا۔ صبح ہوتے ہی یہودی نے کہا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اس طرح مشرف بہ اسلام ہو کر اس نے کہا یا رسول اللہ! میں نے اپنا آدھا مال اللہ کے راستے میں دے دیا، اور قسم ہے اللہ تعالیٰ کی! میں نے اس وقت جو کچھ کیا اس کا مقصد صرف یہ امتحان کرنا تھا کہ تورات میں آپ کے متعلق یہ الفاظ پڑھے ہیں:

''محمد بن عبداللہ ان کی ولادت مکہ میں ہوگی، اور ہجرت طیبہ کی طرف، اور ملک ان کا شام ہوگا، نہ وہ سخت مزاج ہوں گے، نہ سخت بات کرنے والے، نہ بازاروں میں شور کرنے والے، فحش اور بے حیائی سے دور ہوں گے ــــ میں نے اب تمام صفات کا امتحان کرکے آپ کو صحیح پایا اس لئے شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں اور یہ میرا آدھا مال ہے آپ کو اختیار ہے جس طرح چاہیں خرچ فرمائیں۔''

اور یہ یہودی بہت مالدار تھا آدھا مال بھی ایک بہت بڑی دولت تھی، اس روایت کو مظہری میں بحوالہ دلائل النبوۃ، بیہقی نقل فرمایا ہے۔ (قصص معارف القرآن، ماخوذ از ''تعمیر حیات'' صفحہ ۹۷، ۱۰ / اکتوبر ۲۰۰۱ء)

## (۲۲۱) مقروض کی نمازِ جنازہ حضورِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نہیں پڑھتے تھے

حدیثِ پاک میں آیا ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم ایسے لوگوں کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھتے تھے جن کے اوپر دوسروں کا حق ہوتا، اس لئے نماز سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم معلوم کرلیا کرتے تھے کہ اس پر کسی کا حق تو نہیں، اسی وجہ سے ایک دفعہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ پڑھنے سے انکار کردیا مگر حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے قرض کی ادائیگی کی ذمہ داری لی اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ جنازہ ادا فرمائی۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا جنازہ لایا گیا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نمازِ جنازہ پڑھ دیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھ لو کیونکہ ان کے ذمہ قرض ہے تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پورا کروگے؟ تو انہوں نے کہا جی ہاں میں ادا کردوں گا۔

نوٹ: جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فتوحات ہوئیں تو مقروض کے قرض کا ذمہ خود لے لیتے تھے اور جنازہ کی نماز پڑھاتے تھے۔

(آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد ۳ صفحہ ۱۳۱، رحمۃ للعالمین جلد ۱ صفحہ ۲۶۶)

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صحابی کی نماز جنازہ پڑھائی۔ (نسائی شریف صفحہ ۳۱۵)

## (۲۲۲) خلافِ شرع خواہشات کی پیروی ایک قسم کی بت پرستی ہے

﴿اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ط﴾ (سورۂ فرقان: آیت ۴۳)

ترجمہ: ''اے پیغمبر! آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی ہے جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے!''

اس آیت میں اس شخص کو جو اسلام و شریعت کے خلاف اپنی خواہشات کا پیرو ہو یہ کہا گیا ہے کہ اس نے اپنی خواہشات

کو معبود بنالیا ہے۔ حضرت ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ خلافِ شرع خواہشات نفسانی بھی ایک بت ہے جس کی پرستش کی جاتی ہے پھر استدلال میں یہ آیت تلاوت فرمائی ہے۔ (قرطبی، معارف القرآن جلد۶ صفحہ ۴۶۴)

## ۲۲۳ خاصانِ خدا کے قریبی رشتے دار عام طور سے محروم رہتے ہیں

﴿وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ﴾ (سورة الشعرا: آیت ۲۱٤)

ترجمہ: ''اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا دے۔''

ابن عساکر میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابودرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ مسجد میں بیٹھے ہوئے وعظ فرما رہے تھے، فتوے دے رہے تھے، مجلس کھچا کھچ بھری ہوئی تھی، ہر ایک کی نگاہیں آپ کے چہرے پر تھیں اور شوق سے سن رہے تھے لیکن آپ کے لڑکے اور گھر کے آدمی آپس میں نہایت بے پرواہی سے اپنی باتوں میں مشغول تھے۔ کسی نے حضرت ابودرداء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو توجہ دلائی کہ اور سب لوگ تو دل سے آپ کی علمی باتوں میں دلچسپی لے رہے ہیں آپ کے اہل بیت اس سے بالکل بے پرواہ ہیں، وہ اپنی باتوں میں نہایت بے پرواہی سے مشغول ہیں تو آپ نے جواب میں فرمایا: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے سنا ہے دنیا سے بالکل کنارہ کشی کرنے والے انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَامُ ہوتے ہیں اور ان پر سب سے زیادہ سخت اور بھاری ان کے رشتہ دار ہوتے ہیں اور اسی بارے میں آیت: وَاَنْذِرْ سے تَعْمَلُوْنَ تک ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد۴ صفحہ ۵۵)

## ۲۲۴ روغنِ زیتون کی برکات

﴿شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ﴾ (سورة النور: آیت ۳۵) اس سے زیتون اور اس کے درخت کا مبارک اور نافع و مفید ہونا ثابت ہوتا ہے۔ علماء نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں بے شمار منافع اور فوائد رکھے ہیں، اس کو چراغوں میں روشنی کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی روشنی ہر تیل کی روشنی سے زیادہ صاف شفاف ہوتی ہے، اور اس کو روٹی کے ساتھ سالن کی جگہ بھی استعمال کیا جاتا ہے، اس کے پھل کو بطور تفکہ کے کھایا بھی جاتا ہے اور یہ ایسا تیل ہے جس کے نکالنے کے لئے کسی مشین یا چرخی وغیرہ کی ضرورت نہیں خود بخود اس کے پھل سے نکل آتا ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ روغن زیتون کو کھاؤ بھی اور بدن پر مالش بھی کرو کیونکہ یہ شجرۂ مبارکہ ہے۔

(رواہ البغوی والترمذی عن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ مرفوعاً، مظہری، معارف القرآن جلد۶ صفحہ ۴۲۴)

## ۲۲۵ اللہ تعالیٰ کے آٹھ نام جو سورج پر لکھے ہوئے ہیں

① اَلْحَيُّ ② اَلْعَالِمُ ③ اَلْقَادِرُ ④ اَلْمُرِيْدُ ⑤ اَلسَّمِيْعُ
⑥ اَلْبَصِيْرُ ⑦ اَلْمُتَكَلِّمُ ⑧ اَلْبَاقِيْ۔ (الیواقیت والجواہر بحث ۱۶)

## ۲۲۶ شریعتِ اسلام میں شعر و شاعری کا درجہ

﴿وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ۝﴾ (سورۂ شعراء: آیت ۲۲۴)

ترجمہ: ''اور شاعروں ...

آیت مذکورہ کے شروع سے شعر وشاعری کی سخت مذمت اور اس کا عنداللہ مبغوض ہونا معلوم ہوتا ہے مگر آخر سورت میں جو استثناء مذکور ہے اس سے ثابت ہوا کہ شعر مطلقاً برا نہیں بلکہ جس شعر میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی یا اللہ تعالیٰ کے ذکر سے روکنا، یا جھوٹ یا ناحق کسی انسان کی مذمت اور توہین ہو یا فحش کلام اور فواحش کے لئے محرک ہو وہ مذموم ومکروہ ہے۔ اور جو اشعار ان معاصی اور مکروہات سے پاک ہوں ان کو اللہ تعالیٰ نے: ﴿اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ الآیۃ﴾ کے ذریعہ مستثنیٰ فرما دیا ہے، اور بعض اشعار تو حکیمانہ مضامین اور وعظ ونصیحت پر مشتمل ہونے کی وجہ سے طاعت وثواب میں داخل ہیں جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی روایت ہے کہ: ''اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکْمَۃً''، یعنی بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔

(رواہ البخاری)

حافظ ابن حجر رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا کہ حکمت سے مراد سچی بات ہے جو حق کے مطابق ہو۔ ابن بطال نے فرمایا جس شعر میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، اس کا ذکر اسلام سے الفت کا بیان ہو وہ شعر مرغوب ومحمود ہے، اور حدیثِ مذکور میں ایسا ہی شعر مراد ہے اور جس شعر میں جھوٹ اور فحش بیان ہو وہ مذموم ہے اس کی مزید تائید مندرجہ ذیل روایات سے ہوتی ہے۔

❶ حضرت عمرو بن شرید اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے مجھ سے امیہ بن ابی الصلت کے سو (۱۰۰) اشعار سنے۔

❷ مطرف فرماتے ہیں کہ میں نے کوفہ سے بصرہ تک حضرت عمران بن حصین کے ساتھ سفر کیا اور ہر منزل پر وہ شعر سناتے تھے۔

❸ طبری نے کبارِ صحابہ اور کبارِ تابعین کے متعلق کہا کہ وہ شعر کہتے تھے سنتے تھے اور سناتے تھے۔

❹ امام بخاری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا شعر کہا کرتی تھیں۔

❺ ابویعلی نے ابن عمر سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ شعر ایک کلام ہے اگر اس کا مضمون اچھا اور مفید ہے تو یہ شعر اچھا ہے اور مضمون برا یا گناہ کا ہے تو شعر برا ہے۔ (فتح الباری)

تفسیر قرطبی میں ہے کہ مدینہ منورہ کے فقہائے عشرہ جو اپنے علم وفضل میں معروف ہیں ان میں سے عبیداللہ بن عتبہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ مشہور قادر الکلام شاعر تھے، اور قاضی زبیر بن بکار کے اشعار ایک مستقل کتاب میں جمع تھے ——— پھر قرطبی نے لکھا ہے کہ ابوعمرو نے فرمایا ہے کہ اچھے مضامین پر مشتمل اشعار کو اہلِ علم اور اہلِ عقل میں سے کوئی برا نہیں کہہ سکتا۔ کیونکہ اکابر صحابہ جو ان کے مقتدا ہیں ان میں کوئی بھی ایسا نہیں جس نے خود شعر نہ کہے ہوں یا دوسروں کے اشعار نہ پڑھے ہوں یا سنے ہوں اور پسند نہ کیا ہو۔

جن روایتوں میں شعر و شاعری کی مذمت مذکور ہے ان سے مقصود یہ ہے کہ شعر میں اتنا مصروف اور منہمک ہو جائے کہ ذکر اللہ، عبادت اور قرآن سے غافل ہو جائے۔ امام بخاری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس کو ایک مستقل باب میں بیان فرمایا ہے اور اس باب میں حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی یہ روایت نقل کی ہے۔

''لَاَنْ یَّمْتَلِیَٔ جَوْفُ رَجُلٍ قَیْحًا یَرِیْہِ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ یَّمْتَلِیَٔ شِعْرًا.''

تَرْجَمَہ: ''یعنی کوئی آدمی پیپ سے اپنا پیٹ بھرے یہ اس سے بہتر ہے کہ اشعار سے پیٹ بھرے۔''

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ شعر جب ذکر اللہ، اور قرآن اور علم کے اشتغال پر غالب آجائے، اور اگر شعر مغلوب ہے تو پھر برا نہیں ہے اسی طرح وہ اشعار جو فحش مضامین یا لوگوں پر طعن و تشنیع یا دوسرے خلافِ شرع مضامین پر مشتمل ہوں وہ باجماع امت حرام و ناجائز ہیں اور یہ کچھ شعر کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ جو نثر کلام ایسا ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ (قرطبی)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گورنر عدی بن نضلہ کو ان کے عہدہ سے اس لئے برخاست کر دیا کہ وہ فحش اشعار کہتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمرو بن ربیعہ اور ابوالعاص کو اسی جرم میں جلاوطن کرنے کا حکم دیا۔ عمرو بن ربیعہ نے توبہ کر لی وہ قبول کی گئی۔ (قرطبی، معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۵۵۴، ۵۵۵)

## ﴿۲۲۷﴾ حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر کے متعلق حیرت انگیز قصہ

ابن ابی حاتم کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی اعرابی کے ہاں مہمان ہوئے اس نے آپ کی بڑی خاطر تواضع کی واپسی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبھی ہم سے مدینے میں بھی مل لینا، کچھ دنوں بعد اعرابی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کچھ چاہئے؟ اس نے کہا ہاں ایک تو اونٹنی دیجئے مع ہودج کے، اور ایک بکری دیجئے جو دودھ دیتی ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افسوس تو نے بنی اسرائیل کی بڑھیا جیسا سوال نہ کیا، صحابہ نے پوچھا وہ واقعہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت کلیم اللہ بنی اسرائیل کو لے کر چلے تو راستہ بھول گئے ہزار کوشش کی لیکن راہ نہ ملی، آپ نے لوگوں کو جمع کر کے پوچھا یہ کیا اندھیر ہے؟ تو علمائے بنی اسرائیل نے کہا: بات یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے آخر وقت ہم سے عہد لیا تھا کہ جب ہم مصر سے چلیں تو آپ کے تابوت کو بھی یہاں سے اپنے ساتھ لیتے جائیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت فرمایا کہ تم میں سے کون جانتا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی تربت کہاں ہے؟ سب نے انکار کر دیا کہ ہم نہیں جانتے، ہم میں ایک بڑھیا کے سوا اور کوئی بھی آپ کی قبر سے واقف نہیں۔

آپ نے اس بڑھیا کے پاس آدمی بھیج کر اسے کہلوایا کہ مجھے حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر دکھلا، بڑھیا نے کہا ہاں دکھلاؤں گی، لیکن پہلے اپنا حق لے لوں، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تو کیا چاہتی ہے؟ اس نے جواب دیا کہ جنت میں آپ کا ساتھ مجھے میسر ہو۔

آپ علیہ السلام پر اس کا یہ سوال بہت بھاری پڑا، اس وقت وحی آئی کہ اس کی بات مان لو، اس کی شرط منظور کر لو، اب وہ آپ کو ایک جھیل کے پاس لے گئی جس کے پانی کا رنگ بھی متغیر ہو گیا تھا، کہا کہ اس کا پانی نکال ڈالو، جب پانی نکال ڈالا اور زمین نظر آنے لگی تو کہا: اب یہاں کھودو، کھودنا شروع ہوا تو قبر ظاہر ہو گئی، تابوت ساتھ رکھ لیا، اب جو چلنے لگے تو راستہ صاف نظر آنے لگا اور سیدھی راہ لگ گئی۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۳۳)

## ﴿۲۲۸﴾ دریائے نیل کے نام حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خط

روایت ہے کہ جب مصر فتح ہوا تو مصر والے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہماری قدیم عادت ہے کہ اس مہینے میں دریائے نیل کی بھینٹ چڑھاتے ہیں اور اگر نہ چڑھائیں تو دریا میں پانی نہیں آتا۔ ہم

ایسا کرتے ہیں کہ اس مہینے کی بارہویں تاریخ کو ایک باکرہ لڑکی کو لیتے ہیں جو اپنے ماں باپ کی اکلوتی ہو، اس کے والدین کو دے دلا کر رضا مند کر لیتے ہیں، اور اسے بہت عمدہ کپڑے بہت قیمتی زیور پہنا کر، بناؤ سنوار کر اس نیل میں ڈال دیتے ہیں تو اس کا پانی چڑھتا ہے ورنہ پانی چڑھتا نہیں۔

سپہ سالار اسلام حضرت عمرو بن العاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فاتح مصر نے جواب دیا کہ یہ ایک جاہلانہ اور احمقانہ رسم ہے، اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا اسلام تو ایسی عادتوں کو مٹانے کے لئے آیا ہے تم ایسا نہیں کر سکتے، وہ باز رہے۔

دریائے نیل کا پانی نہ چڑھا، مہینہ پورا نکل گیا لیکن دریا خشک پڑا ہوا ہے لوگ تنگ آ کر ارادے کرنے لگے کہ مصر کو چھوڑ دیں، یہاں کی بود و باش ترک کر دیں۔ اب فاتح مصر کو خیال گزرتا ہے اور دربار خلافت کو اس سے مطلع فرماتے ہیں اسی وقت خلیفۃ المسلمین امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی طرف سے جواب ملتا ہے کہ آپ نے جو کیا اچھا کیا، اب میں اپنے اس خط میں ایک پرچہ دریائے نیل کے نام بھیج رہا ہوں تم اسے لے کر دریائے نیل میں ڈال دو۔ حضرت عمرو بن العاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اس پرچے کو نکال کر پڑھا تو اس میں تحریر تھا کہ:

خط ہے اللہ تعالیٰ کے بندے امیر المؤمنین عمر کی طرف سے اہل مصر کے دریائے نیل کی طرف، بعد حمد و صلوٰۃ کے مطلب یہ ہے کہ اگر تو اپنی طرف سے اور اپنی مرضی سے بہہ رہا ہے تو خیر نہ بہہ، اور اگر اللہ تعالیٰ واحد و قہار تجھے جاری رکھتا ہے تو ہم اللہ سے دعا مانگتے ہیں کہ وہ تجھے رواں کر دے۔

یہ پرچہ لے کر حضرت امیر عسکر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے دریائے نیل میں ڈال دیا، ابھی ایک رات بھی گزرنے نہ پائی تھی کہ دریائے نیل میں سولہ (۱۶) ہاتھ گہرائی کا پانی چلنے لگا اور اسی وقت مصر کی خشک سالی تر سالی سے، گرانی ارزانی سے بدل گئی۔ خط کے ساتھ ہی خطہ کا خطہ سرسبز ہو گیا اور دریا پوری روانی سے بہتا رہا، اس کے بعد سے ہر سال جو جان چڑھائی جاتی تھی وہ بچ گئی اور مصر سے اس ناپاک رسم کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۲۱۳)

## (۲۲۹) حضرت حسن اور حسین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی حفاظت سانپ کے ذریعے

حضرت سلمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں حضرت اُمّ ایمن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا آئیں اور انہوں نے کہا یا رسول اللہ! حسن اور حسین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا گم ہو گئے ہیں، اس وقت دن چڑھ چکا تھا حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے صحابہ سے فرمایا: اُٹھو اور میرے دونوں بیٹوں کو تلاش کرو، چنانچہ ہر آدمی نے اپنا راستہ لیا اور چل پڑا۔ اور میں حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا راستہ لے کر چل پڑا، حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ چلتے رہے یہاں تک کہ ایک پہاڑ کے دامن میں پہنچ گئے تو دیکھا کہ حضرت حسن اور حضرت حسین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک دوسرے سے چمٹے ہوئے کھڑے ہیں، اور پاس ہی ایک کالا ناگ اپنی دم پر کھڑا ہے جس کے منہ سے آگ کی چنگاریاں نکل رہی ہیں (غالباً اللہ نے ناگ بھیجا تھا کہ بچوں کو آگے جانے سے روکے) حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جلدی سے ناگ کی طرف بڑھے اس ناگ نے حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو مڑ کر دیکھا اور چل پڑا اور ایک سوراخ میں داخل ہو گیا، پھر حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ان دونوں کے پاس گئے۔ اور دونوں کو ایک دوسرے سے جدا کیا اور دونوں کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: میرے ماں باپ تم دونوں پر قربان ہوں تم دونوں اللہ کے ہاں کتنے قابلِ احترام ہو، پھر ایک کو دائیں کندھے پر اور دوسرے کو بائیں کندھے پر بٹھا لیا ــــــ میں نے کہا تم دونوں کو خوشخبری ہو کہ تمہاری سواری بہت ہی عمدہ

ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ دونوں بہت عمدہ سوار ہیں اور ان کے والدین دونوں سے بہتر ہیں۔

(حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۸۶۹)

## (۲۳۰) حضرت محمد ﷺ کے منہ کے لقمہ کی برکت سے بے حیا عورت باحیا بن گئی

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت مردوں سے بے حیائی کی باتیں کیا کرتی تھی اور بہت بے باک اور بدکلام تھی، ایک مرتبہ وہ حضور ﷺ کے پاس سے گزری حضور ﷺ ایک اونچی جگہ پر بیٹھے ہوئے ثرید کھا رہے تھے، اس پر اس عورت نے کہا انہیں دیکھو ایسے بیٹھے ہوئے ہیں جیسے غلام بیٹھتا ہے، ایسے کھا رہے ہیں جیسے غلام کھاتا ہے، یہ سن کر حضور ﷺ نے فرمایا کون سا بندہ مجھ سے زیادہ بندگی اختیار کرنے والا ہوگا۔

پھر اُس عورت نے کہا یہ خود کھا رہے ہیں اور مجھے نہیں کھلا رہے ہیں، حضور ﷺ نے فرمایا تو بھی کھا لے، اس نے کہا مجھے اپنے ہاتھ سے عطا فرمائیں۔ حضور ﷺ نے اس کو دیا تو اس نے کہا جو آپ کے منہ میں ہے اس میں سے دیں، حضور ﷺ نے اس میں سے دیا جسے اس نے کھا لیا (اس کھانے کی برکت سے) اس پر شرم و حیا غالب آگئی اور اس کے بعد اپنے انتقال تک کسی سے بے حیائی کی کوئی بات نہ کی۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۷۰۴)

## (۲۳۱) امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی ذہانت کے واقعات

پہلا واقعہ: ایک شخص تھا اس کی بیوی اس کو منہ نہیں لگاتی تھی اور وہ سو جان سے اس کا عاشق تھا، بیوی کی طبیعت شوہر سے نہیں ملتی تھی اس لئے وہ طلاق لینا چاہتی تھی مگر مرد طلاق نہیں دیتا تھا، مرد اس کو یہی نہیں کہ ستاتا نہیں تھا بلکہ محبت کرتا تھا مگر وہ رہنا ہی نہیں چاہتی تھی۔

ایک دن دونوں میاں بیوی بیٹھے ہوئے بات چیت کر رہے تھے بیوی کچھ کہہ رہی تھی، مرد نے بھی کوئی جملہ کہا، بس وہ چپ ہو کر بیٹھ گئی مرد نے کہا کہ اگر صبح صادق سے پہلے پہلے تو نہ بولی تو تجھ پر طلاق ہے، وہ چپ ہوگئی اور ارادہ کر لیا کہ میں خاموش رہوں گی تاکہ اس سے کسی طرح پیچھا چھوٹ جائے وہ بے چارہ پریشان ہوا، وہ ہر چند بلوانا چاہتا تھا مگر وہ بولتی ہی نہیں تھی۔

اب وہ سمجھ گیا کہ یہ طلاق لینا چاہتی ہے اور اس طرح بیوی مجھ سے جدا ہو جائے گی اب اس نے فقہاء کے دروازے جھانکنے شروع کئے، ان سے جا کر اپنا حال بیان کیا انہوں نے یہی کہا کہ اگر وہ چپ رہی تو طلاق پڑ جائے گی، یہ تو تیری طرف سے شرط ہے، اس کی صورت یہی ہے کہ جا کر اس کی خوشامد کرو اور صبح صادق سے پہلے کسی طرح بلواؤ ورنہ صبح صادق ہوتے ہی وہ تیرے ہاتھ سے نکل جائے گی، سب نے یہی جواب دیا۔ پھر وہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچا، وہ وہاں کا حاضر باش تھا۔ متفکر اور پریشان بیٹھ گیا، امام صاحب نے فرمایا کہ آج کیا بات ہے؟ پریشان کیوں ہو؟ اس نے کہا کہ حضرت! واقعہ یہ ہے کہ بیوی سے میں نے کہہ دیا کہ تو اگر صبح صادق تک نہ بولی تو تجھ پر طلاق، اب وہ خاموش ہو کر بیٹھ گئی ہے۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ طلاق نہیں پڑے گی مطمئن رہو۔ اور وہ مطمئن ہو کر آگیا، فقہا نے امام

صاحب پر طعن شروع کیا کہ ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ حرام کو حلال بتانا چاہتے ہیں، ایک صریح حکم ہے اس کو کہہ دیا کہ طلاق نہیں پڑے گی۔

امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے یہ کیا کہ صبح صادق میں جب آدھ گھنٹہ رہ گیا تو مسجد میں جا کر زور زور سے تہجد کی اذان دینا شروع کر دی، اس عورت نے جب اذان کی آواز سنی تو سمجھی کہ صبح صادق ہوگئی، بس بول پڑی اور کہنے لگی صبح صادق ہوگئی، میں مطلقہ ہوگئی، اب تیرے پاس نہیں رہوں گی، جب تحقیق کیا تو معلوم ہوا کہ صبح صادق نہیں ہوئی، وہ تہجد کی اذان تھی لوگ قائل ہوگئے کہ واقعی امام صاحب فقیہ بھی ہیں اور مدبر بھی۔ (مجالس حکیم الاسلام صفحہ ۲۱۴)

دوسرا واقعہ: ایک مرتبہ ایک گھر میں چوری ہوئی اور چور اُسی محلے کے تھے۔ چوروں نے گھر والے کو پکڑا اور زبردستی حلف لیا کہ اگر تو کسی کو ہمارا پتہ بتلائے گا تو تیری بیوی پر طلاق۔ اس بے چارے نے مجبوراً طلاق کا حلف لیا وہ چور اس کا سارا سامان لے کر چلے گئے۔ اب وہ بہت پریشان ہوا کہ اگر میں چوروں کا پتہ بتلاتا ہوں تو مال تو مل جائے گا مگر بیوی ہاتھ سے نکل جائے گی اور اگر پتہ نہیں بتلاتا ہوں تو بیوی تو رہے گی مگر سارا گھر خالی ہو جاتا ہے تو مال اور بیوی میں تقابل پڑ گیا، یا تو مال رکھے یا بیوی رکھے، اور کسی سے کہہ بھی نہیں سکتا تھا کیونکہ وہ عہد کر چکا تھا۔

پھر امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی مجلس میں حاضر ہوا، اور وہ بہت غمگین، اداس اور پریشان تھا، امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا کہ آج تم بہت اداس ہو کیا بات ہے؟ اس نے کہا حضرت! میں کہہ بھی نہیں سکتا، فرمایا کہ کچھ تو کہو۔

اس نے کہا کہ حضرت اگر ہم نے کہا تو نہ جانے کیا ہو جائے گا! پھر فرمایا کہ اجمالاً کہو تو اس نے کہا کہ حضرت! چوری ہوگئی ہے، میں نے عہد کر لیا ہے کہ اگر میں نے ان چوروں کا پتہ کسی کو بتلایا تو بیوی پر طلاق، مجھے معلوم ہے کہ چور کون ہیں؟ وہ تو محلے کے ہیں لیکن اگر پتہ بتلاتا ہوں تو بیوی پر طلاق پڑ جائے گی۔ امام صاحب نے فرمایا کہ مطمئن رہ بیوی بھی ہاتھ سے نہیں جائے گی اور مال بھی مل جائے گا اور تو ہی پتہ بتلائے گا۔ کوفہ میں پھر شور ہوگیا کہ ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ یہ کیا کر رہے ہیں؟ یہ تو ایک عہد ہے جب وہ پورا نہ کرے گا تو بیوی پر طلاق پڑ جائے گی، یہ امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے کیسے کہہ دیا کہ نہ بیوی جائے گی اور نہ مال جائے گا، علماء اور فقہاء پریشان ہوگئے۔

امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا کہ کل ظہر کی نماز میں تمہارے محلے کی مسجد میں آکر پڑھوں گا۔ چنانچہ امام صاحب تشریف لے گئے، وہاں نماز پڑھی اور اس کے بعد اعلان کر دیا کہ مسجد کے دروازے بند کر دیئے جائیں، کوئی باہر نہ جائے، اس میں چور بھی تھے، اس مسجد کا ایک دروازہ کھول دیا ایک طرف خود بیٹھ گئے اور ایک طرف اس کو بٹھا دیا اور فرمایا کہ ایک ایک آدمی نکلے گا جو چور نہ ہو اس کے متعلق کہتے جانا یہ چور نہیں ہے۔ اور جب چور نکلنے لگے تو چپ ہو کر بیٹھ جانا۔ چنانچہ جو چور نہیں ہوتے تھے ان کے متعلق کہتا جاتا تھا کہ یہ بھی چور نہیں ہے یہ بھی چور نہیں، اور جب چور نکلنے لگتا تو خاموش ہو کر بیٹھ جاتا اس طرح اس نے گو بتلایا نہیں مگر بلا بتلائے سارے چور متعین ہوگئے کہ یہ سب چور ہیں چنانچہ چور بھی پکڑے گئے مال بھی مل گیا اور بیوی بھی ہاتھ سے نہیں گئی، یہ تدبیر کی بات تھی۔ (مجالس حکیم الاسلام صفحہ ۲۱۶)

## (۳۳) باغی، ڈاکو اور ماں باپ کے قاتل کی نماز جنازہ نہیں

**سُوال**: قاتل کو سزا کے طور پر قتل کیا جائے یا پھانسی دی جائے اس کی نماز جنازہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اگر والدین کا

قاتل ہو اس صورت میں کیا حکم ہے؟ فاسق، فاجر اور زانی کی موت پر اس کی نمازِ جنازہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: نمازِ جنازہ ہر گنہگار مسلمان کی ہے، البتہ باغی اور ڈاکو اگر مقابلہ میں مارے جائیں تو ان کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے، نہ ان کو غسل دیا جائے، اسی طرح جس شخص نے اپنے ماں باپ میں سے کسی کو قتل کر دیا ہو اور اسے قصاصاً قتل کیا جائے تو اس کی نمازِ جنازہ بھی نہیں پڑھی جائے گی، اور اگر وہ اپنی موت مرے تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ تاہم سربرآوردہ، مقتدا (یعنی دین میں باحیثیت) لوگ اس میں شرکت نہ کریں۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد۳ صفحہ۱۳۲)

## (۲۳۳) چلہ کی اصلیت

سوال: تبلیغ والے چلہ میں نکلنے پر بہت زور دیتے ہیں کیا چلہ کی کوئی اصلیت ہے؟ کہ جس کی بناء پر یہ لوگ چلہ لگانے کے لئے کہتے ہیں؟

جواب: چلہ یعنی چالیس دن لگاتار عمل کی بہت برکت اور تاثیر ہے، چالیس دن تک عمل کرنے سے روح اور باطن پر اچھا اثر مرتب ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر چالیس یوم کا اعتکاف فرمایا اس کے بعد آپ کو تورات ملی۔ صوفیائے کرام کے یہاں بھی چلہ کا اہتمام ہے لہٰذا یہ بالکل بے اصل نہیں ہے۔ ایک حدیث میں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مَنْ صَلّٰى لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فِيْ جَمَاعَةٍ يُدْرِكُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى كُتِبَ لَهٗ بَرَاءَ تَانِ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ." (ترمذی شریف جلد۱ صفحہ۳۳)

ترجمہ: "جس شخص نے صرف اللہ کی رضا مندی کے لئے چالیس دن تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ نماز پڑھی تو اس کے لئے دو پروانے لکھے جاتے ہیں ایک پروانہ جہنم سے نجات کا، دوسرا نفاق سے بری ہونے کا۔"

(مشکوٰۃ شریف صفحہ۱۰۲)

اس سے معلوم ہوا کہ چلہ کو حالات کے بدلنے میں خاص اثر ہے، دیکھئے جب نطفہ رحم مادر میں قرار پکڑتا ہے تو پہلے چلہ میں وہ نطفہ، علقہ (یعنی بندھا ہوا خون) بنتا ہے، اور دوسرے چلہ میں وہ علقہ، مضغہ (یعنی گوشت کی بوٹی بنتا ہے) اور تیسرے چلہ میں مضغہ کے بعض اجزاء کو ہڈیاں بنا دیا جاتا ہے اور ان ہڈیوں پر گوشت چڑھتا ہے، پھر اس کے بعد (یعنی تین چلوں کے بعد جس کے چار ماہ ہوتے ہیں) اس میں جان پڑتی ہے۔ (بیان القرآن)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص ایک عورت پر عاشق ہو گیا اور اس کی محبت میں دیوانہ ہو گیا، وہ عورت بڑی پاک دامن عفیفہ اور سمجھدار تھی، اس نے اس شخص کو کہلوایا کہ چالیس دن تک حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ نماز پڑھو اس کے بعد فیصلہ ہوگا، اس نے چالیس دن تک اسی طرح نماز پڑھی تو اس کی کایا پلٹ گئی اور اس کا عشقِ مجازی عشقِ حقیقی میں بدل گیا، ابھی تک وہ اس عورت کا عاشق تھا اب اللہ کا عاشق ہو گیا۔ اور عشق بھی ایسا کہ اللہ کی محبت اس کے رگ و پے میں سرایت کر گئی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو فرمایا:

﴿صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ﴾ (عنکبوت آیت ۴۵)

ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ کہا یقیناً نماز بے حیائی اور برائی کی باتوں سے روکتی ہے۔" (فتاویٰ رحیمیہ جلد۲ صفحہ۳۸)

نوٹ: ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص چالیس (۴۰) روز اخلاص کے ساتھ اللہ کی عبادت کرے تو اللہ اس کے قلب سے حکمت کے چشمے جاری فرما دیتے ہیں۔ (روح البیان، معارف القرآن جلد ۴ صفحہ ۵۸)

## (۲۳۴) خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھے یا نہیں

سوال: خودکشی کرنے والے مسلمان کی نمازِ جنازہ پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بے شک خودکشی گناہِ کبیرہ ہے مگر شریعتِ مطہرہ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے کی اجازت دی ہے، اگر بعض مذہبی مقتدا زجراً لوگوں کی عبرت کے لئے نمازِ جنازہ میں شرکت نہ کریں تو اس کی گنجائش ہے مگر عوام پر ضروری ہے کہ نمازِ جنازہ پڑھیں، نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن نہ کریں۔

حدیث میں ہے کہ مسلمان کی نمازِ جنازہ تم پر لازم ہے وہ نیک ہو یا بد۔ اَوْ کَمَا قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ۔

درمختار میں ہے۔

"وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ وَلَوْ عَمَدًا یُغْسَلُ وَیُصَلّٰی عَلَیْہِ، بِہٖ یُفْتٰی" (درمختار مع الشامی جلد ۱ صفحہ ۸۱۵)

ترجمہ: "جو آدمی خود کو عمداً قتل کرے تو اس کو غسل دیا جائے اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے۔ اسی پر فتویٰ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔" (فتاویٰ رحیمیہ جلد ۱ صفحہ ۳۶۷)

## (۲۳۵) جمعہ کے دن وفات پانے کی فضیلت

سوال: جمعہ کے دن موت کی فضیلت وارد ہوئی ہے یہ فضیلت کب سے ہے، اور کہاں تک ہے؟

جواب: حدیث شریف سے ثابت ہے کہ جمعہ کے دن یا شبِ جمعہ کو وفات پانے والا مسلمان منکر نکیر کے سوال و جواب سے محفوظ رہتا ہے: "ثُمَّ ذَکَرَ اَنَّ مَنْ لَّا یُسْئَلُ ثَمَانِیَۃٌ - اِلٰی قَوْلِہٖ - وَالْمَیِّتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اَوْ لَیْلَتَھَا" (درمختار مع الشامی جلد ۱ صفحہ ۷۹۸)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اَوْ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ اِلَّا وَقَاہُ اللّٰہُ فِتْنَۃَ الْقَبْرِ۔"

(رواہ احمد والترمذی، مشکوٰۃ صفحہ ۱۲۱)

ترجمہ: "جو مسلمان جمعہ کے دن یا رات میں مرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو قبر کے فتنے (یعنی سوال و جواب یا عذابِ قبر) سے بچا لیتے ہیں۔" (محمد امین)

## (۲۳۶) انبیاء کے ناموں کی وجہِ تسمیہ

1. آدم: کے معنی گندم گوں ہیں، ابو البشر کا یہ نام ان کے جسمانی رنگ کو ظاہر کرتا ہے۔
2. نوح: کے معنی آرام ہیں، باپ نے ان کو آرام و راحت کا موجب قرار دیا۔
3. اسحاق: کے معنی ضاحک یعنی ہنسنے والا ہیں، اسحاق علیہ السلام ہشاش بشاش چہرہ والے تھے۔
4. یعقوب: پیچھے آنے والا، یہ اپنے بھائی عیسو کے ساتھ توام پیدا ہوئے تھے۔

۵ موسیٰ: پانی سے نکالا ہوا، جب ان کا صندوق پانی سے نکالا گیا تب یہ نام رکھا گیا۔
۶ یحییٰ: عمر دراز، بڈھے ماں باپ کی بہترین آرزوؤں کا ترجمان ہے۔
۷ عیسیٰ: سرخ رنگ، چہرہ گل گوں کی وجہ سے یہ نام تجویز ہوا۔ (رحمۃ للعالمین جلد۳ صفحہ۱۴)

## (۲۳۷) پانچ آدمی اللہ کی ذمہ داری میں ہیں

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

۱ جو آدمی اللہ کے راستے میں نکلتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔
۲ اور جو کسی بیمار کی عیادت کرنے جاتا ہے وہ بھی اللہ کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔
۳ اور جو صبح یا شام کو مسجد میں جاتا ہے وہ بھی اللہ کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔
۴ اور جو مدد کرنے کے لئے امام کے پاس جاتا ہے وہ بھی اللہ کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔
۵ اور جو گھر بیٹھ جاتا ہے اور کسی کی برائی اور غیبت نہیں کرتا وہ بھی اللہ کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔

(حیاۃ الصحابہ جلد۲ صفحہ۸۱۵)

## (۲۳۸) عیادت کرنے کا عجیب واقعہ

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ تعالیٰ کا واقعہ لکھا ہے کہ جب آپ مرض وفات میں تھے لوگ آپ کی عیادت کرنے کے لئے آنے لگے، عیادت کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم یہ ہے کہ: "مَنْ عَادَ مِنْكُمْ فَلْيُخَفِّفْ"۔

یعنی جو شخص تم میں سے کسی بیمار کی عیادت کرنے جائے تو اس کو چاہئے کہ وہ ہلکی پھلکی عیادت کرے، بیمار کے پاس زیادہ دیر نہ بیٹھے کیونکہ بعض اوقات مریض کو خلوت کی ضرورت ہوتی ہے اور لوگوں کی موجودگی میں وہ اپنا کام بے تکلفی سے انجام نہیں دے سکتا ہے اس لئے مختصر عیادت کر کے چلے آؤ اور اُس کو راحت پہنچاؤ۔ تکلیف مت پہنچاؤ۔

بہر حال حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ تعالیٰ بستر پر لیٹے ہوئے تھے، ایک صاحب عیادت کے لئے آکر بیٹھ گئے اور ایسے جم کر بیٹھ گئے کہ اٹھنے کا نام ہی نہیں لیتے اور بہت سے لوگ عیادت کے لئے آتے رہے اور مختصر ملاقات کر کے جاتے رہے مگر وہ صاحب بیٹھے رہے، نہ اٹھے۔ اب حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ تعالیٰ اس انتظار میں تھے کہ یہ صاحب چلے جائیں تو میں خلوت میں بے تکلفی سے اپنی ضروریات کے کچھ کام کر لوں مگر خود سے اس کو چلے جانے کے لئے بھی کہنا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔

جب کافی دیر گزر گئی اور وہ اللہ کا بندہ اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا تو حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان صاحب سے فرمایا: یہ بیماری کی تکلیف تو اپنی جگہ پر ہے ہی، لیکن عیادت کرنے والوں نے علیحدہ پریشان کر رکھا ہے کہ عیادت کے لئے آتے ہیں اور پریشان کرتے ہیں۔

آپ کا مقصد یہ تھا کہ شاید یہ میری بات سمجھ کر چلا جائے مگر وہ اللہ کا بندہ پھر بھی نہیں سمجھا اور حضرت عبداللہ بن مبارک رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی سے کہا کہ حضرت! اگر آپ اجازت دیں تو کمرے کا دروازہ بند کر دوں؟ تا کہ کوئی دوسرا شخص عیادت کے لئے نہ آئے، حضرت عبداللہ بن مبارک نے جواب دیا: ہاں بھائی! بند کر دو مگر اندر سے بند کرنے کے بجائے باہر سے جا کر بند کر دو۔

بہر حال بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے ساتھ ایسا معاملہ بھی کرنا پڑتا ہے اس کے بغیر کام نہیں چلتا لیکن عام حالت میں حتی الامکان یہ کوشش کی جائے کہ دوسرا آدمی یہ محسوس نہ کرے کہ مجھ سے اعراض برتا جار ہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ہم سب کو ان سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (اصلاحی خطبات جلد ۶ صفحہ ۲۰۹)

## (۲۳۹) حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی زیارت کا طریقہ

بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کو نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی زیارت کا شوق ہو وہ جمعہ کی رات میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

اگر کوئی شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو حضور اقدس صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی زیارت نصیب فرما دیتے ہیں بشرطیکہ شوق اور طلب کامل ہو اور گناہوں سے بھی بچتا ہو۔ (اصلاحی خطبات جلد ۶ صفحہ ۱۰۴)

## (۲۴۰) آٹھ قسم کے لوگ جن سے قبر میں سوال نہیں کیا جائے گا

شامی میں لکھا ہے کہ جن لوگوں سے سوال نہیں کیا جائے گا وہ آٹھ قسم کے لوگ ہیں:

❶ شہید ❷ اسلامی ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرنے والا۔ ❸ مرضِ طاعون سے فوت ہونے والا۔
❹ طاعون کے زمانہ میں طاعون کے علاوہ کسی مرض سے فوت ہونے والا جب کہ وہ اس پر صابر اور ثواب کی امید رکھنے والا ہو۔
❺ صدیق ❻ بچے ❼ جمعہ کے دن یا رات میں مرنے والا۔
❽ ہر رات سورۂ تبارک (سورۂ ملک) پڑھنے والا۔

اور بعض حضرات نے اس سورت کے ساتھ سورۂ سجدہ کو بھی ملایا ہے اور اپنے مرضِ موت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھنے والا، اور شارح رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی نے اشارہ فرمایا ہے کہ ان میں انبیاء عَلَيْهِمُ السَّلَامُ کا اضافہ کیا جائے گا اس لئے کہ وہ صدیقین سے درجہ میں بڑھے ہوئے ہیں۔ (شامی جلد ۱ صفحہ ۵۷۲)

## (۲۴۱) ابراہیم بن ادہم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی کے والد کا خوفِ خدا

مذکور ہے کہ ایک دن ابراہیم بن ادہم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی کا بخارا کے باغات کی طرف سے گزر ہوا، آپ ایک نہر کے کنارے (جو باغات کے اندر سے ہوتی ہوئی نکلتی تھی) بیٹھ کر وضو کرنے لگے آپ نے دیکھا کہ نہر مذکور میں ایک سیب بہتا ہوا

آرہا ہے، خیال کیا کہ اس کے کھالینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ چنانچہ اٹھا کر کھالیا جب کھا چکے تو یہ وسوسہ پیدا ہوا کہ میں نے سیب کے مالک سے اجازت نہیں لی اور ناجائز طریقہ پر کھالیا ہے، اس خیال سے مالک باغ کے پاس گئے کہ اسے اس امر کی اطلاع دے دیں تاکہ اس کی اجازت سے حلال ومباح ہوجائے۔ چنانچہ باغ کے دروازے کو جہاں سے یہ سیب بہہ کر آیا تھا کھٹکھٹایا، آواز سن کر ایک لڑکی باہر آئی آپ نے اس سے کہا کہ میں باغ کے مالک سے ملنا چاہتا ہوں، اُسے بھیج دو، اس نے عرض کیا کہ وہ عورت ہے، آپ نے فرمایا کہ اچھا اس سے پوچھ لو۔ میں خود حاضر ہوجاؤں۔

چنانچہ اجازت مل گئی اور آپ اس خاتون کے پاس تشریف لے گئے اور سارا واقعہ اس کو سنایا، خاتون مذکور نے جواب دیا کہ نصف باغ تو میرا ہے اور نصف سلطان کا ہے، اور وہ یہاں نہیں ہیں بلخ تشریف لے گئے ہیں جو بخارا سے دس دن کی مسافت پر ہے، اس نے اپنے سیب کا نصف حصہ تو آپ کو معاف کردیا۔

اب باقی رہا دوسرا نصف، اسے معاف کرانے بلخ تشریف لے گئے، جب وہاں پہنچے تو بادشاہ کی سواری جلوس کے ساتھ جارہی تھی، اس حالت میں آپ نے سارے واقعہ کی بادشاہ کو خبر دی اور نصف سیب کی معافی کے طالب ہوئے، بادشاہ نے فرمایا: اس وقت تو میں کچھ نہیں کہتا کل میرے پاس تشریف لے آیئے، اس کی ایک حسینہ وجمیلہ لڑکی تھی اور بہت سے شاہزادوں کی نسبت کے پیغام اس کے لئے آچکے تھے لیکن اس شہزادی کا باپ یعنی بادشاہ انکار کردیا کرتا تھا کیونکہ لڑکی عبادت اور نیک کاروں کو بہت دوست رکھتی تھی اس لئے اس کی یہ خواہش تھی کہ دنیا کے کسی متورّع (پرہیزگار) زاہد سے اس کا نکاح ہو۔

جب بادشاہ محل میں واپس آیا تو اپنی لڑکی سے ادہم کا سارا واقعہ بیان کیا اور کہا کہ میں نے ایسا متورّع (پرہیزگار) شخص کہیں نہیں دیکھا کہ صرف نصف سیب حلال کرنے کے لئے بخارا سے آیا ہے، جب اس لڑکی نے یہ کیفیت سنی تو نکاح منظور کرلیا۔

جب دوسرے دن ادہم بادشاہ کے پاس آئے تو اُس نے ان سے کہا کہ جب تک آپ میری لڑکی کے ساتھ نکاح نہ کریں گے آپ سے نصف سیب معاف نہیں کروں گا، ادہم نے کمال انکار کے بعد چاروناچار نکاح کرنا منظور کرلیا۔

چنانچہ بادشاہ نے لڑکی کا ادہم کے ساتھ نکاح کردیا جب ادہم خلوت میں اپنی بیوی کے پاس گئے تو دیکھا کہ لڑکی نہایت آراستہ وپیراستہ ہے اور وہ مکان بھی جہاں لڑکی تھی نہایت تکلفات کے ساتھ مزین ہے، ادہم ایک گوشہ میں جاکر نماز میں مصروف ہوگئے حتیٰ کہ اس حالت میں صبح ہوگئی، اور متواتر سات راتیں اسی طرح گزر گئیں۔ اور اب تک سلطان نے سیب کا نصف انہیں معاف نہ کیا تھا اس لئے آپ نے بادشاہ کو یاددہانی کے لئے کہلا بھیجا کہ اب وہ معاف فرمادیجئے۔ بادشاہ نے جواب دیا کہ جب تک آپ کا میری لڑکی کے ساتھ اجتماع کا اتفاق نہ ہوگا میں معاف نہ کروں گا، آخر کار شب ہوئی اور ادہم اپنی بیوی کے ساتھ اجتماع پر مجبور ہوئے، آپ نے غسل کیا نماز پڑھی اور چیخ مار کر مصلے پر سجدہ میں گر پڑے۔ لوگوں نے دیکھا تو ادہم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالیٰ مردہ تھے۔

بعدازاں لڑکی سے ابراہیم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالیٰ پیدا ہوئے چونکہ ابراہیم کے نانا کا کوئی لڑکا نہ تھا۔ اس لئے سلطنت ابراہیم کو ملی آپ کے سلطنت چھوڑنے کا واقعہ مشہور ہے اس کی اصل بھی یہی ہے۔ (سفرنامہ ابن بطوطہ جلد ۱ صفحہ ۱۰۶)

## (۲۴۲) ایک نیکی پر جنت میں داخلہ

قیامت کے دن ایک ایسے شخص کو حاضر کیا جائے گا جس کے میزان کے دونوں پلڑے نیکی اور بدی کے برابر ہوں گے اور ایسی کوئی نیکی نہیں ہوگی جس سے نیکی کا پلڑا جھک جائے، پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے فرمائیں گے کہ لوگوں میں جا کر تلاش کرو کہ تمہیں کوئی نیکی مل جائے جس سے تم کو جنت میں پہنچاؤں۔ وہ شخص بہت حیران و پریشان لوگوں میں تلاش کرتا رہے گا لیکن ہر شخص یہی کہے گا: مجھے اپنے بارے میں ڈر ہے کہ میری نیکی کا پلڑا ہلکا نہ ہو جائے، اور میں تجھ سے نیکی کا زیادہ محتاج ہوں، وہ شخص بہت مایوس ہوگا، اتنے میں ایک شخص پوچھے تجھے کیا چاہئے؟ وہ کہے گا: مجھے ایک نیکی چاہئے! اور میں بہت لوگوں سے مل چکا ہوں جن کی ہزاروں نیکیاں ہیں لیکن ہر ایک نے مجھ سے بخیلی کی ـــــ وہ شخص کہے گا میں نے بھی اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی تھی اور میرے صحیفے میں صرف ایک ہی نیکی ہے، اور مجھے یہ گمان ہے کہ اس سے میرا کوئی فائدہ نہیں ہوگا لہٰذا تو ہی اس کو میری طرف سے ہدیہ لے جا۔ (اور اپنی جان بچا)۔

وہ شخص اس کی نیکی کو لے کر بہت مسرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ملے گا، اللہ تعالیٰ اپنے علم کے باوجود اس سے پوچھیں گے کہ تیری کیا خبر ہے؟ وہ کہے گا: اے میرے رب! اس نے اپنا کام اس طریقہ سے پورا کیا (وہ شخص اپنی پوری حالت وہاں بیان کرے گا) ـــــ پھر اللہ تعالیٰ اس شخص کو حاضر کرے گا جس نے اس کو نیکی دی تھی، اور اس سے اللہ تعالیٰ کہے گا آج کے دن میری سخاوت تیری سخاوت سے کہیں زیادہ ہے، لہٰذا اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑ اور تم دونوں جنت میں چلے جاؤ۔

(التذکرۃ جلد ۱ صفحہ ۳۱۰، زرقانی جلد ۱۲ صفحہ ۳۶۰)

## (۲۴۳) والد کے ساتھ خیر خواہی پر جنت میں داخلہ

ایسا ہی ایک دوسرا واقعہ ہے کہ ایک شخص کے میزان کے دونوں پلڑے برابر ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے تو نہ جنتی ہے اور نہ جہنمی ہے، اتنے میں ایک فرشتہ ایک صحیفہ لا کر اس کے میزان کے ایک پلڑے میں رکھے گا جس میں ''اُف'' (والدین کی تکلیف وصدمہ کی آواز) لکھا ہوا ہوگا، جو بدی کے پلڑے کو وزنی کر دے گا، اس لئے کہ وہ (اُف) ایسا کلمہ ہے جو دنیا کے پہاڑوں کے مقابلہ میں بھاری ہے۔ چنانچہ اس کے لئے جہنم کا فیصلہ ہوگا، وہ شخص اللہ تعالیٰ سے جہنم سے نجات کی درخواست کرے گا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائیں گے اس کو واپس لاؤ، پھر اللہ تعالیٰ اسے کہیں گے اے ماں باپ کے نافرمان! تو کس بناء پر جہنم سے چھٹکارے کی درخواست کرتا ہے؟! وہ شخص کہے گا:

اے رب! میں جہنم میں جانے والا ہوں مجھے وہاں سے چھٹکارا نہیں کیونکہ میں والد کا نافرمان تھا، اور میں ابھی دیکھ رہا ہوں کہ میرا باپ بھی میری طرح جہنم میں جانے والا ہے لہٰذا میرے باپ کے بدلہ میرا عذاب دوگنا کر دیا جائے اور ان کو جہنم سے چھٹکارا دیا جائے۔

یہ بات سن کر اللہ تعالیٰ ہنس پڑیں گے اور فرمائیں گے۔ دنیا میں تو اس کا نافرمان تھا اور آخرت میں تو نے اس کو بچا دیا، پکڑ اپنے باپ کا ہاتھ اور دونوں جنت میں چلے جاؤ۔ (التذکرۃ للقرطبی جلد ۱ صفحہ ۳۱۹، زرقانی جلد ۱۲ صفحہ ۳۱۹)

## (۲۲۴) امانت کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنے کا عجیب واقعہ

علامہ دمیری رَحِمَهُ اللهُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں: بہت سی کتابوں میں یہ روایت دیکھی ہے جس کو زید بن اسلم نے اپنے والد کے حوالہ سے نقل کیا ہے، کہتے ہیں کہ حضرت عمر رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنْهُ بیٹھے ہوئے لوگوں سے مخاطب تھے، تو ایک شخص اپنا لڑکا ساتھ لئے ہوئے حاضرِ مجلس ہوا، اس کو دیکھ کر حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنْهُ نے فرمایا کہ میں نے نہیں دیکھا کسی کوے کو جو زیادہ مشابہ ہو اس کوے سے یعنی ایک کوا دوسرے کوے سے جیسی مشابہت رکھتا ہو ایسی مشابہت باپ اور بیٹے میں ہے۔

اس شخص نے جواب دیا کہ اے امیر المؤمنین! اس لڑکے کو اس کی والدہ نے اس وقت جنم دیا جب کہ وہ مر چکی تھی، یہ سن کر حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللهُ تَعَالیٰ عَنْهُ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا کہ اس بچہ کا قصہ مجھ سے بیان کرو، چنانچہ اس شخص نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! ایک مرتبہ میں نے سفر کا ارادہ کیا اس وقت اس کی والدہ کو اس کا حمل تھا، اس نے مجھ سے کہا کہ تم اس حال میں مجھ کو چھوڑ کر جا رہے ہو کہ میں حمل کی وجہ سے بوجھل ہو رہی ہوں، میں نے کہا: اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ مَا فِيْ بَطْنِكِ میں اس بچہ کو جو تیرے بطن میں ہے اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔

یہ کہہ کر میں سفر میں روانہ ہو گیا اور کئی سال کے بعد گھر واپس آیا تو گھر کا دروازہ مقفل پایا، اوروں سے معلوم کیا کہ میری بیوی کہاں ہے؟ انہوں نے کہا کہ اس کا انتقال ہو گیا، میں نے: اِنَّا لِلّٰهِ پڑھا، اس کے بعد اپنی بیوی کی قبر پر گیا۔ میرے چچازاد بھائی میرے ساتھ تھے میں کافی دیر تک قبر پر رُکا رہا، اور روتا رہا، میرے بھائی نے مجھے تسلی دی اور واپسی کا ارادہ کیا اور مجھے لانے لگے، چند گز ہی ہم چلے ہوں گے کہ مجھے قبرستان میں ایک آگ نظر آئی میں نے اپنے چچازاد بھائی سے پوچھا: یہ آگ کیسی ہے؟

انہوں نے کہا کہ یہ آگ روزانہ رات کے وقت بھابھی مرحومہ کی قبر میں نمودار ہوتی ہے، میں نے یہ سن کر اِنَّا لِلّٰهِ پڑھا اور کہا: عورت بہت نیک اور تہجد گزار تھی تم مجھے دوبارہ اس قبر پر لے جاؤ۔ چنانچہ وہ مجھے قبر پر لے گئے جب میں قبرستان میں داخل ہوا تو میرے چچازاد بھائی وہیں ٹھٹھک گئے، اور میں تنہا اپنی مرحومہ بیوی کی قبر پر پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ قبر کھلی ہوئی ہے اور بیوی بیٹھی ہے، اور یہ لڑکا اس کے چاروں طرف گھوم رہا ہے، ابھی میں اس طرف متوجہ تھا کہ ایک غیبی آواز آئی کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی امانت سپرد کرنے والے! اپنی امانت واپس لے لے۔ اور اگر تو اس کی والدہ کو بھی اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا تو وہ بھی تجھ کو مل جاتی، یہ سن کر میں نے لڑکے کو اٹھا لیا میرے لڑکے کو اٹھاتے ہی قبر برابر ہو گئی۔ امیر المؤمنین! یہ قصہ جو میں نے بیان کیا اللہ کی قسم! صحیح ہے۔ (حیاۃ الحیوان جلد ۲ صفحہ ۱۸۰)

## (۲۲۵) ستائیس سال کے بعد اللہ کے راستہ سے واپس آنا

حضرت امام ربیعہ الرائے رَحِمَهُ اللهُ تَعَالیٰ کے والد ابو عبدالرحمٰن فروخ کو بنو امیہ کے عہد میں خراسان کی طرف ایک مہم پر جانا پڑا، اس وقت ربیعہ شکمِ مادر میں تھے، فروخ نے چلتے وقت اپنی بیوی کے پاس تیئس (۲۳) ہزار دینار گھر کے اخراجات کے لئے چھوڑ دیئے تھے۔ خراسان پہنچ کر کچھ ایسے اتفاقات پیش آئے کہ فروخ پورے ستائیس برس تک وطن (مدینہ) واپس نہ آ سکے۔

ربیعہ کی والدہ نہایت روشن خیال اور عقل مند تھیں، ربیعہ سن شعور کو پہنچے تو انہوں نے ان کے لئے تعلیم کا اعلیٰ سے اعلیٰ انتظام کیا، اور اس سلسلہ میں جتنا روپیہ ان کے پاس تھا سب خرچ کر ڈالا، ستائیس برس کے بعد جب فروخ مدینہ واپس آئے تو اس شان سے کہ گھوڑے پر سوار تھے اور ہاتھ میں ایک نیزہ تھا مکان پر پہنچ کر نیزے کی نوک سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ دستک سن کر ربیعہ دروازے پر آئے، باپ بیٹے آمنے سامنے، لیکن ایک دوسرے سے بالکل ناآشنا تھے، ربیعہ نے فروخ کو اجنبی سمجھ کر کہا:

"يَا عَدُوَّ اللّٰهِ! اَتَهْجُمُ عَلٰى مَنْزِلِيْ؟ فَقَالَ لَا، وَقَالَ فَرُّوْخُ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ! اَنْتَ رَجُلٌ دَخَلْتَ عَلٰى حُرْمَتِيْ."

تَرْجَمَہ: "اے اللہ کے دشمن! تو میرے مکان پر حملہ کرتا ہے فروخ بولے، نہیں۔ بلکہ اے اللہ کے دشمن! تو میرے حرم میں گھسا ہوا ہے۔"

اسی میں بات بڑھ گئی اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ دونوں ایک دوسرے سے دست و گریبان ہوگئے، اس شور وغل اور ہنگامہ کی آواز سے آس پاس کے لوگ جمع ہوگئے شدہ شدہ خبر امام ملک بن انس رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو بھی پہنچ گئی۔

ربیعہ اس وقت عمر کے لحاظ سے نوجوان تھے لیکن ان کے علم وفضل کا چرچا دور دور تک پھیل گیا تھا اور امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی جیسے ائمہ حدیث ان کے درس میں شریک ہوتے تھے ـــــ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی اور ان کے بعض دوسرے مشائخِ وقت اس لئے یہاں آئے تھے کہ اپنے استاذ حضرت ربیعہ کی امداد کریں، امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی جس وقت یہاں پہنچے تو ربیعہ اس وقت فروخ سے کہہ رہے تھے۔

خدا کی قسم! میں تم کو بادشاہ کے پاس لے جائے بغیر نہیں مانوں گا، اس وقت فروخ کہتے ہیں: اور میں تم کو کس طرح بادشاہ کے سامنے پیش کرنے سے باز رہ سکتا ہوں جب کہ تم یہاں میری بیوی کے پاس ہو، لوگ درمیان میں بیچ بچاؤ کر رہے تھے، شور و شغب برابر بڑھتا ہی رہا، یہاں تک کہ لوگوں نے امام عالی حضرت مالک بن انس کو آتے ہوئے دیکھا تو سب چپ ہوگئے۔ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے آتے ہی فروخ سے مخاطب ہوکر فرمایا بڑے میاں! آپ کسی دوسرے گھر میں قیام کر لیجئے، فروخ بولے یہ تو میرا ہی گھر ہے، میرا نام فروخ ہے اور میں فلاں کا غلام ہوں۔

حضرت ربیعہ کی ماں نے اندر سے جو یہ سنا باہر نکل آئیں۔ اور انہوں نے کہا: ہاں یہ فروخ میرے شوہر ہیں، اور یہ ربیعہ میرے لڑکے ہیں، فروخ جب خراسان کی مہم پر جا رہے تھے ربیعہ میرے شکم میں تھے ـــــ اس حقیقت کے کھل جانے پر باپ بیٹے دونوں نے معانقہ کیا اور خوب مل کر روئے اور فروخ گھر میں داخل ہوئے، اور بیوی سے ربیعہ کی طرف اشارہ کر کے پوچھا یہ میرا لڑکا ہے؟ وہ بولیں ہاں!

تھوڑی دیر کے بعد فروخ نے بیوی سے اس روپیہ کے متعلق دریافت کیا جو وہ خراسان جاتے ہوئے ان کو دے گئے تھے، اور کہا کہ لو میرے ساتھ یہ چار ہزار دینار ہیں، یہاں یہ سب روپیہ حضرت ربیعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی تعلیم پر خرچ ہو چکا تھا۔ بیوی بولیں میں نے وہ مال دفن کر دیا ہے چند روز میں نکال دوں گی ابھی ایسی جلدی کیا ہے؟ معمول کے مطابق حضرت ربیعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی وقت پر مسجد میں تشریف لے گئے اور درس شروع کر دیا۔ حضرت امام مالک، حسن بن زید رحمہما اللہ تعالیٰ، ابن ابی علی اور دوسرے اعیانِ مدینہ شریک تھے۔

والدۂ ربیعہ نے درس کا وقت پہچان کر فروخ سے کہا کہ جاؤ نماز مسجدِ نبوی میں پڑھنا۔ اب فروخ یہاں آئے نماز پڑھی پھر انہوں نے دیکھا کہ درسِ حدیث کا ایک زبردست حلقہ قائم ہے، ان کو سننے کا شوق ہوا حلقہ کے قریب چلے آئے، لوگوں نے اُن کو دیکھ کر راستہ دینا شروع کیا۔ حضرت ربیعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے درس میں خلل پڑنے کے خیال سے سر جھکا لیا، اور ایسے ہوگئے کہ گویا انہوں نے دیکھا ہی نہیں، فروخ اس حالت میں ان کو شناخت نہ کر سکے، لوگوں سے پوچھا:

"مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ؟ فَقَالُوْا لَهُ هٰذَا رَبِيْعَةُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمَانِ."

تَرْجَمَۃ: "یہ کون ہیں؟ لوگوں نے ان کو جواب دیا: ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن۔"

ابوعبدالرحمٰن فروخ فرطِ مسرت سے بے تاب ہوگئے اور کہنے لگے اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹے کا مرتبہ بلند کیا ہے۔ گھر واپس آئے تو بیوی سے بولے میں نے آج تمہارے بیٹے کو ایسی شان میں دیکھا ہے کہ کسی صاحبِ علم وفقہ کو نہیں دیکھا۔

اب حضرت ربیعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی والدہ نے کہا آپ کو کیا چیز زیادہ پسند ہے؟ وہ (۳۰) ہزار دینار یا یہ جاہ ومنزلتِ علمی؟ فروخ بولے اللہ تعالیٰ کی قسم! یہ وجاہت زیادہ محبوب ہے، کہنے لگیں، میں نے وہ سب روپیہ اس پر صرف کر دیا ہے، فروخ نے کہا تم نے وہ روپیہ صحیح مصرف میں خرچ کیا ہے۔ (تاریخ بغداد جلد ۸ صفحہ ۴۲۰)